نصیب اسکو ہوا ہی تب کہیں تیر آپ کے قد کا

نہیں ہیں جالیاں اطراف مشتاقون کی آنکھیں ہیں
کہ کھل جاوے کبھی دروازہ شاید تیرے مرقد کا

تری دولت سے زلفِ حرص ہوگی پانون میں بیڑی
مجھے سودا نہیں جو انس ہووے مار اسود کا

دُرِ مقصد ہے تو مے عارفون کے جیب و دامن
لگا یا غوطہ جب دم قلزم عرفان احمد کا

بلا شک تیرا دروازہ ہی میرا کعبۂ ایمان
ترا ہر سنگِ در ہم مرتبہ ہی سنگ اسود کا

دکھایا سبز بخت خواب نے جو سبزہ یثرب
نظر ہی پر نہ پھر سبزہ چڑھا چرخ زبرجد کا

بلا سے سر اُڑا دے میرا تیغ ابرو ناخن
وفور شوق سے پر لونگا بوسہ پائے احمد کا

مرے پنجے میں زور پنجۂ عشق پیمبر ہے
مقابل کیا ہو دیو نفس میری توڑ دیگا

کرے تقریر کب میری زبانِ تیغ گنگے
اگر سحبان دیکھے کاٹ اس تیغِ مہند کا

مری آنکھوں کے ڈورے بلیں ہوں اور پتلیاں بوٹے
مری آنکھوں کے پردے حاشیہ ہوں تیری مسند کا

لگاؤں آنکھ چشمِ دل میں خاکِ در کی خواہش ہے
پیوں دھو دھو کے پانی آپکے تعویذ مرقد کا

نقوشِ نجیۂ کفشِ نبی پلکیں بنیں یا رب
نشانِ کفشِ پا دیدہ ہو میرے شوق بیحد کا

خطِ سبزِ نبی ہو دیکھ لو چشمِ تصور میں
سنا ہو ورنہ کس نے سیپ میں ہونا زمرد کا

مقامِ قاب قوسین ایک دم میں ہو گیا حاصل
ترے نزدیک ہو اقرب سفر اس بُعد الابعد کا

جو رضوان مانگے کوثر کے عوض بھی تو نہ بدلوں میں
ملے پانی اگر دھویا ہوا تعویذ مرقد کا

خدا خود دیکھتا ہے جس میں حسنِ بے نظیر اپنا
ہے وہ ای سرورِ کونین آئینہ ترے خد کا

گرے نورِ کلس سے برقِ طور قلب پر یا رب
ملے تا دیدۂ باطن کو سرمہ شوق بیحد کا

بدولت آپکی حق نے رکھا موقوف یا سرور
قیامت پر عذاب شرک ہر کافر کا مرتد کا

خیالِ عارضِ شہ ہے میں اختر سا جو ہے گردان
تو عالم ہے دلِ پُرنور میں برجِ مُشیّد کا

نبی نے ہر گرہ میں جان دی ہے لہائے عالم کو
یہی تو ہے سبب گیسو میں مویانِ مُعَقَّد کا

لکھے ہین وصف جو گلہاے گلزار مدینہ کے
مرا ہر شعر رنگین طرہ ہی دستار فرقد کا

مرے سینہ مین داغ حسرتِ دیدار مولا ہی
ہوا ہی مطلع خورشید گوشہ میرے مرقد کا

رکھے یہ سلسلہ تا گردن دل طوق گیسو مین
خدا اپنے کرم سے عشق بھی دے تو ترے خد کا

کمی کیا ہوگی راسخ شاعرون کی خوشہ چینی سے
مرے ہر خوشہ مین خرمن ہی مضمون مجدد کا

دیگر

نظر آتا ہی اک مدت مین شمسہ تیرے گنبد کا
ستارہ اوج پر ہی بختِ چشم شوق بیحد کا

ہمارا مدعا حاصل ہی تیری ذات اقدس سے
لیا جب نام تو پہونچا ہدف پر تیر مقصد کا

گلستان مین بہار گلستان کیا ہی غیر سے
تصور کرکے رویا مین نے جس دم آپکے قد کا

ہی زینت ہے تیر فرش فکر سے عرش مضامین کی
دل شیدا ہی میرا تخت شاہ نعتِ احمد کا

شب معراج مین تیرے قدم لیتے تھے بڑھ بڑھ کر
زبان انبیا پر حملہ تھا ہر دم خوش آمد کا

جو اس سے اسکو زینت ہی تو اسکو اس سے رونق ہی
ہی سینہ آپکا فانوس شمع راز ایزد کا

محبون کا ہی تیرے حب سے مدعا حاصل
تیرے اعدا ہی دایم غیب سے دربند مقصد کا

جو کہ بات وہ سرو میں کہدوں تو کھینچے دار پر الفت
کہ اسمیں طرز رفتار اور نہ اسمیں نقشہ ہی قد کا

زبان رخ سے گیسوئے فرشتہ یہ کہتے ہیں
معما حل نہیں ہوتا ہی اس بیت معقد کا

نہیں جو ہر کسے حلقے بار کے ڈوری میں بندھے ہیں
پھنسے ہیں طائر دل معجزہ ہی تیغ احمد کا

کریں معو لا اطلب تو زایروں کی طرح جا پہونچوں
لگا رہتا ہی دیدہ سوے روضہ سنگ اسود کا

عروج اس برج کا ہی درک سے باہر اس اختر سے
خیال خال رہتا ہی جو دل میں آپکے خد کا

اگر موسی لگالیں دوربین شمۂ روضہ
تو لمعہ بیحجاب آئے نظر نور مجرد کا

لگیں پاؤں کی کیا خوب ہی زنجیر گردن میں
کہ دیوانہ ازل سے ہوں کف پای محمد کا

خیال روضۂ پر نور پھرتا ہی مرے دل میں
مرا سینہ ہی مطلع آفتاب نور مرقد کا

تمنا ہی بجائے چشم ہوں روزن ترے در کے
بجائے دل مرے سینے میں ہو تعویذ مرقد کا

مرا معنی ہی مامون دستبرد دزد مضمون سے
مشابہ نعت سے ہر شعر ذوالقرنین کی سد کا

تمنا ہی اسی دوران سر میں خاتمہ ہووے
نہ جائے سر سے سودا آپ کی زلف مسود کا

ولایہ گنبد پر نور ہی یا چرخ ہشتم ہی
کلس گنبد پہ ہی یا جیغہ ہی دستار مرقد کا

فدا ہو گی نکلکر تن سے ماہ روے حضرت پہ / ہی تا دیدار عالم روح مین کہ کب مقید کا

شرر سان ہے تیرے آگے ہوش اڑے آتش زبانون کے / ہی گویا فخر سے شعلہ تمھاری شمع مرقد کا

شب فرقت مین میرے ہول دل کے واسطے شاہا / تصور ہی کفایت آپ کے تعویذ مرقد کا

فدا ہم ہون نہ کیون خالق کی اس فرد نوازی پہ / کیا خورشید عالمتاب امکان میم احمد کا

گل مطلب سے تیرے عزم سے ہی عزم پر دامن / ہی تیرے قصد سے مقصود حاصل قصد مقصد کا

زبان ہر معنے تو بھی بیان اس شکر کا کب ہو / کیا ہی حق نے جو ہر دہ ہمین خدام احمد کا

ہوا ہی جسم غم سے مثل موے زلف ہی شاہد / مشابہ سر سے ہی ہر عقدہ موے معقد کا

ہی رشک اس روضے نے کیا شوق مین قالب تہی کرکے / لیا ہی پیار سے آغوش مین محبوب مرقد کا

مرینگے اور محشر ہووے تیری نعت خوانی مین / دو عالم مین اٹھاؤن لطف اس عیش مخلد کا

چلون راہ طلب مین سے گر مثل قلم ناسخ / تو آغاز آے شاید ہاتھ وصف پاے احمد کا

در منقبت حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

شرار آتش برقی کہ شعلہ زد سر طور / ز نور حیدر صفدر نمودہ بود ظہور

ہو حبّت اسم کا درجہ تو کیا حمد مسمّےٰ ہو
کہ پایہ عرش سے برتر ہی پلے اسم احمد کا

خیال خطِ سبزۂ شاہ مین ہر دم جو روتا ہون
ریاض عشق مین چھڑکا وہی آب زمرد کا

مجھے سوز و گداز عشق سے یہ جاے پائی ہی
شگفتہ رنگ گل ہر گل ہی تیری شمع مرقد کا

مرے نور سخن سے چشم اعدا کیون نہو خیرہ
کہ ہی ہر لفظ مین خورشید معنائے موقّد کا

جب ایسے رشک یوسفؑ کا نہ دیکھے چہرۂ انور
نہ کیون یعقوبؑ سا حال ہو چوب مسند کا

مثال شیشۂ بلور تابان جسم امکان ہی
کہ مانند پری وارد ہی اسمین نور احمدؐ کا

ہوئی فکر رسا عالی وہ تیرے وصف عارض سے
امل سے ہی زیادہ طول زلف مجعّد کا

بھلا جب کرسی روضہ ہی برتر ہوئے کرسی سے
تو ہمسر عرش کب ہو روضۂ پر نور احمد کا

لیا آغوش مین جو کہکشان نے ہاتھ پھیلا کر
اُڑا ہی ہوش روضہ دیکھکر چرخ زبرجد کا

لب گردوں سے گویا چرخ ہی خورشید دکھلا کر
کہ بیجا ہی تفکر امتیاز سایۂ قد کا

بہت مضمون طبع شوخ مین ہین شعبدے ایسے
تماشا مت دکھا اے چرخ امثال مجدّد کا

مرے انوار عرفان دیکھکر حیران ہین عارف
بندھے گر بازو دل پر مرے تعویذ مرقد کا

فرشتون ہی کے لب پر کیا ہمیشہ اسم اقدس ہی
زبان انبیا پر ورد ہی حمد محمد کا

ہے دن نزع مین آسیب دشمن سے تمنا ہی
ملے پانی مجھے دھویا ہوا تعویذ مرقد کا

یہی ہی آرزو میری کہ وقت نزع بھی شاہا
رہے پھرتا ہوا آنکھون مین نقشہ تیرے گنبد کا

جو پوچھے حشر مین شیطان سے منکر اپنی راحت کے
کہے معنا راحت لفظ شادی سے ندارد کا

جو دیکھی اسکی وسعت آنکھ سے تو مارے خجلت کے
ہوا بوٹہ سمٹ کر عرش اعظم تیری مسند کا

جو حاسد کو ہوا ب بھی امتحان کی آرزو ماسخ
کہو آکر سنے اور اک قصیدہ نعت احمد کا

دیگر

کلاہ فخر پھینکے عرش پر محراب معبد کا
ملا ہی اس کمان کو تیر کیا خوب آپ کے قد کا

لیا ہی مین نے ہو کر خاک بوسہ پائے احمد کا
طریقہ عجز نے کیا خوب تبلایا خوشامد کا

نبی کے عشق سے کرتا ہون سیر عالم بالا
سند یہ ہی کہ ہی مسند الیہ سے رفع مسند کا

قدم سے نعت مین لاتی ہی ممکن پر ہر اک مضمون
یہ نقشہ میری بحر طبع کے ہی جزر کا مد کا

کہ کثرت عین وحدت اور وحدت عین کثرت کی
اشارہ ابرو جاسے ہی میم اسم احمد کا

شہا توئی کہ زعون مہابت عدلت — شود بجنگل شیر آشیانہ عصفور

بہ بزمگاہ طریقت تو میر صدر نشین — بدرسگاہ شریعت معلم جمہور

چرا نہ مست شود ہر ولی بمحفل فقر — کہ از کلام عذوبت چکد شراب طہور

شدی نصیب نہ اصلا گہش قرار و سکون — بقلب عرش نگشتی چو از قضا مستور

بحسب جود نبی اجود و کریم علیؑ — بحکم شرع محمد شہ و علی دستور

بشام و روز عناد و ولات حق شاہد — نہ فرق کرد توان سنکر ازظلمت و نور

انا مدینۃ علم علیہا بابٌ — شہا توئی کہ بشان تو آمد این منشور

جہان نوری و نام تو حرز بازو بان — کہ انیست ورد زبان از پی اناث و ذکور

علیؑ شہید علیؑ شاہد و علیؑ مشہود — علیؑ امیر و علیؑ آمر و علیؑ مامور

علیؑ لطیف و علیؑ الطف و علیؑ اعلے — علیؑ غفور و علیؑ غافر و علیؑ مغفور

علیؑ نصیر و علیؑ عابد و علیؑ امجد — علیؑ شریف و علیؑ اشرف و علیؑ منصور

علیؑ حبیب علیؑ دلبر و علیؑ دلدار — علیؑ نظیر و علیؑ ناظر و علیؑ منظور

علیؑ خبیر و علیؑ مخبر و علیؑ واصل — علیؑ شهیر و علیؑ اشهر و علیؑ مشهور
علیؑ حمید و علیؑ حامد و علیؑ محمود — علیؑ حلیم و علیؑ صابر و علیست شکور
علیؑ شفیق و علیؑ مشفق و علیؑ حامی — علیؑ معین و سخی و قسیم حور و قصور
علیؑ رحیم و علیؑ راحم و علیؑ ارحم — علیؑ ظهیر و علیؑ ظاهر و علیؑ مستور
علیؑ حبیب و علیؑ طالب و علیؑ مطلوب — علیؑ امین و علیؑ مخزن و علیؑ گنجور
علیؑ بصیر و علیؑ شاهد و علیست وصی — علیؑ مزید و وحید و علیست قلزم نور
علیؑ ولی و علیؑ والی و علیؑ مولا — علیؑ طبیب و علیؑ مرهم جروح صدور
علیؑ فقیر و علیؑ صوفی و علیؑ کامل — علیؑ ذکی و علیؑ ذاکر و علیؑ مذکور
بعهد او چو شود شمع الفتت روشن — بصبح خنده زضوئیت زند شب دیجور
دل حزین شده سبز از خیال خسارت — ز ریز زنگ زمرد بیافت از کافور
بود که از سر الطاف الفتت رونه — خرابهٔ دل غم آشنا کند معمور
ز عین شوق بنظارهٔ جمال رخش — ز حجم هران همه تن چشم شده بهین با طور

زیاد

فلک بخیمۂ خود ساخت مہچۂ زرین — بدین امید کہ شاید گہش کنی منظور

ازت بتافت رخ اشرار از آنکہ دریابد — بقہر حق ز شرار سقر جزاے شرور

بہ فیض سایہ ببخشد نشاط تا بیدی — شہا رسد چو بہ دیوار در گہت رنجور

دعا بدرگہ عشقت از سر لذت — کہ زخم ناوک دردت بدل کند ناسور

ز ظلم نفس بہر ساعت اندہست نوی — تو خود بگو کہ تا کے بمانم آہ صبور

برادرس نہ کنون ماندہ است تاب و توان — شہا بلطف رسانم بجامع قدسی سور

بنا توان دہد ار لطف تو توانائی — بزور پیل نہ گاہے زجاے جنبد مور

بنیش نہ دارا لامانت ہیچ در دو جہان — کہ گشتہ است عدوی تو جاودان مقہور

چنان بوعظ تو آوازہ عام افتادہ است — کہ زخمۂ بنوا آورد اگر طنبور

شہا بجاسۂ تاثیر شرح توحیدت — رسد بگوش موحد ترانۂ منصور

ز جسم جان برود در محبت شادان — شہا دمیکہ اجل آیدم بحکم غفور

شہم شہ رسل و حیدر است مولایم — بعشق تو بنکیرین گویم اندر گور

ببکر بادهٔ این قول مست برخیزم
بفضل خالقِ هر دو جهان بروز نشور

بجهل منکر تو ره نمی توان بریدن
گناه شمع کجا خود کسی چو باشد کور

محیّ مرده دلانی ببزم همچو مسیح
برزم ماحی اعدا به بانگِ نفخهٔ صور

بدرگهت نجوم خدم شود پامال
چو ذره گوهر اکلیل قیصر و فغفور

گلیم دین محبّین و حسن به بخشایم
که هیچ گنج نه خواهم نه حلهٔ سیفور

مرا رسد که بسیه روت آورم بدرت
ترا سزد نه شوی از کمال جود نفور

بدین گناه ز سعیت شها عجب نه بود
بذیل عفو چو در پوشدم خدای غفور

شها امید قوی در فضای رستاخیز
که گیری از کرمت دست پاسخ رنجور

درت کلید بود تا بقفل مشکل خلق
که تا شود ز می فیضت اولیا مخمور

جهان بدارد امر تو در مطاوعتت
چو حرف جار که مابعد خود کند مجرور

در مدح حضرت محبوب سبحانی

کهوں کیا که هوں زار یاغوث الاعظم
که هے تم په اظهار یاغوث الاعظم

ہوئی جاتی ہے غرق کشتی ہماری | کریں آپ لے پار یاغوث الاعظم

دعا کیجیے تا اس شیطان سے پاؤں | کہ ہوں میں گنہگار یاغوث الاعظم

خدا و رسول خدا کا وہ دشمن | ہو تم جس سے بیزار یاغوث الاعظم

دوا کیجیے تا شفا ہو میسر | ہے دل میرا بیمار یاغوث الاعظم

کیا نفس نے خواب غفلت سے غافل | مجھے کیجے بیدار یاغوث الاعظم

خدا کے لیے کیجیے دستگیری | کہ ہوں سخت لاچار یاغوث الاعظم

ولی جتنے ہیں سب ہیں خادم تمہارے | ہو تم سب کے سردار یاغوث الاعظم

رہے مجھسا احقر ہی محروم اور ہو | تمہارا سا دربار یاغوث الاعظم

غلام آپ کا ہوں مجھے در سے اپنے | نکالو نہ زنہار یاغوث الاعظم

تم اپنی شراب محبت پلا کر | کرو مجھکو سرشار یاغوث الاعظم

کہیں وہ بھی دن آئے یہاں سے سفر ہو | تمنا ہے بسیار یاغوث الاعظم

چلوں شوق میں سوے بغداد سر سے | زبان پر ہو ہر بار یاغوث الاعظم

پہونچکر کرون آپ کے آستان پر — مین جان اپنی ایثار یاغوث الاعظم
وہان مرغ اوہام کے پر شکستہ — جہان آپ سیار یاغوث الاعظم
رہا کیجے مجھکو کہ زلف ہوس مین — ہوا ہون گرفتار یاغوث الاعظم
مجھے دشت حیرت سے جلدی نکالو — کہ پھرتا ہون بیکار یاغوث الاعظم
مرے زخم کے آپ ہی چارہ گر ہین — کہ ہون مین دل افگار یاغوث الاعظم
نہ تڑپائیے ہجر مین میرے دل کو — کہ ہین آپ دلدار یاغوث الاعظم
ہی وہ خاص منکر رسول خدا کا — جسے تمسے انکار یاغوث الاعظم
بچا لیجیے نفس سرکش سے مجھکو — کہ موذی ہی یہ مار یاغوث الاعظم
تو پھر چال کبک اپنی بھولے جو دیکھے — تمھاری یہ رفتار یاغوث الاعظم
مری مشکلون کو کرو جلد آسان — کہ تم ہو مددگار یاغوث الاعظم
غم حرص کو میرے دل سے نکالو — کھٹکتا ہی یہ خار یاغوث الاعظم
یہی عرض ہی پاسخ مبتلا کی — کہ دکھلاو دیدار یاغوث الاعظم

آغاز دیوان نعتیه

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انت علیم من حالی ما فی بالی لا یخفیٰ — دفع سواده لم یکن مالا تمحو یا مولا

یبکی قلبی فی وار فوق جدار اضرمه — ان اصیب من جزع حتی سما رو اویلا

حین اسیت یا ربی ورد لسان یا احمد — لما قمت فی فود کان محمد صلی علی

اعطا نفسی نعلیک ان علیه اوضعه — ان امامی من حبیب حتی عرش لا یقبل

من فرط بیا لغیرہا بار جوا الامن فی اناکسه — الی الاتہم فی حشر کان لعاص ماملجا

ارحم انی مسکین یا تندہبنی یا خادم	ان ادعو ہذا ابا گاشم سواہ ماما وا
انظر لما اعما لالا ارجو ہل لی زاد	اَنّ اری مارحمتک یشبر فودی لا اخشیٰ
امی علیک یا مولا انت معین فاطلبنی	ان اجبی ان شئت اسکن ثمۃ این انی
انت کریم لم تاخذ لا تبصرنی عن قہرٍ	مئین انفاسی ان تنہر نعم حیاتی اِن ترضی
نیزع روحی فی شوق حیّ حیلبی ما انت	ارفع ازہر من وجہٍ کل حجاب حتی اریٰ
لا یحصلی ذنبی الا اذہب این من بابک	جئت جاءً لا تنہی یا محبوبی قل لالا
تخاف لما فی فلک تمدّ یا مولا نوحا	تتبع شرعک اذ جاء یفخر من ہذا علیلی
مامن نیظر فی العالم ہم اقبح من ہجر	قم لا تغنی ادرکنی سوف امیت یا مولا
من ینکر مولا منک کان شقی تا بیدًا	یرعب خفاش ظلماً لا یدری اعمی بضیا

عشق نبی فی طینی من میثاق یا یا سنخ
یدخل نارٌ فی قلبی ان وقدتہ من ہذا

مجھے روز ازل سے عشق ہی محبوبِ داں کا	مرا دل آسماں ہی آفتاب نورِ ایماں کا

تصور مردم دیدہ کو کب ہی شہ کے دندان کا
یہ ابر رحمت حق مین ہی جلوہ برق خندان کا

ہوں نعلین پای نازنین سرور عالم
یہی ہی شوق اب ہر لحظہ میری چشم حیران کا

دل پر داغ سوز عشق حضرت سے ہی وہ نگین
کہ ہی روح القدس بھی ایک بلبل اس گلستان کا

تہ ابرو نہیں ہی خال ہی حضرت کے عارض پر
یہ کعبے مین بلال نیک خو حافظ ہی قرآن کا

در حضرت کی دربانی نے وہ شاہی ہے مجھے بخشی
کہ ہی شمس فلک بھی ایک شمسہ میرے ایوان کا

کھلی ہین سوے روضہ دیدۂ عشاق حیرت سے
در محبوب یزدان پر ہی عالم نرگستان کا

ضیاے پاے حضرت سے ہوئی نعلین وہ روشن
مقابل ہو سکے کیا منہ ہی خورشید درخشان کا

خیال آتش حضرت ہی ہماری چشم پر نم مین
ہی گویا پردۂ ظلمت مین چشمہ آب حیوان کا

اٹھونگا عشق ابروے نبی مین طوق در گردن
مرے ہاتھون مین ہوگا سلسلہ گیسوے پیچان کا

لب شاہ رسل سے ہی دل پر داغ کو الفت
کہ اس گوہر سے ہی رنگ لعل بدخشی میرے گلستان کا

یہ کب پشت لب رنگین شہ پر سبزہ خط ہی
یہ ہی قفل زمرد باب لعل گنج عرفان کا

غم حضرت مین ہی وہ سینہ پر داغ کی وسعت
کہ باغ خلد بھی ہی ایک خط اسکے میدان کا

نہ جا عارض پہ طفل اشک بچ دست غم شہ سے
کہ یہ رستہ ہی میرے سکو چہ چاک گریبان کا

نہ دی کچھ تاب ہی قسمت نے جا میدان تیر بین
اسی غم سے جگر خون ہو گیا کوہ بدخشان کا

سیاہی زخم دل ای ہجر شہ تا دم رہے باقی
نہو نگا دشنۂ غم سے جو کانٹا ایک بھی ٹانکا

کیا ہی دل مین وزن تیر مژگان پیمبر نے
کہ تا اس دوربین سے دیکھ لون دیدار جانان کا

بچونگا حرص دنیا سے کہ ہون مین خادم حضرت
نہ پھندا پانون مین آئیگا اس زلف پریشان کا

وضو سے آشنا خوان محفل میلاد مین ہو دل
ادب ہی فرض یان دربار ہو شاہ شاہان کا

اجابت کیون نہ میرے تیر مقصد کا نشانہ ہو
کہ ہون مین خاک کوس در کہ معشوق یزدان کا

شجر مشعل شرر گل سنگ اخگر آہ سوزان سے
غم شہ مین نمونہ ہی سقر میرے بیابان کا

نہ کیون ہو بدر عرفان ہی اسیر گیسوی حضرت
کہ ہی دیکھو شب قدر اسم تیرے دل کے زندان کا

صدف مین آ گیا عقد ثریا کیا تماشا ہی
تصور ہی دل شیدا مین جو حضرت کے دندان کا

دکھیگا بعد مردن ہی جمال سرور عالم
غم مایوسی دیدار نشتر ہی رگ جان کا

غم شہ نے مرادین قتل کی ہین چرخ سینہ مین
دل روشن ہی بیضا مشرق خون شہیدان کا

نہوگی غرق کشتی فضل حق سے بحر عصیان مین
کہ شاہ دین محمد نام ہی میرے نگہبان کا
ہی عرش پاک فرش آستان سرور عالم
ہر اک ذرے کو ہی رتبہ در تاج سلیمان کا

صریر کلک سے آواز آتی ہی یہی پانچ
کہ تشنہ ہی دو عالم مصطفےٰ کے بحر احسان کا

بردہ ازل سے ہون وہ شہ بے نظیر کا
عرش عظیم زینہ ہی جسکے سریر کا
دیکھے ترا جمال جلالی یہ کس کو تاب
مقدور ہو سکا نہین موسیٰ سے پیر کا
مانند مہ تو ہوئیگا میدان حشر مین
اور گرد ہالہ ہوئیگا جمِ غفیر کا
روشن ہی سینہ ایسا ترے نور عشق سے
ہر داغ رشک بخش ہی بدر منیر کا
ہی جنتی جو تیری رسالت کا ہی مقر
منکر جو ہی وہ ہیمہ ہی نار سعیر کا
عالی ہی ذہن نعت سے تیری شہنشہا
رتبہ بلند ہی مرے نظم شہیر کا
تجھسے بہار مانگین جو ہو خشک باغ دل
احسان ہم نہ لین کبھی ابر مطیر کا
مضمر نہین ہی تجھسے کوئی راز یا رسولؐ
روشن ہی تجھپہ حال ہر اک کے ضمیر کا

دیکھی ہی تیرے نرگس بیمار کی ادا
نشہ ہی چشم مین مئے خم غدیر کا

آتشکدہ ہو صاف ترے سوز ہجر مین
آئے زبان پہ نام اگر زمہریر کا

مجھپر کریگا ابر کرم تیرا جب کرم
دفتر سپید ہوگا گناہ کثیر کا

دیوان کو تیری نعت نے بے عیب کر دیا
معیوب کیون نہووے سخن عیب گیر کا

تیرے کرم سے دون وہ جواب جسم سوال
دم بند ایک دم مین ہو منکر نکیر کا

پاسخ نصیب مین ہی مرے عیش دو جہان
خادم ہون اُس شہنشہ گردون سریر کا

شرم سے مہر پسینا بنا رخ دیکھکے سرور عالم کا
نکلے عرق بھی ایسا گھٹا اک قطرہ ہو گیا شبنم کا
اک مدت سے تھا جو حزین اس پانون کے صدقے دونون جہان
حسن بڑھا نعلین نبی سے روے عرش اعظم کا
دھیان ہو کعب پاے نبی کا سر مین جو میرے مثل نگین

ہی قد خم گشتہ بھی فرطِ ضعف سے حلقہ خاتم کا
دل نے کہا مئی عشق نبیؐ سے حکم جو ہو اک گھونٹ پیون
شیشے نے لب جام سے بولا ہنسکر جملہ جم جم کا
زخم دل کی اسکے سوا تدبیر نہین ای چارہ گرد
خاک مدینہ لاکے لگا دو کام کریگی مرہم کا
آسمین فقط ہی آب شیرین اسمین ہی عکس روے نبیؐ
بہتر حوض کوثر سے ہی چشمہ چشم پر نم کا
سوزِ غمِ سلطان رسلؐ سے خشک ہوا سب خون بدن
اشک تو کیسے چشم مین میرے نام نہین ہی اب نم کا
ظلمت شام شرک سیہ وفضل خدا سے دور ہوئی
بدر جو دینِ پاک جناب سرورِ عالم کا چمکا
برق نہین یہ آہ فلک ہی آتش عشق حضرتؐ سے

رعد نہین روتے ہین ملائک شور اُٹھا ہی ماتم کا

نسل شریف آدم مین ہین گرچہ جناب شاہ رسُل

ہی ہر بانی اُنکی لیکن فخر جناب آدم کا

محو تماشا زلف ہی خود کیا عارض ہی سبحان اللہ

ہی دیدہ ہر حلقۂ مو حضرت کی زلف پُر خم کا

نالہ کنان جو وقت گیا مین سوز فراق حضرت مین

دیکھکے مجھکو کانپ اُٹھا ہر شعلہ نار جہنم کا

تشنہ ہے گر جان کے منکر ہی دو سرا مین اُسکا زیان

بحر روان ہی ورنہ جہان مین فیض رسول اکرم کا

کعبے کے نزدیک ہوا پر روضۂ شہ سے دور رہا

اس حسرت نے شور کیا ہی پانی چاہ زمزم کا

جان سے بہتر کیون نہین سمجھون درد عشق حضرت کو

عیش دو عالم ای پانچ ہو دیکھو فدیہ اس غم کا

دل مرا درد و غم شبیر کا گھر ہو گیا
آسرا بخشش کا مجکو روز محشر ہو گیا

اسقدر مصروف ہی ماتم مین شاہ دین کے
ضعف سے مثل کمان گردون چنبر ہو گیا

مو اٹھا کر لاش گریجا سے بیری گیا عجب
باعث اندوہ شہ مین ایسا لاغر ہو گیا

جلگیا چشم غضب جسپر پڑی اُس شاہ کی
لطف سے دیکھا جو پتہر کو تو تہر ہو گیا

کھائے یا یک زخم تیغ رنج و درد شاہ سے
غرق جو خون مین خورشید خاور ہو گیا

حال ہے سو شہادت جو بیان مین نے کیا
ہر سخن اخگر و ہن سوزش مین مجمر ہو گیا

ٹکڑے ہو سیف الم سے کیون نہ پانچ دل امام
کربلا مین قتل نور عین حیدر ہو گیا

مطلع نور خدا رونق ارض و سما
باہمہ مشکل کشا ہادی راہ ہدا

مخزن راز خفی معدن گنج نبی
ہادی شرع جلی مظہر جود و وفا

حضرت عالی لقب شیر فضا سے ادب
گوہر بحر طلب کان سخا و حیا

دین نبی را تو عین نام جناب حسینؓ | یا ملک شیر قین حاجت من کن روا

بر درت آمد شہا پاسخ عاصی گدا
از پے خیر الوریٰ رحم بحال مرا

خادم ہون بارگاہ رسول کریم کا | مختار ہون کلید ریاض نعیم کا
ہر ایک ذرہ دربار مصطفےٰ | ہی آب بخش تابش در یتیم کا
ہی باعث نبیؐ مجھے امید مغفرت | مرحوم کیون نہ بردہ ہو ایسے رحیم کا
ہوتی ہی صدقے روضۂ حضرت پہ ہر سحر | کیون کر نہو دماغ فلک پر نسیم کا
منکر ہو اس سے حیف رہا ورنہ ہر بشر | قیدی ہی تیرے گیسوے خلق عظیم کا
محشر مین منکرین محمدؐ کے واسطے | طعمہ زقوم کا ہی تو پانی حمیم کا
شیطان کی کیا مجال کہ پھر ہمکو روک لے | ہادی ہو جب رسول رہ مستقیم کا
خاص اولیا ہی نہین موقوف ہر نبیؐ | تشنہ ہی تیرے چشمۂ فیض عمیم کا
مالک ب مجھے خدا نے کیا گنج عیش کا | ہون خدمتی جو نار وجنان کے قسیم کا

تا عاشقون کی جان مین جان آئے اے نسیم
لا جھونکا کوئی زلف نبی کی شمیم کا

ایمان یہی ہی میرا کہ بعد خدائے پاک
معدوم ہی وجود نبی کے سہیم کا

ہی لب پہ وصف زلف و دہان و قد نبی ﷺ
یا پارہ پڑھ رہا ہون الف لام میم کا

در سے ہٹا لینگے نہ نبی ﷺ گو ہون روسیہ
جھڑکے کسی کو کام نہین یہ کریم کا

بیشک ہی خاک پاک کل امراض کی دوا
شافی ہی آستان نبی ہر سقیم کا

پاسخ ہی الفت کف پاے شہ رسل ﷺ
آئینہ میرے طوطی طبع سلیم کا

خواہش دل ہی در پاک پیمبر دیکھنا
ہو مدینے کا مجھے یارب میسر دیکھنا

ہوتی ہی کب آستان بوسی میسر دیکھنا
تا کجا تقدیر مین میری ہی چکر دیکھنا

ہی جو اسکو سبزہ و گلہائے تربت کا خیال
خانۂ دل مین ہی یہ فرش مشجر دیکھنا

سوز ہجر شہ سے ہمین سینے مین اتنے آبلے
ہوگا انجم سے نہین یہ چرخ ہمسر دیکھنا

ہی شب امید عالم ہمقرین روز وصل
روئے حضرت پر ہی یا زلف معنبر دیکھنا

آپکے لطف و کرم سے عاصیون کے واسطے — چاندنی ہوگی تب خورشید محشر دیکھنا
شرم سے آئینہ آب آب آئینہ حسرت سے ہی — دیکھکر اُس شاہ کا روے منور دیکھنا
کر رہا ہون مین رقم وصف بیاض پاے شاہ — ہی بیاض اک مطلع بیضاے خاور دیکھنا
رات دن خدام سے حضرت کے ہی یہ التجا — چشم رحمت سے ہی لازم سوے احقر دیکھنا
جب لکھونگا حال بیتابی معا ہوجائیگا وہان — ہوگا کاغذ طوطی مضمون کو شہپر دیکھنا
رشک ہی تقدیر پر فرقت مین ہم تڑپا کرین — اور فرش عتبۂ حضرت ہو پتھر دیکھنا
دل مین رہتا ہی مرے پاے محمد کا خیال — عاشقو کیا خوب ہی کعبے مین منبر دیکھنا

قافلہ پہونچا مدینہ مین تو پاسخ ہی یہین
اٹھ کمین کمبخت کیا بیٹھا ہی چلکر دیکھنا

سودا ہی سر مین زلف رسالت پناہ کا — ہی کحل چشم عرش وہ دھوان میری آہ کا
سینہ ہوا ہی مشرق خورشید معرفت — ہی دل کو میرے عشق جو اُس رشک ماہ کا
پھر ایسے بادشاہ کے رتبے کی حد ہی کیا — جبرئیل خاکروب ہو جب بارگاہ کا

کشتی عاصیان کا ہی جبکہ وہ ناخدا | پھر کیا خطر تلاطم بحر گناہ کا
آئینے کو کمال ہی حیرت ابھی تلک | دیکھا ہی چہرہ جب سے حبیب اِلٰہ کا
ای چشم بعد روضۂ انور کو دیکھیو | پہلے وضو تو اشکون سے کرئے نگاہ کا
خادم حضور کے ہین سبھی گل سے جز تلک | فدوی ہی اک غلام نہین بارگاہ کا
وحشت ہرن کو دیکھنے سے جسکے ہی ہنوز | ہمچشم پھر ہو کیا تری چشم سیاہ کا
بخشایا عاصیون کو خدا سے وہ چاہ کی | ختم رسل پہ ختم ہی بس حق نباہ کا
مطلوب ہی کا جبکہ ہو مطلوب وہ حبیب | پھر کیا شمار ہو سکے اس عز و جاہ کا

پاسخ جو یہ غزل مین کہون عشق شاہ مین
قدسیون کے لب پہ ہو غل واہ واہ کا

محبوب ہی پیغمبر سبحان ہمارا | بادشہ کونین ہی ایمان ہمارا
یا شاہ رسل جان چلی جائے بلا سے | پر ہو گا نہ یہ تم سے پھرے دھیان ہمارا
اطراف سے گھیرا ہی ہمین لشکر غم نے | یا شاہ ٹھکانے نہین اوسان ہمارا

دل مین ثمر داغ غم شاہ گل آسمین
فردوس سے بہتر ہی گلستان ہمارا

شاگردون کو تعلیم ہو اوصاف نبیؐ کی
ہی معدن انوار دبستان ہمارا

اب لاش پہ تو آکے نقاب آپ اٹھاوین
دل مین نہ ہمارے رہے ارمان ہمارا

حضرت ہین جو حامی تو نہین خوف قیامت
حضرت ہین تو ہر کام ہی آسان ہمارا

بارش کی طرح اشک رواں ہین غم شہ مین
اک قلزم رحمت ہی بیابان ہمارا

نار الم شاہ سے ہین داغ جگر مین
رکھتا ہی عجب لعل بدخشان ہمارا

جو رتبہ ملا اسکو سو حضرت کی بدولت
دل کیسے نہ حضرت پہ ہو قربان ہمارا

ارمان ہی ملے بوسہ پاے شہ عالم
ہو زیر قدم دیدۂ حیران ہمارا

آئے ہین بڑی دور سے یا ساقی کوثر
دلوائیے جام مے عرفان ہمارا

قرآن رخ شہ کے کیے ہین رقم اوصاف
تفسیر ہی یا نسخہ نہین دیوان ہمارا

ثناخوان ہون رسول ذو المنن کا
ہی عالم شیفتہ میرے سخن کا

نہ ہو کس طرح روشن دیدۂ دل
تصور ہے نبی کے پیرہن کا

دکھے تن پر جو داغ عشق حضرت
ارم کو رشک ہے میرے چمن کا

ہے وردِ نامِ شہ ہر رشک گوہر
مری تسبیح کا ہر ایک منکا

حرارت مہر تابان مین نہ کیون ہو
کہ چھالا ہے مرے داغ کہن کا

جلا تارِ غم زلفِ نبی سے
جو کالا رنگ ہے مشک ختن کا

ہو یون کھلنے سے ہے دلتنگ غنچہ
ہے شاید عشقِ حضرت کے دہن کا

ہوا دندان شہ سے جو مقابل
جگر چھید اگیا دُرِ عدن کا

جھکا بہر قدم بوسی حضرت
ڈھلا کب نزع مین گردن کا منکا

خطر کیا خاک سے ہون خادم شاہ
نہ ہو گا تار بھی میلا کفن کا

گل نسرین ہین ذرات مدینہ
ہے عالم خاک پر مشک ختن کا

لب شہ نے کیا رنگ شفق فق
لہو دل ہو گیا لعل یمن کا

نہ ہو گا دل سے کم داغ غم شاہ
نہیں ڈر ایسے سورج کو گہن کا

انھین سے پائی پانچ سب نعمت
ملا جو کچھ سو صدقہ پنجتن کا

ہی مجھکو درد ہجر خدا کے حبیب کا
مت پوچھو مجھسے حال دل ناشکیب کا

مین بس سے کیسے راہ مدینہ نہ طی کرون
شوق رسول نام ہی میرے ادیب کا

وہ جا کون سی ہی کہ ذکر نبی نہین
واعظ کا ورد ہی تو وظیفہ خطیب کا

یا رب دکھا مدینہ ہون بیزار ہند سے
آئے کبھی تو اوج پہ اختر نصیب کا

مخلوق مین بتائے کوئی مثل مصطفےٰ
حق ہی عدم وجود ہی میرے حبیب کا

تبعیت رسول ہی تبعیت خدا
ذکر خدا ہی ذکر خدا کے حبیب کا

محروم دین سے پڑ دنیا ہین کافران
فانی کو لے یہ کام نہین ہی لبیب کا

لب پر جو لایا شوق سے احمد کے نام کو
شیرینی سے خدا نے بھرا منھ ذبیب کا

ہمدم تپ فراق نبی ہی دوا نہ پوچھ
یہ درد وہ کہ ہوش اڑا دے طبیب کا

احمد ہی وہ حبیب کہ عاشق تمام خلق
دربان کا غم بیان نہ تردد رقیب کا

ہے عشق شاہ غیب سے آتا ہی کامین ۔ آواز ان ہدا سے تشنۂ عجیب کا
دین نبی سے غیر حرامی پھریگا کب ۔ رہتا ہی اپنی اصل پہ نطفہ نجیب کا
عشق رسول پاک ہے طالب خدا ۔ جادہ ہی سوے منزل وحدت قریب کا
سالار قافلہ رہ یثرب مین ہین جو مین ۔ آواز آکے کرتا ہی نالہ نقیب کا
مشکل کشائی کیجیے پاسنح کی یا نبیؐ ۔ حامی سوائے آپکے کون اس غریب کا

ردیف الباء

خاک دیکھوں آپکے بے روے روشن آفتاب ۔ یا محمدؐ ہی نظر مین میری گلخن آفتاب
منہ دکھا دو یہ نہین دیکھتا ہی روشن آفتاب ۔ چرخ کا ہی دیدۂ مشتاق دیدن آفتاب
بہر دیدار نبیؐ پھیلا رہا ہی سوے حق ۔ دیکھنا تار شعاعی سے یہ دامن آفتاب
داغہاے عشق حضرت سے ہوا دل وہ چمن ۔ جسکا بلبل عقل کل مرغ نوازن آفتاب
ہی یہ کس محبوب کی آمد کہ باب چرخ پر ۔ ہی کرن سے گر رہی کی یہ جو چلمن آفتاب
پے مرحضرت کی جوادی نے فرمایا ہی کام ۔ ہو گیا ایسی ضیا کا یہ جو معدن آفتاب

یہ نہین تار شعاعی صاف تار اشک ہین
کر رہا ہو ہجر مین حضرت کے شیون آفتاب

تیر آہ سدرہ تک گذر کر جائیگا
کیا ہی بازوے فلک پے گرہ ہی جوشن آفتاب

ہجر مین حضرت کے میری چشم مین بے نور ہین
صورت انگشت اختر مثل گلخن آفتاب

تیر مژگان محمد سے مشابہ ہو گیا
ہی ضیا مین سینے کا ہر ایک روزن آفتاب

تیر وہ محبوب ہی پانچ جو ہی محبوب حق
سامنے جسکے خجل ہی ماہ روشن آفتاب

ردیف التاء

جلوہ اپنا دکھائیے حضرت
پاس اپنے بلائیے حضرت

قم لب جان فزا سے کہہ دیجیے
دل ہی مردہ جلائیے حضرت

تاب مجھے ہو لبقا فنا ہو کر
نقش ہستی مٹائیے حضرت

قصر دل آپ ہی کا ہی ایوان
اسمین تشریف لائیے حضرت

کبھی آباد اپنے قدمون سے
اسمین آکر سجائیے حضرت

تا نظر آئے منزل توحید
راہ عرفان بتائیے حضرت

کیجیے اپنے عشق مین مدہوش — دل سے سب کچھ بھلائیے حضرتؐ

تاکہ صدقے ہون آپکے روضہ پر — شوق مجکو دلائیے حضرتؐ

ہون پیاسا شراب الفت کا — کچھ مجھے بھی پلائیے حضرتؐ

دل ہو تا صاف عشق مین اپنے — اشک میرے بہائیے حضرتؐ

اپنے در پر مجھے بلا لیجے — در بدر مت پھرائیے حضرتؐ

عشق شہ سے جو عرض کی مین نے — مرتا ہون مت ستائیے حضرتؐ

تو یہ فرمایا آپ درد اپنا — نہین ہمسے جتائیے حضرتؐ

یہ فغان یہ بکا یہ بیتابی — غل نہ اتنا مچائیے حضرتؐ

پانچ آپ اتنے ہی مین گھبرائے — بس نہ یون تلملائیے حضرتؐ

وصل ہی دور نار فرقت سے — داغ ابھی اور کھائیے حضرتؐ

ردیف الثاء

دیدہ وہ جس نے در حضرتؐ نہین دیکھا عبث — جس جگر نے داغ عشق نہین کھایا عبث

اب تو مولا کی اطاعت مین بجان مشغول ہو
ہو دلا بیدار گو تو آج تک سویا عبث

عشق شہ لازم تھا تجھکو کیون بتون پہ جان دی
بد نظر بحر بلا مین آپ تو ڈوبا عبث

پر تو دیدار باب شاہ عالم گر نہین
پھر ہوا بھی فرق پر گو سایۂ طوبیٰ عبث

اس فراق فتنہ زا ہی کو جلانا تھا کہین
تو نے اے نار غم حضرت مجھے پھونکا عبث

عشق مین حضرت کے بہے اشک ابھی دیکھے نہین
مارتا ہی موج مین میرے سامنے دریا عبث

روضۂ سلطان دین جنکو نظر آیا نہین
زشت دیدہ بد نظر بیکار دل جینا عبث

پیش خسار نبی اختر ہین خورشید و قمر
پیش گیسو مشک خون ہی عنبر سارا عبث

جان لو انکار سے نقص رسالت کچھ نہین
منکر و برباد کرتا ہی تمھین کینا عبث

آپکا کہلاؤن اور محتاج پھرون غیر کا
در بدر بھٹکا ہوا کب تک پھرون شاہا عبث

چور ہونا اسکا پتھر سنگ ستم سے خوب ہی
گر نہین عکس نبی ہی دل کا آئینا عبث

سوے یثرب جائیگا اڑ کر نہین رہنے کا یان
دفن کیون کرتے ہو میرا ہند مین لاشا عبث

لطف تو جب تھا کہ پاسنج رہتا تو مولا کے پاس
عمر تو نے اپنی لیکن ہند مین کھویا عبث

ردیف جیم

ہین سوز مین داغ غم شاہ دوسرا آج
بدلی چمن سینہ کی ہی کیا ہی ہوا آج

گنج ابدی شکر ہی خالق نے دیا آج
آیا مرے دل مین غم شاہ دوسرا آج

کی مین نے شہنشاہ جہان کی جو ثنا آج
سن سن کے نکیرین ہوے میرے فدا آج

ہی سخت تپ ہجر ہجر و سا نہین کل کا
یا شاہ رُسل جلد مری کیجے دوا آج

بیہوش رہون حشر تلک ہوش نہ آئے
ای دو نبی ایسی مئے شوق پلا آج

اس آرزو مین سویا ہون پڑھ کے درودین
دکھلائے مجھے چہرۂ محبوب خدا آج

جان وجگر و دل تو دیے اور رہا کیا
ای زلف نبی مجھپہ عبث پیچ نہ کھا آج

کب شام جدائی ہی غم زلف نبی صلعم مین
آپہونچی مری جان پہ یہ کالی بلا آج

پہونچا ہون درِ شاہ پہ تا پھر نہ جدا ہون
کیا خوب ہو جو آجائے اگر میری قضا آج

تا سُن کے صدا تیری بلائین مجھے حضرت
یثرب کو تو ہی جا کہین ای آہ رسا آج

ایسا تو نہ مضطر تھا دلا تو غم شہ مین
تبلا تو سہی مجکو کہ کیا تجکو ہوا آج

بھوکا ہون پیاسا ہون جگر ہو کہ ہون آنسو	ای عشق نبی کچھ تو کھلا کچھ تو پلا آج
بیہوش ہون ای باد صبا درد و الم سے	لا نکہت گیسوے نبی بہر خدا آج
کل پیش نبی پائیگا تو اپنا کیا آپ	ای چرخ تجھے حبنا ستانا ہو ستا آج
یا سنح مرے دل کی جو تمنا تھی بر آئی	ہی شکر مدینہ مجھے مدت مین دکھا آج

ردیف الحاء

دل مین کبھی شاہ اُمم کی طرح	الفت شہ تن مین ہو دم کی طرح
دل ہی میرا سینے مین مثل حرم	نور نبی شمع حرم کی طرح
نام نبی نقش نگین جگر	اسپہ یہ سکہ ہو درم کی طرح
کیون نہ فدا اسپہ ہون آئشہ نین	حسن رخ حور قدم کی طرح
عیش تو یثرب مین کرین آہ غیر	مین رہون یان اہل ندم کی طرح
مجھکو صبا ہی نہین مثل سموم	ہند کی ہی گرد بھی سم کی طرح
صورت آقا ہین حبیب خدا	اور پیمبر ہین خدم کی طرح

گم کیا عشق کمر شاہ نے
سیر او جو داب ہی عدم کی طرح

دیتا ہی یہ رنج بڑا امتحان
ہی ستم عشق کرم کی طرح

شعلہ ہی پرچم غم محبوب مین
آہ کا ہی دود علم کی طرح

عیش ہی پیتا ہون مئی عشق شاہ
دل ہی مرا ساغر جم کی طرح

سامنے روضہ نہین اس رشک سے
دل بھی چلا سینے سے دم کی طرح

زار ہون وحشت مین تو خندان کبھی
شادی اگر ہی بھی تو غم کی طرح

راہ مدینہ ہی ادب فرض ہی
چلتا ہون مین سر سے قلم کی طرح

حق ہی کہ پانچ دو جہان مین کریم
کوئی نہین شاہ امم کی طرح

ردیف خاء

لاریب نور دیدۂ دل ہی ضیاے رخ
اللہ مجکو میرے نبی کا دکھاے رخ

محفل مین ہین جو آپ تو پھر دیکھتا ہی کون
گو سوا دلسے یوسف کنعان تباے رخ

گر پیش مہر آپ اُٹھادین نقاب کو
ہو قطرۂ عرق وہ ندامت دلاے رخ

یا شاہ خواب ہی مین دیدہ دولت ہو مرحمت
جابے بلائین زلف کی دل لے بلاے رخ

یہ معجزہ ہو رشک سے بنجاے آبلہ
موسی کرے جو ہاتھ کو پیش ضیاے رخ

پروانہ سان یہ اڑتا ہی شوق جمال مین
دل مین بھری ہی سیر جو شاہا ہواے رخ

دیکھین مین یاشاہ تباے پری کہ حور
میرے خیال مین بھی کسی کا نہ آے رخ

ذرے کی تاب کیا جو کرے وصف آفتاب
منہ کیا ہی یا نبی جو کرون مین ثناے رخ

ارشاد ہو کہ رحم اٹھاوے حجاب کو
یاشاہ مر رہا ہون نہ اتنا ستاے رخ

تا ہو نصیب سرمہ پے چشم دل سے مجھے
شاہا جگر کو نار الم سے جلاے رخ

یا شیخ دکھا کے منہ جو نبی نے چھپا لیا
ہر دم پکارتا ہی یہی دل کہ ہاے رخ

ہمارا شاہ رسل بے ندید ہی یا شیخ
علیم راز خفی و پدید ہی یا شیخ

نہین خطر ہی جو شیطان عنید ہی یا شیخ
کہ نام شاہ بھی تیغ حدید ہی یا شیخ

پہونچ گیا مین مدینہ مین عید ہی یا شیخ
مرے نصیب کا اختر سعید ہی یا شیخ

ملیگا فضل خدا سے خزانۂ باطن
درِ رسول ہی مرشد مرید ہی پاسخ

نہ برسے قبر پہ کیون نور رحمتِ خالق
کہ تیغ عشق نبی کا شہید ہی پاسخ

طفیل نعت نبی پائیگا مو وحدت
یہ غیب سے مجھے ہر دم نوید ہی پاسخ

چلے چلو کہ دکھیگی رہ وصال نبی
نہین قریب یہ منزل بعید ہی پاسخ

شفاعت نبوی بھی ہی بحر بے ساحل
وفور جرم سے گرچہ پلید ہی پاسخ

نہ کیسے دیدۂ باطن ہو سوے ابرو شاہ
کہ یہ خزانۂ دل کی کلید ہی پاسخ

مئے محبت حضرت سے مست ہو جاؤن
یہ اشتیاق و تمنا مزید ہی پاسخ

ہی شکر حق سفر آخرت ہوا آسان
کہ پاس نعت کا توشہ عتید ہی پاسخ

وصال بادشۂ انبیا ہی راحتِ روح
فراق دل کو عذاب شدید ہی پاسخ

ہوئے ہین امت شاہ رسل مین جو داخل
نصیب ور یہ گروہ عبید ہی پاسخ

ہی سینۂ نبوی دیدۂ تصور مین
مقابل اپنے کلام مجید ہی پاسخ

مین نعت خوان ہون ملایک تمام ہین سامع
کہ گفت مجکو یہ انکو شنید ہی پاسخ

یہ مرغ دل ہی خبر لائیگا مدینے سے | اسی کو بھیج یہ اچھا برید ہی پاسخ

کہ ہی یہ حامدِ محمود خالق اکبر | ہزار جرم ہون آخر حمید ہی پاسخ

سیہ سپید کرے دم مین اور سپید سیہ | کہ وہ امیر سیاہ و سپید ہی پاسخ

ازل مین بندۂ ختم رسل ہو لبے دام | قدیم ہی نہین بردہ جدید ہی پاسخ

بھرے نگاہ مین کیا جاہ و ملکِ اسکندر | کہ آستان نبی کا قعید ہی پاسخ

تو کیسے مجمع عشاق مین ہن مین اوحد | مرا حبیب بھی کیسا وحید ہی پاسخ

ہی دل سے تابع ارشاد مرشد کونین | نہ کیون ہو اہل رشادت رشید ہی پاسخ

مرید سرور عالم ہون مجکو ڈر کیا ہی | عدو اگرچہ یہ دیو مرید ہی پاسخ

درود بھیج شب و روز شاہ عالم پر | نہ بھول اسکو کہ حکم اکید ہی پاسخ

نبی پہ جان فدا کی ملی مری عرفان | وہ نقد تمنے دیا یہ رسید ہی پاسخ

خدا کرے نظر آئے کہین جمال نبی | وگرنہ حشر کی مدت مدید ہی پاسخ

مجال کیا ہی جو ہمسر کوئی سخنور ہو | کہ اپنی عصر کا بیشک فرید ہی پاسخ

ردیف دال

لیفدء حولك یا احمد ابی وجد | خذ یدی غیرك لی لیس معین احد
انك شمس لدین هو مثل الفلك | انك حاصل الایمان هو کالجدد
یا حبیبی بحق الخزنك الی ملك | عشقك یغنینی کنت باهل اللبد
لم یبیّن بلسان احد رحمتك | یا نبی الحق احسانك لیس العدد
ان من ینظر بالبغض حدیث الاحمد | یعطی الله لعینیه فداء الرمد
ما یطیقون جدلا کثعالب اعدا | لا یفرون لما انك فیهم اسد
دخل حسادك فی هاویة بعد الاجل | حرقهم قبله من غیب بنار الحسد
انك مثل سراج وقد قصر الازل | انك صورت شمس لسماء الابد
حبذا شانك یا رحمت للخلق لك | جاء تنزیل من الله تعالی سند
ان الاسلام کسقف الذی فوق الصفا | له اصحابك والعترتك کالعمد
انت یا زائر لله تراب الیثرب | کی بتشمیمه طاب قلبی فی الجسد

يلعن دائما القادر فوق الكفرة ‏ ‏ ان لا بليس لهم يرغب نحو الجحد

ليس والله نظير لك في خيل رسل ‏ ‏ ان للوصفك يا نور هدى ليس حد

يذهب من جسدي روح بلطف الياسين ‏ ‏ مثل شعر فكما يخرجه من زبد

جاء پاسخ فله اشف بداء الفخم

ليس ملجاء سواك يا حبيب الصمد

کہ کیونکر کروں جان فداے محمدؐ ‏ ‏ نہیں ہی ٹھکانا سواے محمدؐ

خطر مہر محشر سے کیا روز محشر ‏ ‏ کہ سر پہ ہی ظل لواے محمدؐ

تمنا نکل جاے آنکھوں کی میری ‏ ‏ میسر ہو گر خاک پاے محمدؐ

نہوتے جو حضرت تو کچھ بھی نہوتا ‏ ‏ یہ سب کچھ ہوا ہی براے محمدؐ

اگر سلسلہ پوچھو بخشش کا میری ‏ ‏ تو ہی عشق زلف دوتاے محمدؐ

الٰہی دکھا آستانہ نبی کا ‏ ‏ مدینے کو پہونچا براے محمدؐ

مری جان کیا ہی کہ عالم کی جانیں ‏ ‏ فداے محمدؐ فداے محمدؐ

جو ہی آرزو دو جہان مین تو یہ ہی — ہمارا ہو سر اور پاے محمدؐ

نہ تف بھی کرون سلطنت پر مین پانسچ
کہ میثاق سے ہون گداے محمدؐ

چل سر کے بل ای طالب حق سوے محمدؐ — ہی قبلۂ حاجات جہان کوے محمدؐ

جان ہی پی خوشبو عرق عارض رنگین — ہی خسرو گل عارض خوشبوے محمدؐ

رخسار ہی گر حدقۂ چشم دل باطن — تو پتلی ہی خال خد نیکوے محمدؐ

عارض ہی جو نور قلبی تو ہی سویدا — خال سیہ عارض دلجوے محمدؐ

لاریب کہ پروین مین ہی یہ عقد ثریا — گیسو مین نہین عارض نیکوے محمدؐ

رخسار ہی مہر فلک رحمت سبحان — ابر کرم عشق ہی گیسوے محمدؐ

عارض ہی چراغ حرم عرش معلےٰ — بیشک شب معراج ہی گیسوے محمدؐ

ہی آبرو و گوہر ایمان عرق رخ — گرداب یم عشق ہی گیسوے محمدؐ

رخسار ہی آئینۂ حیرانی کونین — طوق دل کونین ہی گیسوے محمدؐ

حیرانی نرگس بھی ہو اک شاہد حیرت
تھی شوخ غضب نرگس جادوے محمدؐ

ہو باعث بیہوشی حسن رخ یوسفؑ
برق نگہ نرگس جادوے محمدؐ

بیتاب ہون ﷲ قفس تن کو کہین چھوڑ
اہ طائر جان اُڑ کے چل اب سوے محمدؐ

امواج سخن تاب ہو تاب دندان
ہو چشمۂ عرفان لب حق گوے محمدؐ

یوسفؑ سا حسین ہو تو گلا کاٹ لے اپنا
گر خواب مین بھی دیکھے ابروے محمدؐ

سرمہ ہو مبارک تجھے اے زاہد ناصح
کافی ہو مجھے خاک سر کوے محمدؐ

واللہ کہ یہ ہو مصقلہ آئنۂ دل
یاسخ کو جو ہو الفت ابروے محمدؐ

لوح جان خوب ہو اے دل نہین بہتر کاغذ
لکھ کے بھیج اسپہ بھیج اب سوئے در کاغذ

مین نے حال دل بیتاب جو لکھا شہ کو
تو تڑپنے لگا مثل دل مضطر کاغذ

رات دن لکھتا ہون مین نعت شہنشاہ جہان
ہو قلم ہاتھ مین زانو پہ ہو مسطر کاغذ

کی جو ہمراہ لب شہ سخن شہ کی ثنا
معجزہ یہ ہو بنا قند مکرر کاغذ

شاہ کو مین نے جو حال دل پر سوز لکھا
جل گیا شمع کے مانند سراسر کاغذ

ضعف سے اٹھ نہین سکتا جو مین مجنون کی طرح
ایسا اس غم سے گھٹا ہو گیا بستر کاغذ

لکھے مضمون جو رشک غم شہ کے مین نے
ہو گیا نکتون سے اک معدن گوہر کاغذ

جرم سے ہو تو مرا نامۂ اعمال سیاہ
صاف کر دیگا مگر لطف پیمبر کاغذ

دفتر نعت مین جا کر دون تا نذر نبی
لکھتا ہی رہتا ہون بیٹھا ہوا دن بھر کاغذ

پورا مطلب نہین اوج کہ سوے یثرب
لکھتے ہی لکھتے اڑا مثل کبوتر کاغذ

رشک جنت کو بھی ہے رشک مرے دیوان کا
نعت محبوب سے ایسا ہے معطر کاغذ

نعت لکھنے مین مجھے یاد جو آئے حضرت
وہ بہے اشک بنا پانی کی چادر کاغذ

فیض صف لب سلطان رسل سے پاسخ
دم تحریر ہوا چشمۂ کوثر کاغذ

ردیف راء

ای غریب عاجز آذر کنی یا خیر البشر
انت مغنی اسمک کان کریم مشتہر

انظر الی لم یکن کے غیر خلد مقعدی

ان ولی منی وجهک لا مسکنی الا السقر

انی امیت فی المرض ان لم تعد یا مصطفٰی

انت طبیبٌ لی شفائ قد علیک مُنحصَر

لا یرشح عرق کمثل اللؤلؤ من لحیتک

ہذا سحاب الرحمت قد یصدر منہ المطر

انکان ذا من نورہ لو ذالک من ضوئہ

لا یشبہ وجہ النبی کان شمس او قمر

ما یمکن وصفا لک تا لبد حتی ساعت

ان یمدح من مادح کان بیان مختصر

ریح ہبت یا خالقی تخوی من الباب النبی

قد یاتی الروح لصدر فرحہ ان تنتشر

لا یوقد الفود لک ان لم یکن عشق الغنی

مالم تکن شجر فقل ان توجد کیف الثمر

اسم الحبیب الاعظم الخلاق من یوم الازل

ان سے علی لوح الکبد نحو الکتاب المستطر

یا منکرین المصطفیٰ ان لکم بطشا اشد

الملجاء الیوم لکم ان تذہبوا این المفر

ان سے علی مایر تعلم حبی تعال

فی البر وجا اضرب راسا علی کل الحجر

روحی علیک یا حبیبی ان لی عطشا اشد

للمقدر من شوقہ اسق رحیقا فی السحر

انی اعوذ منک فی ہجر تنی عن نارہٖ

صرت رماد ابما تمینی لیس حالی مستتر

عینی بکبت دمًا جرے من جرح قلب نحوہ

بلغ مدینۃ خالقی عجل لنا ہذا السفر

یا سنح بجود الاحمد یقعًا لک قال الحق

فی مقعد صدق انک عند ملیک مقتدر

انسان سے بیان ہو نہ سکے رتبہ شبیرؑ
معلوم خدا ہی کو ہی جو اُسکی ہی توقیر

جو حلق کہ ہو بوسہ گہ حضرت زہرؑا
افسوس اسی حلق پہ اعدا کی ہو شمشیر

محبوس غم شاہ مین خورشید و قمر ہین
ہی طوق مین یہ اور وہ پا بستہ زنجیر

جبتک کہ ہو دم دم مین غم شاہ مین گذرے
ہی دل نہین اور اِس سے تو بہتر کوئی تدبیر

باقی نہ رہا کوئی مین سب اُسکے گرفتار
صیاد غم شاہ دل خلق ہی نخچیر

وہ آنکھین ہین کیا جو نہ غم شاہ مین روئین
انسان نہین آواز نہو جسکا گلوگیر

ہی ورد زبان وصف حسینؑ ابن علیؑ کا
کیون کر نہو یا سنح مرے اشعار مین تاثیر

اس در سے کہان جاؤن مین یا سرور دین اور
ہی کون بغیر آپکے اب میرا معین اور

دارین مین یا رب نہین کچھ اور تمنا
ہو سنگ در شاہ رسل میری جبین اور

جینا ہی عبث صدمۂ ہجران نبی مین
بس اب نہ ٹھہر تن مین تو اے جان حزین اور

جو راز عیان اُنپہ ہین ماہر وہ نہین ہی
عشاق نبی اور ہین جبریل امین اور

پھر ایک نظر کیجیے ادھر یا شہ عالم
اس تیغ کا اک وار ہو للہ کہین اور

ہی حضرت یوسف کی قسم تجکو زلیخا
بتلا تو مجھے سرور عالم سا حسین اور

یہ تاب یہ طاقت نہین منہہ اس سے ملا لے
نعلین نبی اور ہی کچھ ماہ مبین اور

کیا لطف ہو رحمت سے جو وہ سرور عالم
دکھلائین رخ اک بار کہون مین کہ نہین اور

اے منکرو اُس شاہ سے تم جتنا پھروگے
بہکائیگا اُتنا ہی یہ ابلیس لعین اور

قرآن ہو جب وسوسہ باطل ہی لعینو
کیا اس سے فزون چاہیے برہان متین اور

تھی اُسپہ زلیخا تو خدا اسپہ ہی عاشق
اُس غیرت یوسف کا ہی حسن نمکین اور

واعظ تجھے حورون کا فسانہ ہو مبارک
جز ذکر نبی یان تو نہین دل کے قرین اور

کیا شاہ رسل آپ کی بخشش کا بیان ہو
منکر ترے تبلایا کرین جھوٹی دلیلین
سلطان کو نسبت نہین خدام سے انکے
موت آئے تو آئے در محبوب خدا پر

بس جس نے کہا نعمتین پھر آپ نے دین اور
کب ہوتا ہی کم بڑھتا ہی مومن کا یقین اور
کوے شہ کونین کے ہین خاک نشین اور
لاشہ ہو مرا ہووے مدینے کی زمین اور

شرم آتی ہی کیا اس سے شبا ہت کرون اے مانح
حضرت کے قدم اور ہین کچھ عرش برین اور

نظر پڑی جب سے جلوۂ نور روضۂ بادشاہ دین پر
یہ ماہ گردان نہین ہی گردون نثار کرتا ہی دل زمین پر
یہ مہر چمکیگا حشر مین جب رہیگی کب ظلمت جرائم
کہ آتش عشق مصطفےٰ سے ہی داغ میرے دل حزین پر
ظہور ہژدہ ہزار عالم ہوا ہی واللہ کیا ہی زیبا
کیا محمدؐ کو سب کا سرور تصدق اس عالم آفرین پر

نہو مرے دل مین یا الٰہی سوائے نام رسول اکرم

یہی تمنا ہی میری ہر دم کہ ہو یہی نقش اس نگین پر

ہی چشم خونبار دل ہی بریان جگر ہی نار الم سے اخگر

ہو رحم ای عشق مصطفےٰ اب سختیان سارہی کیا ہمین پر

ہماری چشم خیال ہی سوے شمۂ گنبد معلےٰ

دکھے نہ کیونکر جمال سبحان کہ ہی نظر کیسی دوربین پر

حرارت عشق مصطفےٰ اُسکے ایکدم مین دھوئین اُڑادے

یہ ابر باران بھی ہووے چھاہا اگر مرے داغ آتشین پر

یہ چشمۂ معرفت پہ ہی سایۂ نہال کرامت حق

نہین یہ گیسوے عنبرین ہی نبی کے رخسار نازنین پر

کہ مین نے دیکھی ہی چشم دل سے تجلی پاے فخر آدم

کبھی پڑیگی نہ خلد مین بھی مری نظر حسن حور رنگین پر

خط جبین کب رقم عمل ہین اطاعت سنت نبیؐ سے

ہر مہر پروانۂ شفاعت نشان سجدہ مری جبین پر

نہو سکی دار و تپ عاشقان حضرت تو منھ چھپایا

یہ داغ حسرت رہیگا باقی دل مسیح فلک نشین پر

فریب جب دیگا نفس سرکش کرونگا نعرہ کہ یا محمدؐ

مجھے ستائیگا کیا پڑیگا یہ تازیانہ جب اس لعین پر

نہین ہے رخسارۂ منیر شہ رسل پر یہ خال اے دل

برلے عین الکمال عاشق سپند ہے یہ مہ مبین پر

خدا جو پوچھیگا حشر مین دیکھ مجکو بیدل کہ دل ہوا کیا

کہونگا اک آہ کرکے پاسخ فدا کیا شاہ مرسلین پر

ردیف زا

اس شغل ہی مین صبح سے ہوتی ہے شام روز | کرتا ہون نعت حضرت خیر الانام روز

بعد صلوٰۃ پڑھتا ہون مشکات ہر سحر
کرتا ہون مین جناب نبیؐ سے کلام روز

تعلیم اُستادِ ازل نے یہ مشق کی
لکھتا ہون لوح دل پہ محمدؐ کا نام روز

شاہا وہ آستانۂ اقدس ہی آپکا
کرتے ہین آکے سارے پیمبر سلام روز

اپنے کرم سے دیتا ہی خلاق دوجہان
مجکو شرابِ الفت حضرت کا جام روز

کرتی ہین صید طائر جان آنکھین آپ کی
دل لینے کو بچھاتی ہی یہ زلف دام روز

نعتِ نبیؐ خزانۂ عقبےٰ ہی جمع کر
ہاتف سے مجکو ہی یہی ہر دم پیام روز

کرتا ہی زخم نشتر غم زخم قلب پر
مرہم کریگا تا بکجا التیام روز

آتے ہین حور و جن و ملایک طواف کو
دروازۂ رسول پہ ہی ازدحام روز

ہی مجکو ورد نعت نبی منکر و نکیر
نامے مین میرے لکھتے ہین میرا کلام روز

شاہا یہ حرص ہند سے ہو مانع سفر
پھرتا ہی یان بھٹکتا ہوا یہ غلام روز

ہر دم جو ہی تصور حضرت بندھا ہوا
کیا عیش مین گذرتی ہی ہر شب تمام روز

حفظ خدائے پاک مین ہین خادم آپ کے
ہی منکر و ہیچ تیغ قضا بے نیام روز

ہی عاشقو یہ رحمت عالم کا آستان	پہر سلام ہوتا ہی دربار عام روز
پاسنح نہ تو مرا غم حضرت مین حیف ہی	آئی شب فراق ہوا اختتام روز

ردیف سین

ہر دے کو چاہیے کہ ہو مولا کے در کے پاس	پہونچا دے یا خدائے مجھے خیر البشر کے پاس
انجم نہ اتنے ہونگے ترے پاس ای فلک	ہین جتنے داغ سوزنہی سے جگر کے پاس
ہی معجزہ کہ زلف نبی ہی قریب گوش	ورنہ وجود شام ہو کیسے سحر کے پاس
مجرم وہ ہون اجابت حق سے مجھے ہی یاس	جاتی نہین ہی میری دعا بھی اثر کے پاس
کب تل ہی زیر ابرو خمدار مصطفےٰ	ای عاشقو یہ تیغ رکھی ہی سپر کے پاس
ہی شرع مصطفےٰ پہ رفتار مومنین	ہو اشقیا کا کب گذر اس رہگذر کے پاس
سوز غم جناب مین ہی داغدار دل	لطف ثمر تو دیکھیے آکر شجر کے پاس
حضرت ہی سے مین اب عرق لب نہ مانگ لون	جاؤن برائے آب بقا کیون خضر کے پاس
ہون شعر سے مین سیف زبان نعت شاہ سے	حساد آنے پاتے نہین مارے ڈر کے پاس

آئی ہی یہ وجود مین با سنح رہ عدم یا زلف بڑھکے آئی ہی شیم کی کمر کے پاس

ردیف شین

زہے ختم رسل کاید نمود شاہ شاہانش زماہی تا بمہ محتاج درگاہ علو شانش

شہنشاہیکہ از عرش است اعلی طاق ایوانش شہنشاہیکہ بر ایوان جبریلیست دربانش

بفخر خود قدر جنبش لب دوختہ چشمت قضا از بہر خدمت گوش بر آواز فرمانش

فدا جانم نعلین شریف احمد مرسل چہ جانم احقر جانہا کنم صد جان قربانش

ز فرط گریہ بیروی تو نابینا شدہ چشمم سوی خاک نعلینت نباشد ہیچ درمانش

شود در آتش سوزان ہمیش خاصیت شبنم چو گیرد کاہ را از رحم در آغوش دامانش

رسودائے محبت باد گردان تا ابد یارب دل شیدائے من در کوچہ گیسوی پیچانش

دمے در ہجر احمد ز اشکبازی نیستش وقفہ چہ باشد ننگ چشمم گر بگوئی ابر بارانش

زہے صل علی ذات شریف سرور عالم کہ سیرابست کونین از طفیل بحر احسانش

مدد یا بیّنمودا ای شاہ وقت نزع یا منعم زباید مکر شیطان تا نمیرد شمع ایمانش

ردیف صاد

خود خدا دیکھ لو فرماتا ہی قرآن مین خاص
ہمنے احمد کو کیا عالم امکان مین خاص

کب تصور مین ہی میرے قد محبوب خدا
سرو ہی دیکھ لو میرے چمن جان مین خاص

پیروی سنن پاک ہی ہم پر واجب
فرض ہی الفت شہ دین کے ارکان مین خاص

آپ کے فیض محبت سے پھلا اور پھولا
تازگی آپ سے ہی گلشن عرفان مین خاص

کافر وے لو کہ ہی مفت مین اسلام نصیب
نعمت دین محمد ہی کے ہی خوان مین خاص

مین وہ خادم نہین پھر جاون جو تمسے حضرت
نہین فرق آنے کا ہرگز مرے ایمان مین خاص

حالت نزع مین ہون اب تو دکھا دو صورت
نکلی جاتی ہی مری جان اسی ارمان مین خاص

رشک فردوس کو مجبور ہی کہ میرا مولا
مسند ناز مین ہی قلب کے ایوان مین خاص

کھینچیگا خط قلم بخشش عام ایزد
نام ہی گو کہ مرا نامۂ عصیان مین خاص

نور محبوب خدا یون تو ہی سب مین لیکن
مثل جان جلوہ نما ہی تن ایمان مین خاص

میری تقریر ہوئی شمع شبستان سخن
کب یہ تاثیر تھی داؤد کے الحان مین خاص

واعظو امت حضرت مین ہون گو مجرم معاصی
میرا حصہ بھی تو ہو بخشش سبحان مین خاص

نسیم احمد کی ہر اک شی مین ضیا ہی موجود
ہر دم کے دیکھو ہی یہ دیدۂ امکان مین خاص

مغفرت امت حضرت کو خدا نے بخشی
شکر و میوہ ہو یہ عام اسی بستان مین خاص

اجل آئے تو مدینے ہی مین آئے یا شیخ
قبر بھی ہو تو مدینے ہی کے میدان مین خاص

ردیف ضاد

غم حضرت کے فدا واہ ہی کیا غم فیاض
جسکی دولت سے دو عالم مین ہے ہو ہم فیاض

بخشش سرور عالم کا ہی ممنون عالم
سب مین محتاج وہی نسبت آدم فیاض

شب معراج مین حضرت کا قدمبوس ہوا
اسی دولت سے بنا عرش معظم فیاض

دمبدم لب پہ جو ہی ذکر رسول عربی
واہ کیا اصل علی دم ہو ہر آدم فیاض

مجھسے دل کہتا ہی پی جا وے عشق نبی
جام اک مجکو بھی دو تم رہو جم فیاض

اور نبیون نے بھی عالم پہ بہت بخشش کی
پر ہوا آپ سے اے شاہ ہر اک کم فیاض

کیا ہی دل خوش ہی خیال عرق حضرت سے
ہی یہ ایسی گل کے لیے صورت شبنم فیاض

دیکھی ایک ایک کو انگار و سے گنج زر داغ
کیا ہی ہو گئی پی لفار جہنم فیاض

کفش بردار غلامان رسول اکرم
گنج اسرار الٰہی کا ہی محرم فیاض

سر سے راہ غم محبوب خدا مین جو چلی
ہو گئی عالم اسباب مین خاتم فیاض

عرق عارض حضرت سے ہی گوہر افشان
صدقے ہو جاون ہی کیا گیسوئے پر خم فیاض

وہ غم شاہ مین رویا ہمہ تن آب بنا
آبرو پاکے ہوا چشمۂ زمزم فیاض

مرے نزدیک دو عالم مین رہا وہ مفلس
دولت دین نہ ملی خاک تھا حاتم فیاض

باغ دل کو مرے سیراب کیا رو رو کر
عشق حضرت مین ہی کیا دیدۂ پر نم فیاض

دولت عشق مجھے کیون نہ ملے ای پاسنج
حق تعالے ہی غنی سرور عالم فیاض

ردیف طا

گر ثنائے کمر شہ مین کرون املا خط
صفحہ ہو نقطۂ موہوم بنے عنقا خط

وصف پائے نبوی سے جو ہی کاغذ خورشید
تو ہی چشمان ملائک کے لیے سرما خط

تھے تو تحریر مرے نامۂ اعمال مین جرم
قلم عفو نے حضرت کے مگر کھینچا خط

اشک خونین کے مضامین جو لکھے سوے نبی
کردیا فیض الم نے چمن لالا خط

مین نے مولا کو لکھا جب تو ہوے الفت
سوے تیرے اڑی جیسے کوئی تنکا خط

خود نمائی جو کرین بھول کے احسان نبی
خط سے نکتہ ہو عیان صفحے سے ہویدا خط

پڑھکے اشعار مرے پاتے ہین غمگین تسکین
زخم دل کے لیے مرہم کا بنا پھاہا خط

نعت مین لفظ جو مجنون ہے تو لیلی معنی
مثل وامق ہے اگر کلک تو ہے عذرا خط

کیون نہ مین اپنے تصور کے ہون صدقے ہر دم
کہ تصور مین مرے رہتا ہے حضرت کا خط

رحم سے دیکھین جو حضرت ابھی سامع کر ہو
گنگ معجب جاے جو گویا تو پڑھے اعمی خط

نعت سے ہو وہ مرا حسن سخن ہین شیدا
ہوگیا ہے دل عالم کے لیے پھندا خط

عارض شاہ رسل ہے دل قرآن مجید
عاشقو دیکھو ہے تفسیر سے بھی پیارا خط

اے صبا ضعف غم شہ سے مجھے ہوش نہین
رعشہ ہے ہاتھ مین یہان کسکا قلم کیسا خط

مست ہون میرا سخن پڑھکے نہ کیونکر عاشق
وصف شہ سے مے اطہر کا ہے میخانا خط

گر لکھون وصف لب شاہ رسل اے پاسخ
واسطے مردہ دلون کے ہو دم عیسی خط

ردیف ظاء

نفس بد مفسد ہو شیطان الحفیظ	ایک مین اور لاکھون عصیان الحفیظ
عمر غفلت مین یون ہی آخر ہوئی	کچھ نہین ہمراہ سامان الحفیظ
دوست دشمن غیر اپنے بد عمل	خوف سے دل ہو پریشان الحفیظ
ہون حقیر اور سر پہ ہو بار گران	ہون مین اس غم سے پشیمان الحفیظ
کیا ٹھکانا دم مین ہو لگا جل کے خاک	خس ہون مین نار فراوان الحفیظ
جب ہمین کوئی نہین ہو آشنا	پھر معاون کون ہوئے ان الحفیظ
ہو سوا نیزے پہ جب مہر منیر	گرم وہ محشر کا میدان الحفیظ
رنگ خلقت ہیبت خالق سے فق	اور کہے ہر دم ہر انسان الحفیظ
دستگیر خلق ہونگے آپ ہی	اے مرے محبوب سبحان الحفیظ
کردیا دامان جنون نے چاک چاک	ٹکڑے ٹکڑے ہو گریبان الحفیظ
پیرہن کیا تار بھی باقی نہین	ہو گیا ہون آہ عریان الحفیظ

ای دواے وصل حضرت المدد — ہی غضب کا درد ہجران الحفیظ

الحذر ہی حُبِّ دنیا اک بلا — دام ہی یہ زلف پیچان الحفیظ

نفس امارہ بغل مین ہی عدو — اور کمین مین اُسکے شیطان الحفیظ

ان بلاؤن مین ہی پا صنخ مبتلا — یا حبیب خاص یزدان الحفیظ

ردیف عین

ہی جو مولا کی نہین کچھ اطلاع — جان جاتی ہی بدن سے الوداع

قبلۂ دارین ہی باب نبیؐ — کیون نہو جن وبشر کا اجتماع

کر عطا یا رب غم حضرتؐ مجھے — بخش دے دونون جہان کا انتفاع

پست آتی ہی نظر ہر ایک شی — ہی وہ درگاہ نبیؐ کا ارتفاع

ہی یہی قول شجاعت دمبدم — تھا نہو گا کوئی حضرتؐ سا شجاع

دولت حب نبی کب ہو نصیب — حرص دنیا سے نہو تا انقطاع

کذب سے تصدیق دین مین کیا زیان — مفسدین کرتے رہین گو اختراع

لوح دل پر ہی رقم نام نبی — اس نگین پر ہی یہی نقش انطباع

گو رمین داغ غم حضرت ہی ساتھ — شکر ہی حق نے عنایت کی متاع

آپ کے زور شجاعت نے کیا — قلعۂ کفر لعین کا انقلاع

نعت خوان پڑھتے ہین اوصاف نبی — گوش جان سے سنتا ہون مین یہ سماع

اے صبا خدام شہ کو خط لکھون — ہو نہ ایسا دیکھنے سے ہو صداع

کوچۂ حضرت مین جانے دو مجھے — خادمو کرتے ہو تم کیون امتناع

سیری حاصل کیسے ہو ممکن نہین — نعمت عشق نبی مین اقتناع

حال پاسخ سے تو کر دے اے صبا — حضرت خیر البشر کو اطلاع

ردیف غین

نار فراق شاہ سے وہ مین نے کھائے داغ — باقی نہین بدن مین کہین اور جائے داغ

کیونکر نہ مست سوز غم شاہ مین رہون — ہر دم جو خون سے مے رنگین پلائے داغ

یار اٹھا نقاب رخ داغ عشق شاہ — حاضر ہی نقد جان پئے رونمائے داغ

ان رہون کے بدلے ملی جنس معرفت
سوز غم نبی کے مرے کام آئے داغ

نار غم نبی سے بھم داغ کب ہو دود
لاتی ہے درد دام مین زلف رسائے داغ

راحت کی آرزو نہین یارب مثال جان
سوز غم رسول کا دل مین سمائے داغ

تابان ہو وہ خیال خدنگ شہ سے قلب مین
ہو مہر ایک ذرہ ارض صفائے داغ

نار غم نبی مین ہے اور مجھ مین اتحاد
ہین داغ میرے واسطے مین معدن برائے داغ

لوٹا الم نے قافلۂ راحت و شکیب
صحرائے دل سے آتی ہے بانگ درائے داغ

سوز غم رسول نے دل کے عوض دیا
سینے مین میرے پھر ہو کہان دل سوائے داغ

عاصی ہون گو ملائکہ دوزخ مین ڈالدین
پر لطف شہ سے تن پہ بھی میرے نہ آئے داغ

اچھا کبھی نہ ہوگا فراق رسول مین
جز مرہم وصال نہین ہے دوائے داغ

صبر و قرار کا ہو غم شہ مین کیا گذر
ہے درد و اضطرار کی منزل سرائے داغ

وہ داغ کھا کے عشق نبی مین مزہ ملا
ہر دم ہے سوز غم سے مجھے التجائے داغ

شرمائے ایسے بنگئے غنچے تمام گل
گلشن مین جا کے مین نے جو اپنے دکھائے داغ

کیونکر غنی نہ ہوکے وہ دونون جہان مین	دے جسکو نور عشق نبی کیمیاے داغ
داغ غم رسول مرے دل مین دیکھکر	حسرت سے آسمان نے انجم سے کھاے داغ
داغ غم نبی کا ہے بیعانہ نقد جان	پاسنج ہے گنج معرفت حق بہاے داغ

ردیف فا

جا رہا ہون اپنے سرور کی طرف	ہے نظر میری اُسی در کی طرف
پیش دندان نبی انجم ہین کیا	دیکھتا ہے کون گوہر کی طرف
آپ کے لب دیکھکر تسکین ہوئی	کیا کرونگا جاکے کوثر کی طرف
کیون نہ پیچ و تاب کھاے جان زار	دل چلا زلف پیمبر کی طرف
برق تبلا یہ تڑپ تجھ مین کہان	دیکھ میرے قلب مضطر کی طرف
آپ پر نازان نہ ہو اے ابر تو	دیکھ میرے دیدۂ تر کی طرف
مثل کاغذ گھٹکے ہون سوے نبی	میرا پہونچانا ہے صرصر کی طرف
آرزو ہے جب مرون مین یا نبی	منہ ہو میرا آپ کے در کی طرف

ہو جبین سیرے در شہ پر فلک	دیکھتا ہو رشک سے سر کی طرف
منزل مقصود گم ہو بے نبی	راہ مین حاجت ہی رہبر کی طرف
اُڑتے ہین ذرات ثیرب کیا ہی یاد	دیکھتا ہون جب ہر اختر کی طرف
ناتوانی نے کیا پائے سخن کو گم	موت کیون دیکھے ہو بستر کی طرف

ردیف قاف

محمد مالك معين مقدس طاهر خليق

لسائر الخلق ذاته عادل مغيث هدى شفيق

فحيتما تنظر فلا يبصر لنا ما مناسواك

فان فى نشاتين للاثمين غيرك فما رفيق

فيا مليك الرسل وان لا يكون شرعك لناس حفظ

فان حقًّا الى نعيم فما يكون لنا طريق

فذاتك اخز الاهادى ومنجى المذنبين احفظ

فیا معینی فان فی بحر کید نفس انا غریق

فمنك حسادینکرون تجاهلا من شرو غول

فانهم دائما یصیحون فی سعیر کما شهیق

فانك تفسر لتنزیل ان لولا یکون شرحا

فان واللہ لا یجئ بفهمنا متنه دقیق

فانت روح لعارفین وانت حسن لمرسلین

فعاشقون علیك فیهم فانت ما احسن حقیق

علیك یا صرصر فان تبلغ ترابی الی المدینه

فانما من حجودهم النبی کان انا سحیق

جنودك العالمین فیه فانت سلطان ذی العدالت

ان انبیاء جمیل ناس فانك اجمل رشیق

بغیرك فی المصائب ما مغیثنا ان لا انیس

جداخ عنۃ قریب غریزا امّ اب شقیق

اقوم فی سکر عشقک ان یوم حتر یعون رب

خیالک ادنیاح روحی و نعتک ان لی لحیق

فکیف من خبث سیأت بقی علی بردۃ الفواد

فانّ عمّ آن جودک یا رسولنا اعظم عمیق

یزید شوقی الیک مولا فلا اخاف برحمۃ اللہ

فمن اسید بسجن اخزانک فمن حطمۃ عتیق

فان تنسون امتنان الرسول با لخبث انفسنا

فسوف یا ایھا المضلون ھا عتاب لکم حریق

صحیفۃ النعت لی بہا لی فنعم کنز معی دواماً

بعون وصف الرسول یا سخی بشاعرین ناطیق

ردیف کاف

رکھتا ہون مین تو ایزد غفار کی کمک — اور بعد اُسکے احمد مختار کی کمک

عثمانؓ باحیا عمرؓ درہ دار کے — صدیق اور حیدر کرار کی کمک

پیران پیر بادشہ عارفین کی — اور شیخ دین صابر دیندار کی کمک

اور جملہ مرسلین علیہ السلام کے — بارہ امام قاتل کفار کی کمک

کیونکر نہ ان سے عرض کرون حق کے فضل سے — پاسخ یہ کرتے ہین مرے ہر کار کی کمک

صدمے سہون فراق کے یارب کہان تلک — پہونچا دے مجکو اُس شہ کون ومکان تلک

یاد رسول مین ہو وہ اشراق باطنی — اسرار سب عیان ہین عیان ہی نہان تلک

ہی ضعف ناتوانی مین کہون حال اپنا کیا — دل سے سخن پہونچتا نہین ہی زبان تلک

ہمراہ اُسکے اُڑکے چل اے تن سوے نبیؐ — تجکو علاقہ ہی تو ہی روح روان تلک

پھرتا ہون مین بھٹکتا مدینے کی راہ مین — منزل تو کیسی پہونچا نہین کاروان تلک

طوطی ہون غیر آئینہ آستان شاہ
بلبل ہون وہ کہ پہونچا نہین بوستان تلک

ای شوق درد دل غم عشق نبی سے دے
حاضر ہو دے اسکے عوض میری جان تلک

ای دل فراق شاہ مین جل شمع کی طرح
سینہ سے نالہ آنے نہ پائے دہان تلک

دل ہو وہی جو در پہ ہی پامال زائرین
سر ہو وہی جو پہونچا ہی اُس آستان تلک

پہونچا غبار تو مرا یثرب مین شکر ہی
صرصر نے گو کہ قبر کا کھویا نشان تلک

حسن کلام پر شعرا ہین فریفتہ
شہرت ہی میری ہند سے اصفہان تلک

ای دل ابھی سے عشق نبی مین ہی کیون
صدمے تو ایسے سیکڑون ہین امتحان تلک

کیجے کرم کہ رحمت عالم ہی نام پاک
حضرت نظر عتاب کی مجھپر کہان تلک

پاسخ غم نبی مین یہ گریہ ادب کہ دیکھ
پروانہ جلتا ہی نہین کرتا فغان تلک

ردیف لام

ای گنج علوم و کرم و سرور جبرئیل
نعلین تو دے ختم رسل افسر جبرئیل

ای خاک درت قاسم انوار خورشید
وی گرد رہ و عتبۂ تو خم سر جبرئیل

ای دخل تو در انجمن قرب الٰہی
وی گفش ترا جای درون بر جبرئیل

از قطرۂ زلف تو شده تخت الٰہی
وز قطرۂ چشم تو شده پیکر جبرئیل

آن کیست که نازد بخود از گفتن مدحت
مادح چو شود دہر تو صورت گر جبرئیل

پرتو ز نور قدمت ساختی جای
قدری چو پرد خاک شود شہپر جبرئیل

دیدی چو گل روی تو میگشت محبت
رنگ گل صد برگ گریبان جبرئیل

الطاف تو پابند نموده دو جہان را
ذات تو فقط نیست کرم گستر جبرئیل

نالان ز غم عشق تو از ماه بماہی
یک گریہ کنانست چہ چشم تر جبرئیل

باشد رخ زیبات چو از پرده حضورش
چون طور ہمہ خاک شود پیکر جبرئیل

واللہ در تو رشک در خلد و نعیم است
خاک در تو زینت تاج سر جبرئیل

این تاب کجا بود زدی پر بصورت
ذات تو نمیگشت اگر یاور جبرئیل

بیچاره پاشنج چہ مدح تو زند دم
مادح چو شود دہر تو صورت گر جبرئیل

عشق محمدی ہی ازل سے کمال دل
رشک جمال مہر بنا ہی جمال دل

اللہ رے تجلی حسن کمال دل
حیرت سے جبرئیل ہی محو جمال دل

ایسا جلال اور کسی کا نہ یہ جمال
ہی منعدم نظیر جمال و جلال دل

رہتا ہی خال سے وہی پیمبر حضور چشم
ہی خال خال سے ہمسا خیال دل

صدمے گذر رہے ہین جو دل پر فراق سے
روشن حضور پر مین کہون کیا ملال دل

شوخی حسن شوق رسول کریم دیکھ
کب عشوہ گر حسین کوی ہوگا مثال دل

ہر حال مین ہی قال نبی اپنے حال مین
شائستہ ورود بنا حال و قال دل

فیض ہوائے عشق جناب نبی سے ہی
ابر گہر فشان ید دریا نوال دل

شاخین نکالے اصل مین طوبی کی صد ہزار
جو دبنی سے سبز ہی ایسا نہال دل

چمکایا بخت نے فلک صدر مین ہلال
ابروے پاک مین ہی جو ہر دم خیال دل

تکمیل ہو کمال محبت سے جب حصول
ممکن نہین نزول عروج کمال دل

حضرت سا اور کوئی بتاوے بے مجھے حسین
ہی کیا ہی لاجواب جواب سوال دل

جل جل کے مثل شمع گھلا اور ملے نہ آپ	کیا عرض یا رسول کرون اور حال دل
یا سنخ ادب ہاتھ سے دے دامن نیاز	ہو گفتگوے ناز یہ کیا ہو مجال دل

ردیف میم

ورد رکھتے ہین ہم یا شفیع الامم	لب پہ ہر دم بدم یا شفیع الامم
آپ کے ہون قدم یا شفیع الامم	اور صدقے ہون ہم یا شفیع الامم
تم ہو گنج کرم یا شفیع الامم	اور گنہگار ہین ہم یا شفیع الامم
تم قسیم نعم یا شفیع الامم	اور محتاج ہین ہم یا شفیع الامم
مہر محشر کی گرمی سے کیا خوف ہی	تم ہو ابر کرم یا شفیع الامم
سکۂ دل نہوتا جو نام آپ کا	غش یہ ہوتا درم یا شفیع الامم
جتنے دریا ہین ہووین سیاہی اگر	نخل ہووین قلم یا شفیع الامم
خلق تا حشر لکھے جو وصف آپ کے	ہون نہ ہرگز رقم یا شفیع الامم
کفش برداری خادمان جناب	حسرت جاہ جم یا شفیع الامم

عشرت دو جہان سے سوا ہی بہ مجھے — آپکا گر ہو غم یا شفیع الامم
تشنہ کسواسطے خنجر ہجر ہی — ہی نہین مجھ مین دم یا شفیع الامم
ہین کھڑے آستانے پہ مشتاق سب — اک نگاہ کرم یا شفیع الامم
حق تعالے کریم اور تم بھی کریم — پھر ہمین کیا الم یا شفیع الامم

پانچ اُٹھے آلہی یہ کہتا ہوا
احمد محترم یا شفیع الامم

شہنشہ رسول اکرم حبیب خاص خدائے اعظم — سفی مجد خیر افخم ہو باعث کون باغ عالم
ہو از بینائی کا وہ معدن طریقت و معرفت کا مخزن — ہو دار بخشش کا شمع روشن وہ حقیقت سے خوب محرم
ہو شان پاک اُسکی سب سے اعلی ہوا ہی ایسا نہ کوئی ہوگا — وہ آسمان اُسکا ہی کہ جن جا فرشتے ہین خاک بوس ہر دم
ہوا ہی اول وہ سب سے پیدا اگرچہ آخر مین ظاہر آیا — کہ اسکی عظمت سے ہی ہویدا ہی مبتدا الہی خبر مقدم
ہو وہ غضب تیرا نسو ہجران کہ پھنکتے ہین شمع سوزان — دکھادون گر آہ آتش افشان پکار اُٹھے الامان جہنم
نہین وہ ابرو کہ اُسکے اوپر عرق کی بوندین ہین مثل جوہر — نثاری بوندی کی ہی مقرر کہ جس سے مجروح ہوگئے ہم

ترا جو ہم پر ہے لطف و احسان بیاں کرے کس کو ہے یہ امکاں — ہمارا روشن ہے تجھ سے ایمان تجھی سے اے مرسل کرم

ہو جوش مشک عالم سے اصلا نہ ناف آہو میں پیدا — نسیم اگر دے ختن میں پہنچا نبی کی خوشبوئے زلف پر خم

وہ ذات پاک حبیب یزداں ہے باعث رحمت فراواں — کروں نہ کیوں اُس پہ جان قرباں کہ ہے وہ مقصود ہر دو عالم

گنہگاروں کو کچھ نہیں ڈر سقر کو داخل جو ہونگے یکسر — کہ لینگے جب تیرا اسم اطہر تو ہوگی سرد آتش جہنم

نبی ہیں سب خادم اور وہ والی یہ نوع ساں وہ خصیص عالی — وہی مقدم ہے سب میں تالی ہے آدمی پر ہے فخر آدم

ہے تیری قربت میں جوش جم لبوں پہ آیا ہے رنگ سے دم — کرم کر اے رحمت دو عالم دکھا دے جلوہ کہ مرتے ہیں ہم

کوئی نہیں بجز ترے ہمارا بچا ہا دور رحم سے تو خدارا
ترا ہی یا شیخ کو ہے سہارا رسول اعلیٰ نبی اعظم

خسرو عالم دین کے سرور صلی اللہ علیہ وسلم — حامی امت مالک محشر صلی اللہ علیہ وسلم

عالم اعلم عامل اکمل زاہد ازہد عابد اعبد — کامل اکمل طاہر اطہر صلی اللہ علیہ وسلم

بحر فصاحت کان بلاغت ضوء طلاقت جان لیاقت — نور سراپا حسن سراسر صلی اللہ علیہ وسلم

تحفہ ہم از حضرت سبحان تاج سر نعمت لازم منت — ہادی عالم عاجز پرور صلی اللہ علیہ وسلم

مخبر صادق مرسل برحق نوح کے منجی قطب آدم
مونس یونس خلق کے مظہر صلی اللہ علیہ وسلم

ہم سے گنہگاروں کے شافع ہیں یا کاروں کے حامی
باعث تسکین ہر مضطر صلی اللہ علیہ وسلم

کفر کی مطلق اصل مٹادی اور کیا اسلام کو قائم
کوئی نہیں حضرت سا دلاور صلی اللہ علیہ وسلم

عادل و باذل فاضل و شاغل عاشق و معشوق اکرم و اول
منعم و معطی حامی و داور صلی اللہ علیہ وسلم

شہ دنیا خسرو عقبیٰ منبع احسان مرجع عالم
انکے ہیں خادم سارے پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم

اعظم و اکرم امجد و اورع ارحم و افخم اوحد و اتقی
اظہر و اعلیٰ اعرف و اشہر صلی اللہ علیہ وسلم

زلف و رخ سلطان رسل سے گل ہو کہ سنبل کیسے ہوں ہمسر
مشک ہو نافہ عطر کہ عنبر صلی اللہ علیہ وسلم

غافر و اسخی رافع و اشفع دافع و ماحی ناسخ و اقضی
مخلص خاص خالق اکبر صلی اللہ علیہ وسلم

کحل جواہر ہووے کہ ہو اکسیر دلایا ہووے پارس
خاک در شہ کی نہ ہو ہمسر صلی اللہ علیہ وسلم

ناسخ ادیان صاحب برہان شارح قرآن نور ایمان
باعث امکان احسان گستر صلی اللہ علیہ وسلم

ہے ہر لحظہ یا ناسخ میرے دل کا وظیفہ احمد احمد
اور ہر دم ہے میری زبان پر صلی اللہ علیہ وسلم

ردیف نون

فراق احمدِ مختار مین جو زار ہون مین
ہر اشک کہتا ہو کوکبِ شاہوار ہون مین

وہ بارش ابر مین کب جیسا اشکبار ہون مین
تڑپ وہ برق مین کب جیسا بیقرار ہون مین

نثار رحمتِ حق کیون نہووے رحمت سے
ازل سے دلبر غفار پر نثار ہون مین

غم نبی نہ کرے دل سے کم کہین گردون
کہ غم کا مارا اسی غم کا غمگسار ہون مین

ہجوم داغ محبت نے یہ کیا رنگین
کہ گویا گلشن عالم مین اک چنار ہون مین

مرے جلیب مین چلتا ہی لشکر مضمون
کہ نعت شاہ کے میدان کا شہسوار ہون مین

یہ کر رہا ہون شہیدان عشق پر حسرت
کہ روح رشک سے کہتی ہی شرمسار ہون مین

ہمارا گلشن سینہ خزان سے ہی ایمن
کہے ہی گریۂ دل ابر نوبہار ہون مین

امید شافع محشر سے ہی شفاعت کی
سیاہ کار و گنہگار اگر ہزار ہون مین

ہر ایک ذرے سے خورشید کیون نہ ہو نادم
کہ خاک کوچۂ محبوب کردگار ہون مین

ہی آگ کو مرے سوز درون سے کیا نسبت
کہ جس سے کانپ اُٹھے شعلہ وہ شرار ہون مین

ہو سوزِ عشقِ نبی دل مین دولت ابدی
عروسِ داغ سے پیوستہ ہمکنار ہون مین

حضور شرمِ قیامت مین رکھیو پاسخ کی
کہ اک کمینہ غلامِ سیاہ کار ہون مین

تصورِ رخِ محبوب کردگار ہون مین
دکھے جمالِ مبارک اس انتظار مین ہون

ہوئی ہے نارِ سقر سے نصیب آزادی
اسیرِ سلسلۂ زلفِ مشکبار مین ہون

ہوے ہین آکے نکیرین میرے ہم ماتم
یہ بعد مرگ جدائی سے اضطرار مین ہون

نہ تڑپون شوق سے کیونکر اس آستانے پر
کہ دیکھے رحم سے شاید اس انتظار مین ہون

مرا ہون مین غمِ زلفِ نبی مین گھل گھل کر
بجا ہے دفن اگر نافۂ تتار مین ہون

مجھے سپید کرو یا سیاہ مالک ہو
حضور آپ ہی کے آخر اختیار مین ہون

مرے پہ بھی نہ زمینِ مدینہ ہاتھ آئی
الم سے قبر مین بھی صدمۂ فشار مین ہون

ہوئی ہے مجکو دو عالم سے اب فراموشی
شرابِ عشقِ محمدؐ سے وہ خمار مین ہون

مجھے نہ لیئے پھرے کیونکہ کوبکو وحشت
کہ بیخودی سے مین کب اپنے اختیار مین ہون

کہان یہ طائر سدرہ ہین شکرین گفتار
کہ مثل طوطی کے اس نیلگون حصار مین ہون

جو مجھ پلید کو پوچھے ہو اُسکو کیا پروا
مین ننگ ہر دو جہان گو بے شمار مین ہون

ہو مصر دل پہ مرے کب تصرف ابلیس
حمایت شہ کونین کے حصار مین ہون

قرار گاو زمین کو نہین ہوائی یا شیخ
یہ بیقرار پس مرگ مین مزار مین ہون

جو لیکے نام محمد ہم آہ کرتے ہین
فرشتے صلی علی واہ واہ کرتے ہین

بلا سے منکر اگر اشتباہ کرتے ہین
رخ اپنا دونون جہان مین سیاہ کرتے ہین

ملیگا شومی قسمت سے گریہ ابدی
جہول دین پہ گو قاہ قاہ کرتے ہین

نباہ چاہ کی ممکن نہین کرے کوئی
جناب ختم رسل ہی نباہ کرتے ہین

طفیل آپکا ہی جو گناہگارون کو
سزا یہان نہین ہوتی گناہ کرتے ہین

بغیر انکے یہ قدرت خدا نے دی کسکو
گدا کو ختم رسل بادشاہ کرتے ہین

کرم یہ آپکا ہی حق سے بخشواتے ہین
گناہگار ہزارون گناہ کرتے ہین

قدم اٹھاتے ہین چلنے کو جب رسول خدا
ملائک آنکھون کو بس فرش راہ کرتے ہین

سپید ہونگے شفاعت سے نامۂ عصیان
فرشتے کس لیے لکھکر سیاہ کرتے ہین

ہمارے دل مین نہین غیر احمد و خالق
یہی وظیفہ تو شام وپگاہ کرتے ہین

تو آتی ہو در حضرت سے امتی کی صدا
جو داد واد کبھی داد خواہ کرتے ہین

بغیر آپ کے آتی نظر پناہ نہین
اٹھاکے آنکھ جدھر ہم نگاہ کرتے ہین

رکھیگی امن مین پاسخ حمایت حضرت
ہمارے جرم ہمین کو تباہ کرتے ہین

مخلص کبریا علاؤ الدین
مقبل مصطفےٰ علاؤ الدین

واصل ذو الجلال بے ہمتا
صابر و رہنما علاؤ الدین

شیخ الاسلام قطب ابراران
سید الاولیا علاؤ الدین

منبع جود مخزن عرفان
خواجہ بے ریا علاؤ الدین

معدن فیض و مقتدائے جہان
مسند الاتقیا علاؤ الدین

شاہ زہاد و اعبد عباد	سرور اصفیا علاد الدین

گرچہ آثم ہو روسیہ پاسنخ
ہو ترا خاک پا علاد الدین

ہم جائین چھوڑ کر در خیر البشر کہان	دونون جہان مین اُسکے سوا ہی گذر کہان
آیا ابھی وہ روضۂ اقدس نظر کہان	دی مین نے جان عشق مین ٹکرا کے سر کہان
ابتک ہوا مدینہ مین میرا گذر کہان	خم اُسکے آستان پہ ہوا میرا سر کہان
آیا ابھی مدینے سے پیغامبر کہان	مجکو مرے حبیب کی پہونچی خبر کہان
مجکو سوء عرب ہی میسر سفر کہان	تقدیر نے ہنوز بندھائی کمر کہان
بردہ حضور کا ہون مجھے کیجیے غنی	مین آہ مارا مارا پھرون دربدر کہان
پھر بنیاد تیغ بلاے غم زمن	بے نام پاک احمد مرسل سپر کہان
کفار خاک جہل اُڑایا کرین ہزار	لیکن غبار پہونچیگا خورشید پر کہان
ہجر نبی مین آئے نہین دل سے اشک خون	یاقوت بارے تو نے ابھی چشم تر کہان

مولا کرم کرین تو مدینہ قریب ہی
ورنہ نصیب ہوتا ہی ایسا سفر کہان

رضوان نہ کیسے رشک کرے میرے اشکون پہ
سب کچھ ہی قصر خلد مین پر یہ گہر کہان

پیدا ہوا ہی تازہ خیال نگاہ شاہ
اس تیر نے کیا ہی ابھی دل مین گھر کہان

عشق نبی نہین تو کہان معرفت نصیب
جب تخم ہی نہووے تو ہوگا شجر کہان

ظلمت مین ہند کی ہون زیارت بعید ہی
اب دیکھیے کہ ہوتی ہی یہ شب سحر کہان

قاصد خبر جو شاہ کی لائے تو ہوش ہو
ورنہ ہون بیخبر مجھے اپنی خبر کہان

عشاق کو ہی شوق زیارت مین بیخودی
روضہ ہی آگے پوچھتے ہین ہی کدھر کہان

گریہ کہان نصیب جسے عشق نبی نہین
دل مین نہو جو درد سخن مین اثر کہان

مولا کے پاس رہتا ہی معمول ہی غلام
کیا رشک ہی نصیب نے پھینکا ادھر کہان

دربان روکتے ہو مجھے کیون غریب ہون
بولو اس آستانے سے جاؤن کدھر کہان

پاسخ سو مدینہ روانہ ہو اٹھ کے چل
کچھ ہوش ہی تو بیٹھا ہی کمبخت مر کہان

عشق بتان خراب ہے شہ سے نہ دل لگائے کیون

ہو جہان جان کا زیان پھر وہان کوئی جائے کیون

شوق سے خوب رو ئینگے جان کو غم مین کھو ئینگے

پھر یہ خیال روے شاہ یاد ہمین دلائے کیون

عشق جناب مصطفےٰ ایک ہی بحر بیکران

تا نہو اسمین غوطہ زن گوہر وصل پائے کیون

دل ہوا گم جگر جلا ہوش بجا نہین ہے پاس

مرتے ہین ہم جب آپ ہی تو غم شہ ستائے کیون

ہر رہ مدینہ نبی فرض ادب سے ہے سفر

خود ہی چلونگا سر کے بل عشق پھر آزمائے کیون

تا کرے نقدِ جان نہین عاشق زار نذر عشق

درد نبی مثال جان قلب مین پھر سمائے کیون

رنج رسول پاک مین دل مرا شاد ہی
ہی یہ کرم ستم نہین شکوہ زبان پر آئے کیون
شاؔہ گنا ہگار ہون یاس ہی مدعا سے ہی
جو کہ ہو نا مراد عشق اُسکی ہوس بر آے کیون
ہونگے فدا جو رسان جائینگے لاکھ بار ہم
ماہ رخ منیر سے شاہ نقاب اُٹھاے کیون
منزل عشق دور ہی اتنا ابھی سے اضطرار
صبر کر اہی دلِ حزین کرتا ہی ہاے ہاے کیون
عشق رسول پاک کے گر نہو سوز مین مزہ
نار الم سے پھر کوئی داغ جگر پہ کھاے کیون
پھر نہ مرون تو کیا کرون ہوتا بھی ہون جو بیقرار
تو غم شاہ کہتا ہی تم کہو تلملاے کیون

ہو غم شہ مین وہ فغان صبر بھی سن کے زار ہو
کھوئینگے ہوش انجمن ہجر ہمین رولاے کیون

پاسخ دل فگار کو شاہا کسی سے کیا غرض
ہو یہ غلام آپ کا در پہ کسی کے جاے کیون

دایم خیال احمد مختار مین ہون مین
دن رات انتظاری دیدار مین ہون مین

اللہ نے فوج امت شہ مین کیا شریک
نوکر ازل ہی سے اسی سرکار مین ہون مین

بیشک ہون اپنے عہد ہمایون کا بادشاہ
بیٹھا جو غم کے سایۂ دیوار مین ہون مین

ہو جان فدا ے خط نبی مین نثار زلف
فردوس مین ہی روح تو تاتار مین ہون مین

جلدی تو ہی پہونچ کہین فریاد اے اجل
ہجر نبی سے حسرت و آزار مین ہون مین

نور نبی کو دیکھ کے سمجھتا ہون گرد دل
کس عیش سے یہ گنبد دوار مین ہون مین

دیوانہ نبی ہون رکھے یان کہ لیچلے
ہر لحظہ اختیار دل زار مین ہون مین

ہون عندلیب گلشن نعت محمدؐ ہی
سیار ازل ہی سے اسی گلزار مین ہون مین

کہتا ہی خال دائرۂ زُلفِ شاہ مین
نکتے کی طرح حلقۂ پرکار مین ہون مین

مدّاح مصطفےٰ ہُون کہ مردم سے ہی فروغ
مانند شمع محفل اشعار مین ہون مین

عشق نبیؐ خدا نے کرم سے عطا کیا
غوّاص ازل سے قلزم انوار مین ہون مین

ابروے شہ مین کہتا ہی ہر قطرۂ عرق
جوہر کی طرح دیکھ لو تلوار مین ہون مین

وہ شان ہی کہ فخر سے کہتا ہی ہر نبیؐ
خُدّام پاک سیدِ ابرار مین ہون مین

رہتا ہی نوک تیرِ غمِ شہ پہ دل ہی کیا
ہی قول جان بھی روزن سوفار مین ہون مین

دل مین خدا خدا ہی تو لب پر نبیؐ نبیؐ
پانچ ہر ایکدم اسی تکرار مین ہون مین

ردیف واو

جب فات بادشاہ رُسل روبرو نہو
عاشق خراب رنج سے کیون کوبکو نہو

الفت تیری ہو تو ہی پتھر سے زشت دل
بدتر ہی سگ سے جسکو تری جستجو نہو

ہی تیرے فیض حسن سے رنگین ہر ایک پھول
وہ پھول کونسا ہی تری جسمین بو نہو

ہون داغ عشق شاہ تو آنسوؤ ہین روان
لطف چمن نہین ہی اگر آب جو نہو

خوش آئے کیسے منزل ہستی بغیر گور
پیش نگاہ عاشق غمگین جو تو نہو

رویا نہو وے جسنے لہو تیرے عشق مین
میدان حشر مین وہ کبھی سُرخرو نہو

مقبول بارگاہ نہوگی نماز شوق
جبتک کہ آب خون جگر سے وضو نہو

ای عشق خونبہا مین تو مقتول ہاین عیش
مقتل مین اور قتل یہی زرد رو نہو

خورشید مہر شاہ نہ جبتک کہ تاب دے
دل کے گھر کی کچھ بخدا آبرو نہو

ایمان یہی ہی دل مین ہو ذکر خدای پاک
لب پر سوای نام نبی گفتگو نہو

حضرت نہین بجھیگی مری پیاس جبتلک
تیغ نگاہ ناز کے نیچے گلو نہو

پیتا رہون مین چشم سے صہبای خون دل
بس اور میرے واسطے جام وسبو نہو

ہرگز کرے نہ زلف نبی دام مین اسیر
کاہیدہ عشق زلف مین تا مثل مو نہو

داماں صبر چاک کیا عشق شاہ نے
یہ چاک وہ ہی جسکا کسی سے رفو نہو

باسنج ہمیشہ مجھکو رہے شغل نعت شاہ
تا مرگ اور اسکے سوا آرزو نہو

١٩

خدایا جلد دیدار نبی مجھکو میسر ہو | کہ میرا دیدۂ دل نور عرفان سے منور ہو
جو وہ فیض نظر سے نور بخش ماہ انور ہو | ہلال آسا وفور رشک سے خورشید خاور ہو
گرے گر قہر بہتر پر تو بہتر پل مین بدتر ہو | کرم بدتر پہ گر ہو کیسا ہی بدتر ہو بہتر ہو
اگر انجم سے انکے کوچے کے ذرون کو دو نسبت | تپ غیرت سے معمور آبلون سے جسم یکسر ہو
ضعیف و روسیاہ و فاسق و عاصی و بیکس ہون | نبی ہو تم شفیع و حامی و مختار و یاور ہو
ہمہ تن چشم ہو کر محو نظارہ رہون ہر دم | مری گردن مین زنجیر آپ کی زلف معنبر ہو
ذرا دیکھو تو ہون مداح کیسے شاہ اعظم کا | مرا ہر شعر بحر معرفت کا کیون نہ گوہر ہو
سواد مردم دیدہ ہو لازم نعت لکھنے کو | ہو کاغذ پر وہ در ہر ایک ڈورا صرف مسطر ہو
ہمیشہ ذکر پاک سرور عالم زبان پر ہے | مرے عطر نفس سے کیون نہ باد صبح عطر ہو
سر اس اندوہ مین دیوار سے ٹکرا رہا ہون مین | کہ سر کوے مبارک مین ہو اور حضرت کی ٹھوکر ہو
نظر آئے اگر وہ روضۂ اقدس تو چین آئے | نہ کیون جمعیت دل صورت جمع مکسر ہو
نہ کر بہر خدا اتنا تغافل جان ہے لب پر | ہوا ہے شوق چہرا کبھی پردے سے باہر ہو

پہونچے گرد کو میرے سمند فکر کے دشمن
بھلا راکب ہے تیلا و پیادہ کیسے ہمسر ہو

تمنا ہے یہی جبہا کروں جاروب مژگان سے
غبار آستان پاک کحل دیدۂ تر ہو

ہوں میں مست محبت مجکو کیا پروا دو عالم ہے
قدم حضرت کے ہووین اور مجھ مشتاق کا سر ہو

جو وہ بحر کرم جلوہ دکھائے بادعشرت سے
دل عاشق حباب آسا نہ کیوں جامے سے باہر ہو

تمنا ہے اٹھوں پڑھتا ہوا محشر میں ای پانچ
مرے ہاتھوں میں نعت سرور عالم کا دفتر ہو

ای رحمت عالم ہے تمنا یہی مجکو
ہو جلد زیارت کہیں مولا تری مجکو

صحرا میں لیے پھرتی ہے وحشت ہرن آسا
یاد آتی ہے جب نرگس شہلا تری مجکو

ہوں منتظر دید رخ ای برق تجلی
دکھلادے جھلک آہ خدارا تری مجکو

اس سلسلے سے حشر تلک ہو نہ رہائی
محبوس رکھے زلف چلیپا تری مجکو

ایمان سے کہتا ہوں یہ ایمان ہے میرا
رہتی ہے جو یاد رخ زیبا تری مجکو

بے مرہم وصلت نہو پر زخم جدائی
عیسی کرے تاثیر دوا کیا تری مجکو

احوال پہ روتی ہو مرے شمع شبستان
یہ آتش فرقت نے جلایا تری مجکو

خواہش نہیں واللہ کوئی اسکے سوا اور
خواہش ہی فقط اے مرے آقا تری مجکو

ہو حرص کہ دیوانہ رہوں ہوش نہ آئے
بیہوشی الفت کرے شیدا تری مجکو

مقدور ہو کیا روک سکے چرخ کمینہ
کھینچے جو کشش رشک مسیحا تری مجکو

ہوگی نہ خبر شور قیامت سے بھی اصلا
وہ مست محبت نے بنایا تری مجکو

پابند کو جو مستانہ لیے پھرتا ہو ہردم
یہ طرز خوش آئی دل شیدا تری مجکو

غم نہیں روز قیامت سے سیہ کاروں کو
آسرا ختم رسل کا ہو گنہگاروں کو

آپ کرتے نہ شفاعت جو گنہگاروں کی
پھر ٹھکانا ہی نہ تھا حشر مین بیچاروں کو

ہوگئی رنج دو عالم سے رہائی حاصل
گیسو سرور عالم کے گرفتاروں کو

ہجر حضرت مین مون زار کہ رونے پہ مرے
چشمے جاری نہیں رقت ہوئی کہساروں کو

کب ہوے ہر مژہ اشک فشان کے ہمسر
سر کشی کی تو تنزل ہوا فواروں کو

حق نے جان بخشی اموات کی دی ہو قدرت
آپ کے خادمون کے غاشیہ برداروں کو

خاک صحراے مدینے سے خجل ہین نافحے
وان کے خارون پہ تصدق کرون گلزارون کو

غافلو محفل میلاد مین سر سے آؤ
نعمت خاص خدا عام ہو حقدارون کو

بولکیا طوطی دل کیون نہ خوشی سے چہکے
فوق آئینہ پہ ہر روضے کی دیوارون کو

نار دوزخ سے ملی ہو سند آزادی
آپ کے روضۂ پر نور کے زوارون کو

ہر گل زخم سے ہی سینے مین گلزار ارم
آپ کی تیغ محبت کے دل افگارون کو

خاک کو سر کرون دشت مدینہ جو دیکھے
پھیر دن آنکھون مین سلائی کی جگہ خارون کو

آرزو ہی کہ مرون دیکھکے درگاہ نبی
صدقے ہو طائر جان حرم کے دیوارون کو

تمہاری دل عشاق نہ کیون ہون نالان
سر وسان دیکھکے اس روضہ کے مینارون کو

یا رسول عربی کہ سکے معا کی تسکین
بیقراری ہوئی جب آپ کے غمخوارون کو

نردبان رشک عرش کی ہو جسکو ہوس
دیکھے روضۂ محبوب کے مینارون کو

فیض رفتار سے خوشبو ہی زمین یثرب
عطر گل کھینچ لین گل سے کہو عطارون کو ۲۰

آپ پر ورد ہمارا ہی عیان یا سرور
پاس بلوائیے آپ اپنے طلبگارون کو

ابروان شہ عالم کا ہے دل مین خیال
مثل جان اسمین گندرہو انھین تلوارون کو

شعر وصف عرق شاہ دین جب مین نے لکھا
صدقے نقطون پہ عطارد نے کیا تارون کو

چاریار نبوی پر ہون فدا ای پاسخ
جان ایمان سمجھتا ہون مین ان چارون کو

حق نے محبوب کیا اُس شہ انس و جن کو
الفت ختم رسل فرض ہے ہر مومن کو

پھر سکون آپ مین آئے نہ خوشی کے مارے
آپ اے شاہ اگر دین حرکت ساکن کو

آپ کو بخشی ہے اللہ نے ایسی قدرت
دن کرین شب کو اگر چاہین کرین شب دن کو

آرزوئین جو مرے دل مین بھری ہین شاہا
آپ پر سب ہین عیان منھ سے کہون کیا ان کو

ہم گنہگار ہین اور ضامن بخشش حضرت
مالک خلد خدا نے کیا اُس ضامن کو

اتنے احسان پہ بھی رہتے ہین منکر حاسد
ورنہ سب مخلص و ان جانتے ہین محسن کو

چرخ اعظم کی نہ ہو تب حرکت پھر غالب
آپ رحمت سے جو دیکھین فلکِ ثامن کو

کونسی بات ہی باقی جو خفی آپ سے ہی
حق نے فرما دیا راز جلی و باطن کو

کیسے لین کافر اسے دین ہی مال معصوم
اہل کو دیتا ہی حق چاہیے یہ خازن کو

گر عقیدہ نہیں حضرت سے تو مسلم کب ہی
کہ یقین باعث ایمان ہی ہر مومن کو

آپ کے سامنے باطل ہی دلیل منکر
نہیں ممکن یہ کبھی ابر چھپالے دن کو

کیا ہی پچھتائینگے انکار پر اپنے منکر
عرصۂ حشر میں دیکھینگے جو اس محسن کو

کردیا حق نے وجود آپ کے مانند عدم
آپ کی وجہ سے تکوین ہوئی ممکن کو

یہ امانت ہی امین کے لیے کافر محروم
کسطرح دولت اسلام ملے خائن کو

اشرف الناس پس ختم رسل چار اصحابؓ
حق نے پاسخ کیا دارین کا سلطان انکو

مجکو یارب نہ اور کچھ غم ہو
ہو تو در در رسول اکرم ہو

روضۂ پاک پر ہو دل صدقے
سر در مصطفےٰ ہی پر خم ہو

انبیا میں معظم عالم
تم مگر انمیں سب سے اعظم ہو

جان دوں تیغ ابروئے شہ پہ — جب تلک میرے جسم میں دم ہو

رہے دندان شہ کا دھیان امین — کان گوہر یہ چشم پرنم ہو

غیر خاک در السلام کہاں — ہو تو یہ زخم دل کی مرہم ہو

شوق خیر الوریٰ میں مست رہوں — مجکو اس مے کا جام جم جم ہو

اصل میں پہلے تم تو پیچھے سب — تم ہی تو فخر نسل آدمؑ ہو

مجکو محروم مت رکھو یا شاہؐ — تم کل اسرار حق کے محرم ہو

سنگ باب نبیؐ ہو سر میں نگین — غم سے خم قد جو مثل خاتم ہو

خاک یثرب ہو سرمۂ مومن — اور منکر کی آنکھ میں سم ہو

طائر دل کلس پہ جا بیٹھے — یا رب اس نیزے پہ یہ پرچم ہو

عرق شہ کا دل کو دھیان رہے
پانچ اس پھول پہ یہ شبنم ہو

سجدا آتش دوزخ سے نہیں غم مجکو — کہ بچا لینگے مرے سرور عالم مجکو

دمبدم ہی جو زبان پر صفت زلف نبی	شاخ فردوس کی بو آتی ہی ہر دم مجکو
آئے آغوش مین تاثیر وصال حضرت	کر کمان ضعف سے ای قامت پرخم مجکو
دم نکل جائے مرا دیکھکے درگاہ نبی	حرص دیدار الٰہی کرے بیدم مجکو
ہو نصیب آب و گل کوچۂ محبوب خدا	چاہیے زخم جگر پر یہی مرہم مجکو
گل دل کہتا ہی عشق عرق حضرت مین	تا ابد تازہ رکھیگی یہی شبنم مجکو
ہون نجس جرم سے گو پر الم حضرت مین	غسل دیگا میرا دیدۂ پرنم مجکو
مرنجاؤن کہین کم بختی سے ہندستان مین	رہتا ہی یاد مدینہ مین یہی غم مجکو
مستی شوق نبی ہووے مجھے روز افزون	جام اس بادۂ اطہر کا ہو جم جم مجکو
گو گنہگار ہون پر امت محبوب مین ہون	بخش ہی دیگا مرا خالق عالم مجکو
شوق نام اسکا ہی چلتا ہون جو سوئے یثرب	جان کہتی ہی کہ جانے دے مقدم مجکو
بینی اقدس حضرت پہ نہین ہین یہ بھوین	اک علم پر نظر آتے ہین دو پرچم مجکو
دولت الفت حضرت سے ہوا ہون منعم	حق تعالےٰ نے دیا عیش دو عالم مجکو

پہونچا سر پاؤن پہ رخسار نبی کے غم مین — اس نگینے نے کیا حلقۂ خاتم مجکو

زلف کہتی ہی مرے دل سے کہ دونگی پھانسی — چوم کر عارض شہ کیون کیا برہم مجکو

سر جھکے میرا در شاہ رسل پر یا رب — اسی محراب مین اللہ کرے خم مجکو

ردیف ہا

الٰہی برائے نگار مدینہ — میسر ہو دید دیار مدینہ

الٰہی بعز و وقار مدینہ — دکھا چہرۂ نور بار مدینہ

وہ شیرین ہی آب کوثر کے منہ مین — جو ہو ذاکر جوئبار مدینہ

ہر اک برگ سبزہ ہی کیا برگ گل ہی — کہ غنچہ ہی ہر ایک خار مدینہ

قدمبوس سے میرے نازان ہی رضوان — کہ ہون خادم تاجدار مدینہ

یہ ہی عین ایمان زبان پر ہو کچھ بھی — ہو پر دل مین یاد نگار مدینہ

لگاتے ہین آنکھون مین سارے ملائک — عوض طوطیہ کے غبار مدینہ

سماتا نہین آپ مین چرخ گردان — جو رہتا ہی ہر دم نثار مدینہ

غبار مدینہ بہار ارم ہی — بہار ارم ہی غبار مدینہ

محبت مین ہو سیل اشک ایک دریا — ہون پلکین مری آبشار مدینہ

سجا ہی اگر کور وہ چشم ہووے — نہ دیکھی ہو جسنے بہار مدینہ

کہ مین مہر و مہ کا سب نور جن سے — وہ روشن ہین لیل و نہار مدینہ

کہ گل رشک سے جسپہ کھاتی ہی جنت — وہ ہی جلوہ لالہ زار مدینہ

مرا ہا کس رشک سے ہند مین مین — رہا داغ یہ یادگار مدینہ

سجھے تیزی مہر محشر دکھادون — اگر داغ عشق نگار مدینہ

نہو باغ فردوس مرغوب رضوان — اگر دیکھے حسن بہار مدینہ

ہو وہ خاک جب میرا سرمہ تو کیونکر — سلائی بناؤن نہ خار مدینہ

جسے دیکھکر تشنہ ہو آب حیوان — وہ شیرین ہی ہر جویبار مدینہ

کہین ہو نہ ایسا مرون ہند مین مین — بلا لو مجھے شہریار مدینہ

ہو پا شیخ کا جب خاتمہ یا الٰہی

تو ہو طائرہ جان نثار مدینہ

یہی ہی درد دل و جان یا رسول اللہ — ہو آپ قبلۂ ایمان یا رسول اللہ

یہ نعمتین ہون عطا ہمکو ان گناہون پہ — یہ آپ ہی کا ہی احسان یا رسول اللہ

کرون نثار مگر قابل نثار بھی ہو — کہ مجھ پلید کی کیا جان یا رسول اللہ

مین کیسے پہونچونگا منزل تو دور ہی دریا سے — سفر کا کچھ نہین سامان یا رسول اللہ

سیاہ کار وہ ہون مین کہ دیکھ کر مجکو — پناہ مانگے ہی عصیان یا رسول اللہ

کرونگا روے سیہ اپنا سامنے کیسے — کہ اس الم سے ہون نالان یا رسول اللہ

در حضور پہ حاضر ہون ایسی صورت سے — حیا تھی مجکو فراوان یا رسول اللہ

کہ ایسی شکل اور ایسے در مقدس پر — یہ تاب میری یہ امکان یا رسول اللہ

مگر پناہ نہ دیکھی تو ہوگیا مجبور — مین دوڑا آیا ہون حیران یا رسول اللہ

حضور کیا یون ہی مایوس ہی چلا جاون — مین غم کا مارا پریشان یا رسول اللہ

نہین نصیب مین کچھ بھی پھرونگا یون کب تک — پکارتا ہوا گریان یا رسول اللہ

فقیر ہون مجھے لللہ کچھ عنایت ہو — کہ دو جہان کے ہو سلطان یا رسول اللہ

امیدوار ہون مایوس مجکو مت پھیرو — نکالو یہ مرا ارمان یا رسول اللہ

غلام پر بھی کرم کی نظر کہ یہ عاصی — ہی غرقۂ یم عصیان یا رسول اللہ

کہان نصیب کہ آنکھیں ملون پانون پر صدقے — فدائے کفش ہو یہ جان یا رسول اللہ

اسیر سلسلۂ نفس ہون چھوڑا دیجے — کہ دیو سخت ہی شیطان یا رسول اللہ

بچانا پنجۂ ملعون سے دم مردن — کہ ہی یہ دشمن ایمان یا رسول اللہ

محمد عربی لب پہ دل مین ہو اللہ — روانہ تن سے ہو جب جان یا رسول اللہ

قبول یا شیخ بیدل کی عرض ہو جائے
ہو اسکے درد کا درمان یا رسول اللہ

ہر دم یہی لب پہ ہی صدا ہائے مدینہ — اللہ دکھائے رخ زیبائے مدینہ

گھبرایا ہوا پھرتا ہون جویائے مدینہ — کب شوق مرا دیکھیے دکھلائے مدینہ

ہو وہان کی زمین چرخ تو اختر ہی ہر انسان — ہی بام نبی عرش معلائے مدینہ

حسرت مین ہم آہون مری آنکھون مین لگا دو
خاکِ قدم ناقہ لیلاے مدینہ

حوران ارم کرتی ہین پیشانی پہ افشان
چُن چُن کے ہر اک ذرہ صحراے مدینہ

کاذب کہو یا رند سیہ کار کہ مجرم
ہی فخر یہی ہون سگ مولاے مدینہ

خواہش ہی تو ہی خواہش دیدار اقدس
پروا ہی شب و روز تو پرواے مدینہ

کہتے ہین جسے شمع وہ ہی سوز الم سے
پروانۂ شمع رخ زیباے مدینہ

جل جاے وہ جان حُبِّ نبی جسمین نہو
پس جاے وہ دل جو نہو شیداے مدینہ

ہر ایک سے اعجاز مسیحا ہین ہویدا
ہر خادم روضہ ہی مسیحاے مدینہ

اس حرص مین ہون بصفت نار کہ مجھ پر
گر جاے کہین عکس تجلاے مدینہ

گو چشم سے پنہان ہی پر آئینۂ دل مین
موجود ہی تصویر سراپاے مدینہ

غلمان کے لیے غازہ بنا دیتا ہی رضوان
لے لے کے گل لالہ حمراے مدینہ

پانچ جو بیان شومی قسمت سے مرون مین
کہتا ہوا اُٹھونگا یہی ہاے مدینہ

ردیف الیاء

نا تواں ہوں کوئی لیجائے مجھے
در محبوب پہ پہونچا دے مجھے

کام آجاے ہواے الفت
یہی لیکر کہیں اُڑ جاے مجھے

غم شہ میں نہ مروں میں کیونکر
کہ نہ اتنا بھی تو گھبراے مجھے

برق شرما کے نہ چمکے ہرگز
فرقت شاہ جو تڑپاے مجھے

جا کے یثرب میں مروں میں یارب
یہی حسرت نہ رہے ہاے مجھے

کسی تدبیر سے یثرب نہ دکھا
راہ تقدیر تو بتلاے مجھے

جل کے ہو جاؤنگا گم مثل شرر
آتش عشق نہ بھڑکاے مجھے

ہو جدا تن سے نہ خاک یثرب
کہ دو کوئی نہین نہلاے مجھے

غم میں امید سے تسکین کب تک
صبر بھی تو کبھی آجاے مجھے

تا کرے مجکو فنا فی الحضرت
پیر ایسا کوئی مل جاے مجھے

عشق حضرت سے تو کہدے ای یاس
بس نہ ایسا بھی تو ترساے مجھے

عشق شہ بخشے مجھے محوِ حیرت　　آپ مین کوئی نہین پائے مجھے
کوے حضرت کا ہون مین دیوانہ　　اور بہکونگا جو سمجھائے مجھے
غم حضرت مین ہون زندہ اب تک　　بیکسی کیسے نہ شرمائے مجھے

رشک دیدار نبی ہی ہانسخ
مر جاؤن اگر تو چین آئے مجھے

ہی لب پیر ہر دم ذکر حضرت کے فضائل سے　　بلند آوازہ ہی صل علی کا میری محفل سے
بھروسا ہی مجھے محشر مین حضرت کی شفاعت کا　　وگرنہ غیر عصیان ہوتا ہی کیا مجھے کاہل سے
مرادان سے تو خالِ نبی سے عرش پہ پہونچا　　غلط ہی یہ کہ اڑتا ہی نہین کافور فلفل سے
یہی تو سلسلہ ہو دو جہان مین میری بخشش کا　　جو ہی پابندی دل شاہ کی زلف مسلسل سے
عنایت بادشاہ انبیا کی ہی دو عالم مین　　ہے سب کام ہین آسان غرض کیا مجکو مشکل سے
پتا پھر کیا ملے عشق بیان شہ کرے جب گم　　کہ عنقا تک بھی تو گم کردہ رہ ہی میری منزل سے
مدد امی صبر حال غم بھی شہ کو لکھ نہین سکتا　　تڑپ کر چھوٹ جاتا ہی قلم میرے انامل سے

کبھی چشم نبی برسائے شاید تیر مژگان سے | مدینے مین بس مرے دن بنے تو وہ مری گل سے
قوی ہو وہ غم سودا حضرت مین توڑیگا | مجھے جکڑا کرین حداد زندان مین سلاسل سے
وہ مجنون ہون کہ ہو عشق نبی سے حسن وہ مجھپر | جو لیلیٰ دیکھے تو گر پڑے غش کھا کے محمل سے
غم حضرت مین داغ دل سے انگارون کو کیا نسبت | کہان یہ تاب انجم ہون مقابل ماہ کامل سے
جو مانگونگا مجھے بھی دینگے حضرت گرچہ ہون مجرم | سخی ہرگز نہین منھ پھیرتا ہی اپنا سائل سے
ہوا ہی جب سے روشن مشعل عشق پیمبر سے | مرا فانوس تن تابان ہی شمع روشن دل سے
مدینے مین نہ پائی جائے آنسے سر سے تا جلتا | پٹکتا ہو سمند اپنا سر اس غم مین ساحل سے

وہ مین ہی جانتا ہون جو مزہ ہو عشق حضرت مین
کہ اسکا لطف پانے کوئی پوچھے مجھ مائل سے

تصور مین رخ خیر البشر ہی | جمال ایزدی پیش نظر ہی
وہ گل رخ سامنے جو جلوہ گر ہی | رگ گل کی روش تار نظر ہی
کہ ہر عرش آشیان ہی کحل بینش | وہ آنکے خاک پاک رہگذر ہی

جو ہاتھ آیا نہین دامان یثرب — تو ٹکڑے ٹکڑے دامان سحر ہی

ہی پر داغ آتش عشق نبیؐ سے — مرا قد ایک نخل بارور ہی

یہ کس گل کے مژہ نے تیر مارے — جو رنگ برگ گل ٹکڑے جگر ہی

وہ ہی جان بخش ہر جوے مدینہ — کہ جسکے آب کا تشنہ خضرؑ ہی

مدد ای جذبۂ رحم نبوت — الم سے ناتوان ہون تو کدھر ہی

نہین ممکن قیام روح تن مین — کہ اسکو شوق یثرب مین سفر ہی

ہی دل مین جوشش فرط محبت — زبان پر مدحت خیر البشر ہی

مرا ہر ایک مضمون گوہر در — مرا ہر شعر عمان اثر ہی

نہ شادان کیسے ہون داغ جگر سے — کہ نخل عشق احمد کا ثمر ہی

سر زلف نبیؐ چھوٹے نہ اصلا — یہی شوق دل و سودائے سر ہی

الم سے یان تو آئی جان لب پر — دلا محبوب کو بھی کچھ خبر ہی

نہ کیون ہو عشق پیغمبر مین مشہور

کہ پانسخہ عاشقون مین نامو ہی

یہانتک پھنک رہا ہون آتش عشق پیمبر سے ‏ ‏ نکلتے ہین شرر اشکون کے بدلے دیدۂ تر سے

فلک سنگ ستم برسا رہا مین کب سر اٹھا تا ہون ‏ ‏ تری چوکھٹ سے تیرے آستانے سے ترے در سے

سر مو بھی پریشانی نہین ہون قیامت سے ‏ ‏ کہ میرا سلسلہ ہی شجرۂ زلف پیمبر سے

تری برق غضب سے برق ہووے جل کے خاکستر ‏ ‏ نہ اوگے سبزہ پانی کے عوض آگ ابر سے برسے

رقم ہی مصحف سینے مین نعت سرور عالم ‏ ‏ مشابہ ہی دل پر داغ کو طاؤس کے پر سے

فلک پر زہرہ فرط عیش سے کیونکر نہ اترائے ‏ ‏ کہ لب پر ہی ترنم میرے اشعار معطر سے

حضور اب جان لب پر آگئی ہی آپکا فدوی ‏ ‏ کہان تک تڑپے یون جلمے سے نالے کرے تر سے

ہوا ہی طبلۂ مشک ختن مغز خیال اپنا ‏ ‏ محبت ہی جو تیرے گیسو زلف معنبر سے

ہون مین اے شاہ تیرے شربت دیدار کا تشنہ ‏ ‏ نہ ہی تسنیم کی خواہش نہ رغبت آب کوثر سے

نہ پوچھین حال امیر دردکا سرکار ظاہر ہی ‏ ‏ ہے رنگ سپید و آہ سرد و دیدۂ تر سے

یہی ہی آرزو اے رشک اعجاز مسیحائی

کہ پاسخ زندہ ہو وے روز محشر تیری ٹھوکر سے

جو روبروِ چشم ور شاہ نہیں ہی	قابو مین دل زار مرا آہ نہیں ہی
کرتا ہو نثار آپ کے روضہ پہ ہمیشہ	یہ اپنا دل زار فلک ماہ نہیں ہی
خاموش نہ کر نعرے او با ای دل شیدا	کیا میری تپ غم سے وہ آگاہ نہیں ہی
ہو تیری گدائی مین اسے شاہی سے عقبے	فدوی نہو دنیا مین جو ذیجاہ نہیں ہی
بے مرگ کہین ہووے بنی دکھتا ای دل	یہ رسم نہیں عشق کی یہ راہ نہیں ہی
وہ چشم اگر گریہ سے ہو کور تو بہتر	گر سامنے وہ گنبد دلخواہ نہیں ہی
شمسے کی تجلی سے نہیں شمس ہی نادم	اس رشک سے کیا زرد رخ ماہ نہیں ہی
چاہ ذقن شاہ مین ڈوبے دل عالم	یوسف ہو فقط غرق یہ وہ چاہ نہیں ہی
کیا طاقت ابلیس دم مرگ جو آئے	کیا شہ کی حمایت مرے ہمراہ نہیں ہی
شیدا ہے در شاہ در شہ سے جدا ہو	اس سے کوئی بڑھ کر غم جانکاہ نہیں ہی
ہین قصر نگارین تو بہت پہ نہیں محبوب	یثرب مین جو ہی خلد مین واللہ نہیں ہی

بوجہل کے انکار سے کیا نقص رسالت
ہوتا ہے سعد ازلی تابع ارشاد

کافر ہی مفر جو کوئی گمراہ نہین ہے
پر راہ شقی کی تو گذرگاہ نہین ہے

کونین کا ملجا ہے ترا روضۂ اقدس
پاسنج ہے فقط اک سگ درگاہ نہین ہے

جیسے ہین آپ ایسا پیمبر نہین کوئی
دونون جہان مین آپ کا ہمسر نہین کوئی

یون تو حسین ہین آپ کی دولت ہزارہا
واللہ لیکن آپ سا دلبر نہین کوئی

ہے سب کو عشق زلف نبی جان سے عزیز
سودا یہ وہ ہے جس سے تہی سر نہین کوئی

خوشبو پہ جان دیتے ہین مولا حسین تمام
واللہ ایسی زلف معنبر نہین کوئی

جتنے نبی ہین یون تو ہین محبوب کبریا
پر خاص تجھسا مخلص داور نہین کوئی

ہر اشک میرا ہجر نبی مین ہے بے بہا
اس آب کا ارم مین بھی گوہر نہین کوئی

جبتک بدن مین دم ہے پڑھو دم بدم درود
کام اس سے دوجہان مین بہتر نہین کوئی

حضرت خدا کے واسطے بلوایئے کہین
جیسا ہون مین فراق مین مضطر نہین کوئی

ہوویں نقوش کفش نبی میری قبر پر
خوب اس سے اور پھولون کی چادر نہین کوئی

ظاہر صفات ذات خدا آپ سے ہوئین
غیر حضور ذات کا مظہر نہین کوئی

بے اتباع شاہ کہان معرفت نصیب
منزل کو کیسے پہونچے جو رہبر نہین کوئی

مولا کرین کرم سے جو بہتر تو کیا عجب
سمجھا اگرچہ خلق مین بدتر نہین کوئی

حاصل ہو جس سے دولت صوری و معنوی
ایسا در نبی کے سوا در نہین کوئی

کیا عرصۂ مدینۂ اقدس ہی پر ضیا
ہمسر ہر ایک ذرے سے اختر نہین کوئی

کہتی تھی صدقے ہو کے شجاعت جہاد مین
حضرت سا دو جہان مین دلاور نہین کوئی

پانچ ہمارے واسطے دونون جہان مین
حامی سوائے مالک کوثر نہین کوئی

کیا بیوفائی ہم سے ہماری قضا نے کی
تدبیر کی نہ کوئی مدینے کے جانے کی

ہر دم جفا ہی اس فلک کج ادا نے کی
کچھ بھی تلافی اسکی نہ آہ رسا نے کی

تاثیر آہ کچھ بھی نہ میری دعا نے کی
ہون کم نصیب پر مرے مدعا نے کی

کیا شوخی اسکو جلوۂ حیرت فزا نے کی — جسکی ادا پسند جناب خدا نے کی

آب حیات دیتا ہی جو عمر جاودان — تاثیر اسمین آپ کی شیرین ادا نے کی

حاضر ہی میرا یہ دل صد چاک یا نبی — خواہش پس وضو ہی جو حضرت کو شانے کی

نعلین پر نثار ہی یہ جائیگا کہان — کیون دل کو قید آپکی زلف دوتانے کی

مین ناتوان ہی رہ گیا یثرب کو سب گئے — کیا کاہ کی کشش مین کمی کہربا نے کی

امت مین بادشاہ رسل کی کیا ہمین — ہم عاصیون پہ کیا ہی عنایت خدا نے کی

سوا لغیر ہند مین جینا تھا ناگوار — اچھا ہوا کہ جلدی ہماری قضا نے کی

تا دل مین شمع سان سحر آنکھون مین مثل نور — تصویر ہی خیال نے اُس آستانے کی

روضہ مین ہم گئے نہین باہر کھڑے رہے — نقد نیاز نذر ہماری حیا نے کی

ہی عشق گیسو عرق افشان مصطفے — سیراب کشت دل اسی کالی گھٹا نے کی

تا عرش ہو پہنچا فرش سے شوق نبی مین مین — جو کچھ عروج خاک ہوا اس ہوا نے کی

پاسنچ نہ لیکے مین گیا حاجت کسی کے پاس

ہر کام میں مدد مری خیر الورا نے کی

جو سامنے وہ روضۂ پر نور نہیں ہے
بس آپ میں میرا دل رنجور نہیں ہے

تحریر ہوئی یا مہر مرے قتل کا محضر
ہر حلقۂ مہر جوہر ساطور نہیں ہے

میں صدقے کروں جان نہ کیوں کفش پہ تیری
مثل قدم پاک رخ حور نہیں ہے

جب سے ہوئی حاصل در اقدس سے جدائی
یاں تن ہی میں جان تن رنجور نہیں ہے

مولا ہوں میں راضی مجھے جس طرح رکھیں آپ
کچھ عرض کروں اتنا تو مقدور نہیں ہے

ہے مجھ سے گنہگار کو بھی چشم شفاعت
کب ہر مومن آپ کا مشکور نہیں ہے

ہیں سینے میں داغ غم شہ حسرت گلشن
فردوس ہے لاریب مری گور نہیں ہے

جز عشق نبی شہد ہوس کیسے سماوے
یہ دل ہے مرا خانۂ زنبور نہیں ہے

ہے درد نہیں سخت کوئی ہجر نبی سے
اس سنگ سے کب شیشۂ دل چور نہیں ہے

جو ہر شرر سنگ در شہ میں ضیا ہے
واللہ وہ خورشید میں بھی نور نہیں ہے

پا شیخ بھی مرے آکے مدینہ میں جو مولا

یہ آپ اگر چاہیں تو کچھ دور نہیں ہی

ہی عین نعت خاموشی نہیں قدرت تکلم کی
کہ ہوں قطرہ بیاں ہو مجھسے کیا تعریف قلزم کی

ہمیشہ سبزہ و گلہائے یثرب ہی تصور میں
کہ ہے آگے ہو کیا اصل اطلس و سنجاب و قاقم کی

لیا الیاس نے جو دامن شہ خلد میں پہونچا
نہ رفعت پائی اک عیسیٰ نے ہی چرخ چہارم کی

مقابل سیلی امواج سیل اشک کے کب ہو
کہ میرے بحر غم کے آگے ہی کیا اصل قلزم کی

چٹکنا یہ نہیں ہی ہی صدائے آہ گلشن میں
ادا دیکھی ہی کیا غنچوں نے حضرت کے تبسم کی

مرا جاتا ہوں اس حسرت میں میں صدقہ نواسوں کا
ادھر بھی گاہے ہو جائے نظر کوئی ترحم کی

وہ رفعت آستان شاہ کی ہی سامنے جسکے
ثریٰ سے بھی ہی نیچے مار کہ سلطان انجم کی

خیال خال حضرت رہتا ہی ہر دم مرے دل میں
کہ لازم بھی یہی ہی جا ہو دیدے میں مردم کی

نہ حکم شہ سنے ہرچند خوابیدہ تو حیرت ہی
کہ شیشے کی نہیں قلقل صدا ہی صاف قم قم کی

بنے ہر معجزے تن گر فی المثل اپنا زبان ہا سخ
ثنا تو بھی نہ ہو مجھسے ادا حسن تکلم کی

ہی شوق محمدؐ مرحمت کر دم بدم یا رب
کہ اک پیمانے سے ہوتا ہی کیا یاں حبس ہر خم کی

اسی مین غرق ہوجاتا ہو عین مقصدِ عاشق
کہ بحرِ الفتِ حضرت مین کیا دہشت تلاطم کی
ہو یارب عمر بھر سرمہ مرا خاکِ درِ مولا
ملے محشر مین بھی مٹی براقِ شاہ کے سم کی

چلو اٹھو خدا کے واسطے اب بھی مدینے کو
یون ہی بیکار پانچ عمر تم نے ہند مین گم کی

غمِ شہ مین وہ طغیانی ہو بحرِ چشمِ پرنم کی
سمندر بھی ہو جسکے سامنے اک بوند شبنم کی
خدا کے واسطے مولا سے کہدے اے صبا جاکر
اٹھائی اب نہین جاتی مصیبت مجھسے ہردم کی
قدم کہتے ہین اسکو جو رکھا حضرت نے کاندھے پر
ہوئی کیا شان عالی اولیا مین غوث الاعظم کی
اسی چاہت کے باعث چاہتا ہو سب جہان اسکو
لگی ہو چاہ بادشاہ سے جو چاہ زمزم کی
ملا ہو اسکو یہ رتبہ فقط نعلین کے دولت
حقیقت کیا ہو ورنہ پیش پا حضرت عرش اعظم کی
زمین والے اگر ٹپکے اشکِ رنجِ عشقِ حضرت سے
مری تقدیر اس فرات سے خورشید سان چمکی
جو عیسی بھی رکھین پھاہا تو زخمِ دل نہو اچھا
بدل جائے الٰہی شک سے تاثیر مرہم کی
نہین ہو وجہ یہ آٹھون پہر نرگس کی حیرانی
شباہت کچھ تو آئی ہی نظر اس فخرِ آدم کی

غنی ایسا کیا ہی گنج عشق شاہ نے مجکو
مرا محتاج ہو اک نام کو شہرت تہو حاتم کی

ہو گم مثل شرر دیکھے جو عشق شاہ کی آتش
ہماری آہ کے آگے حقیقت کیا جہنم کی

غم حضرت مین مجکو اپنے مرنے کا نہین کچھ غم
یہی ہی غم کریگا کون غمخواری مرے غم کی

مثال زلف ہو آغوش دل مین عارض حضرت
ہر اک دم جان لیتی ہی بلا مین زلف پرخم کی

مدد ای وصلت شہ اب خدا لے ہجر ہی گم ہو
نہین باقی ہی میرے جسم مین اک بوند بھی دم کی

لب جان بخش حضرت کا جو ہوں محتاج ای پاسخ
مسیحا مانگتے ہین خیر ہر اک دم مرے دم کی

کرے بخشش نہ کیونکر حق تعالے مجھسے مجرم کی
ہون گو مفلس مگر ہمت مین ہجان مین کیسے منعم کی

ترے باعث نظر کرتا ہی رحمت سے خدا ہم پر
ہی عزت بے ریا مخدوم سے ہر ایک خادم کی

کہین موت آے یارب ہجر کو جو وصل حضرت ہو
نہین معلوم کتنی عمر ہی اس سخت ظالم کی

شکنج قہر حق سے چور ہو گا ہر عدو تیرا
کہ شاہا چرخ کے آگے حقیقت کیا ہی رستم کی

ملی دولت مجھے انسے کہ ہین یہ وارث حضرت
کرون مین کفش برداری نہ کیون ایک عالم کی ۲

ہے مقدم کی کیونکر آرزو ہووے نہ جنت کو | کہ بادشاہ حرم ہین نے اپنے دل پہ لازم کی

نکالا کعبۂ اقدس سے اُسنے لات و عزّیٰ کو | حبیب حق نے قصر دین کی بنیاد قائم کی

ہمین اچھا ترا یا کوچۂ یثرب ذرا سچ کہ | قسم ہے تجکو رضوان خشیمہ کوثر کے قاسم کی

اگر حضرت نہ کرتے شرح قرآن کیا سمجھتے ہم | ہے وہ ملعون جو مانے نہ منت ایسے منعم کی

نہونگی انکھین مجھ عاصی کی ہرگز آگے مولا کے | کہ پشت پا پہ رہتی ہے نظر ہر ایک نادم کی

پھر اب بادشاہ ہے جو حضرت فاروق عادل کو | جہان اشرار سے پر ہو ضرورت ہے ہی ناظم کی

ہوا ہے زندہ عشق سرور عالم مین دل میرا
عنایت کی خدا نے مجکو بامنح عمر دائم کی

نہین اندیشے یان مطلق سقر کے | کہ ہم تو بردے ہین خیر البشر کے

کھڑے ہین ہم بھی مشتاق اک نظر کے | نقاب روے تابان کچھ تو سر کے

چراغان آب گوہر مین ہین روشن | نہین اشکون مین یہ ٹکڑے جگر کے

ہمارے سامنے ہے الفت شاہ | نہین محتاج رہ مین ہم خضر کے

کیا مجھ قطرے کو مانند دریا
تصدق کیون نہون خیر البشر کے

زبان پر کب ہین یہ اوصاف یثرب
نواے منھ مین ہین حلواے تر کے

حریصو کب دکھے بے عشق یثرب
کہ تم ہوے شجر خواہان ثمر کے

جو دیکھا ہی رخ شہ رنگ ہی فق
اڑے ہین ہوش کیا مہر سحر کے

جو حضرت آپ نے منھ ہم سے موڑا
بتا دیجے رہے ہم پھر کدھر کے

دکھا دیجے قدم ہانخ کو حضرت
کہ آیا ہی یہی امید کر کے

غلامی مین جو ہون خیر البشر کی
ملی ہی مجکو شاہی بحر و بر کی

جو دیکھی تاب میرے اشک تر کی
ہوئی آب آب آب گہر کی

مدینے کو چلونگا ہمرہ دل
سفر مین مجکو کیا حاجت خضر کی

ہدف ہو جاؤن تیر عشق شہ کا
یہی فریاد ہی ہر دم جگر کی

رہا کیا شاد مین دونون جہان مین
غم شہ مین جو عمر اپنی بسر کی

عنایت آپکی تھی تا ہو عرش پرواز
ہو مرغ دل کو حاجت شاہ پر کی

ہوا فیض قدم سے دین کامل
مٹا دی آپ نے بنیاد شر کی

صبا تو نے بہت سی خاک اڑائی
نہ کچھ محبوب کی مجکو خبر کی

جو کھولی آنکھ تو حضرت کو دیکھا
بلائیں کیوں نہ لے پتلی نظر کی

دکھایا آپ نے دیدار رب کو
نظر بھی اک نہ مجھ مسکین پر کی

رہے دائم در شاہ رسل پر
یہی پانخ ہوس ہے میرے سر کی

مے عرفان سے دل کا جام بھر دے
دو عالم سے مجھے بیہوش کر دے

سوا اسکے نہیں کچھ اور خواہش
الٰہی الفت خیر البشر دے

کہا کیا اے صبا مولا نے تجکو
خدا کے واسطے کچھ تو خبر دے

چلوں تا رکے بل سوے مدینہ
خدایا مجکو توفیق سفر دے

کروں تا گلستان قدس کی سیر
تو اے محبوب مرغ جان کو پر دے

ہو جاؤن سرخرو درگاہ شہ مین — وضو کے واسطے خون ای جگر دے

گلے مین ہار دُرڈالے تو ای چشم — گہر اک پارۂ لعل جگر دے

خیال زلف شہ جائے نہ دل سے — خدا سودا یہی بخشے جو سر دے

درحضرت گلے مین ڈالے زنجیر — عصار روضہ بھی طوق کمر دے

نہ دون قطرہ مئ عشق نبیؐ کا — عوض مین آب حیوان گر خضرؑ دے

ہو یارب داغ عشق شاہ دل پر — یہی اس نخل سے مجکو ثمر دے

گدائی سے محمدؐ کی نہ بدلون — خزانہ کوئی دنیا کا اگر دے

غم حُضرت سے ہر دم دل ہی سائل — جو کوئی درد ہو تو لا ادھر دے

مرے محبوبؐ بہر قبہ پانچ
مدینے مین جگہ اک ہاتھ بھر دے

دلا سفر کا ابھی اہتمام ہوجائے — کہ جلد میرا مدینہ مقام ہوجائے

بلایا آپ نے سب کو تو ہو ادھر بھی کرم — کہ زائر آپ کا یہ بھی غلام ہوجائے

سخن نہ لب پہ ہو یارب سوائے نام نبی | وظیفہ یہ مرے دل کا مدام ہو جائے
ہے ایسا ظلمت ہجر نبی سے خانہ سیاہ | کہ یان جو صبح بھی آئے تو شام ہو جائے
بہت ہے کبک دری اپنی چال پر نازان | چمن مین یا شہ عالم خرام ہو جائے
کیا نہین می الفت نے مست ابھی شاہا | دوبارہ پھر ادھر اک دور جام ہو جائے
یہ خاصہ در شہ کا نہین ہو خاص طلب | کہ روز حکم ہے یان عرض عام ہو جائے
خدا کے واسطے اے شوق جلد پہونچا دے | کہ میر ابھی در شہ پر سلام ہو جائے
وہ مشک نعت سے خوشبو ہمارا ہے دیوان | جو کھولے اسکو معطر مشام ہو جائے
ہے نار عشق سے بازار گرم یثرب مین | کہو کہ پختہ یہان آکے خام ہو جائے
یہ منکرون کی ترقی ہو صورت فرعون | الٰہی جلد ابھی انتقام ہو جائے
کہ جلکے یا شہا کونین شمع گل ہو گل | چمن مین آکے ذرا ابتسام ہو جائے
یہ روسیاہ بھی اب نعت کر کے ہے راجی | قبول اسکا بھی کوئی کلام ہو جائے
کرم جناب کرین مین مراد کو پہونچون | اشارہ آپ کا ہو میرا کام ہو جائے

جناب شیر خدا کو حضور یہان بھیجین
جہان خراب ہی پھر انتظام ہو جا ے

شمار میرا ہو محشر مین نعت خوانون مین
رقم جناب کے دفتر مین نام ہو جا ے

تمھارے سامنے لیلی نبے ابھی مجنون
یہ حسن دیکھے جو یوسف غلام ہو جا ے

ہی آنکھون مین دم پانخ الم سے پامر ور
دکھا دو جلوہ کہ قصہ تمام ہو جا ے

مجھے ہو عشق ختم المرسلین سے
یہی ہی عرض رب العالمین سے

نہو در و نبی تو دل ہی بیکار
مکان کی دیکھو زینت ہی مکین سے

کسی صورت مثالِ صورتِ شاہ
بنی صورت نہ صورت آفرین سے

ہی سنگ آستان شاہ خورشید
مشابہ پھر ہو کیا ماہ مبین سے

مشام جان معطر ہی ازل سے
ہی الفت شہ کی زلف عنبرین سے

نعم حضرت کے قربان دونون عالم
صدا آتی ہی یہ جان حزین سے

نہین ہم ہند مین یثرب سے آ ے
زمین پر گر پڑے عرش برین سے

عنایت کیجے درد عشق حضرت
نہین مطلب مجھے دنیا و دین سے

وہ پروانہ ہی اور یہ مہر بخشش
شفاعت ہی عیان داغ جبین سے

جو حکم مصطفےٰ ہی حکم رب ہی
کہ حسن دین ہی شرع متین سے

ادب خادم ہی بزم مصطفےٰ کا
حیا نادم نگاہ شرمگین سے

مرونگا مین وہان ہی جا کے پانچ
مری مٹی ہی یثرب کی زمین سے

جب رحمت ہو تو پھر ہول قیامت کیسی
دیکھو تو ہم پہ ہی حضرت کی عنایت کیسی

غم دارین نہین شاہ رسل کے باعث
صدقے اللہ کے بخشی مجھی فرحت کیسی

واعظو کوے نبی کافی ہی ہم کیا جانین
نہر تسنیم ہی کیا ہوتی ہی جنت کیسی

دیکھکر قافلے جاتے ہوے یثرب کی طرف
کیا کہون مین کہ مجھے ہوتی ہی حسرت کیسی

منکر آئین نہ رہ رحمت پہ تو حیرت ہی
کی ہی درخشہ عالم نے ہدایت کیسی

ہی ہمارے ہی لیے امت مرحومہ خطاب
مہر حق ہم پہ ہی حضرت کی بدولت کیسی

وصل ہی ہمکو خیال در حضرت سے مدام
ہم سمجھتے ہی نہین ہوتی ہی فرقت کیسی

مرگیا ہون جو تمنائے جمال شہ مین
ہی بیابان مین مری قبر پہ حسرت کیسی

ہی طبیبو وہ تپ عشق نبی ہوش اُڑین
نبض میری ابھی تو دیکھو کہ ہی سرعت کیسی

بعد مردن بھی ہی داغِ غم حضرت دل مین
شمع روشن ہی مری قبر مین ظلمت کیسی

شاد حاجی جو نظر آئے تو محرومون کو
کچھ نہ پوچھو کہ ہوئی رشک سے رقت کیسی

وہ سعادت سفرِ بلدۂ شہ ہی عشاق
جان تک اپنی فدا کرتے ہین دولت کیسی

آپ کے لطف سے راحت ہی دو عالم مین ہمین
غم ہی ہمنے نہین دیکھا تو مصیبت کیسی

سایۂ بخشش حضرت ہی جب اپنے سر پر
مومنو پھر تپ خورشید قیامت کیسی

ڈر ہو گیا ہمکو گناہون سے کہ دیکھو پاسخ
ہی گنہگارون کو حضرت کی حمایت کیسی

خورشید آسمان ولایت حسین رضؓ ہی
بدر منیر برج رسالت حسین رضؓ ہی

زہرا کا لخت دل ہی علی کا ہی نور عین
قلب نبی کا مایۂ عشرت حسین ہی

اپنے کرم سے حشر مین بخشائیگا ہمین — ابر عطا و بحر کرامت حسین ہی
لشکر مین اُسکے کیون نہ علم گیر ہو ظفر — شیر زبان داد جرات حسین ہی

پانچ عذاب سے ہمین پھر ہووے کیا خطر
محشر مین جبکہ شافع امت حسین ہی

نہیں آنکھون مین کم ابرو شبیر پھرتی ہی — مری گردن پہ گویا ایک یہ شمشیر پھرتی ہی
غم شہ مین چو وحشی ہی کہ ہی چرخ گردان مین — یہ دیکھو کہکشان ڈالے ہوئے زنجیر پھرتی ہی
چلی تلوار شہ اُسپے یہ یمان ہی کہ گردون پر — مہ نو یہ محرم کا نہین شمشیر پھرتی ہی
کیا ہی گلستان علی اس رنج و ماتم سے — چمن مین قمری نالہ کنان دلگیر پھرتی ہی

غم شہ مین مضامین کیون نہ اعلی ہم کہین پانچ
کہ فکرت عرش پہ اپنی دم تحریر پھرتی ہی

ظاہر مین یہان پہلے وہ آیا تو نہین ہی — باطن مین پر آگے کوئی پیدا تو نہین ہی
محبوس مرا دل نہوا زلف نبی مین — اس حلق مین یہ گل ابھی لٹکا تو نہین ہی

ہرگز درِ حضرت سے نہ فردوس کو جاؤن
اس سمت چلون کچھ مجھے سودا تو نہین ہی

یہ جاؤنگا اتنا نہ رُلا ہجرِ نبی مین
ای عشق یہ آنسو ہین پسینا تو نہین ہی

ہین قافلے یثرب کو رواں پہونچیگا تو بھی
ای دل تو ہی اس راہ مین تنہا تو نہین ہی

خاکِ درِ حضرت نہوئی جبکو میسر
اس گنج سے زر ہاتھ ابھی آیا تو نہین ہی

ہو جان تصدق ہے گر داخلِ درگاہ
گو جسم درِ شاہ پہ پہونچا تو نہین ہی

نارِ غمِ شہ سے نہ پڑے آبلے دل پہ
اس چرخ پہ یہ عقدِ ثریا تو نہین ہی

دشوار ہی چلنا رہِ عشقِ نبوی مین
کیون آیا ادھر بوالہوس اندھا تو نہین ہی

دم دیتا ہی ہی خنجرِ ابروے نبی پر
یہ زخم جگر نے کوئی کھایا تو نہین ہی

کیون شرم سے خورشید گہن مین ہی نبی نے
پردہ کہین چہرے سے اٹھایا تو نہین ہی

حق ہی کہ رسولون مین ہوے شاہ رسل خاص
محبوب مقرب کوئی ایسا تو نہین ہی

ہے قد پہ جسم مین نہین داغِ غمِ شاہ
اس شاخ مین یہ گل ابھی پھولا تو نہین ہی

کیونکر نہ پھنسے طائرِ دل زلفِ نبی مین
اس خم ہی کا نگلین کوئی پھندا تو نہین ہی

سب جا مین مدینے کو فقط مین ہون محروم
اے عشق شکایت مری بیجا تو نہین ہے

مرنا الم شاہ رسل مین ہے سعادت
اس قلزم بیحد کا کنارا تو نہین ہے

نازان ہے چمک پر جو سہیل ایسا فلک نے
خال رخ شہ پر سے وارا تو نہین ہے

ہم عاصیون کو بعد خدا دونون جہان مین
جز ذات نبی اور سہارا تو نہین ہے

پانچ مرے حضرت بھی شفاعت مین ہین یکتا
گو خلق مین عاصی کوئی مجھسا تو نہین ہے

فیض قدم نے بخشی زمین کو بو معطر پھولون کی
آتی ہے خوشبو تیرے کی کوچون سے اسپر پھولون کی

زیر لب محبوب الٰہی کب ہین پسینے کے قطرے
حسن نے چادر خوب بچھائی ہے اوپر کوثر پھولون کی

ہو کے نثار روضہ شہ کرتی ہے معطر باغ جہان
گویا عروس باد سحر نے اوڑھی ہے معجر پھولون کی

وصف رخ حضرت سے ہوا ہے صفحہ کاغذ خرمن گل
صاف نگین آتی ہین نظر کب مین خط مسطر پھولون کی

جب تک گھر مین آنے نہ پائے تاب نہو جب انجم مین
پھر ذرے کے ذرون سے کیا شکلین ہون جوہر پھولون کی

ہو یہ دعا کہ مانند خم تیغ عشق نبی ہون نصیب
تا ہو بہار اک تازہ نمایان گلشن تن پر پھولون کی

بلبل دل کیونکر نہیں سمجھے تیغ نبی کو شاخ گل
ہر تو رخ سے صاف شباہت رکھتے ہین چمن پھولوں کی

فیضِ غمِ رخسار نبی نے کردیے آنسو حسرتِ گل
اشک نہین ہے ہر مو قطرہ مین دیکھو ہو جا در پھولوں کی

عشق عرق آلود رخ شہ سے گل داغ دل ہین کھلے
دیکھو رونق ہوتی ہے شبنم سے سر پر پھولوں کی

بیچ بھووں کے دونوں عارض ہین جیسی حضرت کے بازو
ہین قریب منبر کعبہ دھر ہان احمر پھولوں کی

کیا ہی معطر قد شہ کے باعث ہی یثرب کی ہوا
دیتی ہے جو ان طائر کی جنبش شہپر پھولوں کی

انکے گلے کے ہار گلِ زخمِ تیغِ اعدا ہون آہ
جنکو چھڑی بھی لگائی نہون کبھی مرسل اکبر پھولوں کی

قبر نبی پہ چڑھاتا ہی گلِ انجم بھر کے فلک تا شام
تو کری ہے اک رنگ شفق سے مہر منور پھولوں کی

مست کرونگا خلق خدا کو نعت سنا کر ای یاسنج
آئیگی خوشبو میرے سخن سے روز محشر پھولوں کی

گھٹا دم نہین دیدار شہ کی انتظاری ہی
کرون ای یاس کیا تدبیر مجکو بیقراری ہی

گلستان دل دلدادگان سیراب ہی اس سے
نہین یہ لطف عرق افشانِ شہ ابر بہاری ہی

کیا ہی وار ای جراح تیغ ابروی شہ نے
نہو گا التیام اسکو کہ دل پر زخم کاری ہی

رہوں میں یا نبی یاں اور در اقدس پہ غیر آئیں
مرا جاتا ہوں سننے پر یہ سنگ شک بھاری ہے

ہوا ہوں خاک کے پائے خادمان روضۂ اقدس
کہ مقبول در محبوب سبحان خاکساری ہے

تصور میں جو آکر ہٹ گئی تصویر حضرت کی
تپ غم سے بزنگ زعفران صورت ہماری ہے

بنجائے میں یا رب تیرے دل سے درد حضرت کی
کہ یہ ایذا تو اپنی جان سے بھی مجکو پیاری ہے

ہے تشنہ جو کوئی بد نصیبی سے تو ہو جائے
جہاں میں ورنہ دریا بخشش حضرت کا جاری ہے

چھپاتے کیوں نہ مجھ عاصی کو داماں شفاعت میں
کہ اپنے بردے کی مولا کو لازم پردہ داری ہے

نسیم آئی کبھی تیرہ کے جانب سے جو گلشن پہ
تو ہر بلبل نے شوق شاہ میں اک چیخ ماری ہے

نہ دیدار نبی نصیر حاصل ہے نہ تاب غم
خدا کا خوف بھی کچھ مجکو امیدواری ہے

ورنہ کا ہوں دیوانہ نہونگا مائل دنیا
کہ بیہوشی ادھر سے عین میری ہوشیاری ہے

کرم یا قمر مولا ہو اطاعت چاہیے ہر دم
کہ بردوں کا فقط مقصود تو خدمتگزاری ہے

نہ کیوں دوں دنی کو جان دوں شیح سے یا شیخ
کہ میری سرخروئی دو جہان میں جانثاری ہے

یارب دکھا قسم تجھے اپنے جلال کی
مدت سے آرزو ہی نبی کے جمال کی

شرمایا ایسا نور جبین رسول سے
پہونچی ہی گھٹ کے بدر کو نوبت ہلال کی

سرسبز ہی یہ آپ ہی کے فیض نعت سے
گلگشت کیجے میرے ریاض مقال کی

رحمت سے ہمکو آپ نے قرآن عطا کیا
تمیز ورنہ کیا تھی حرام و حلال کی

کافی یہ نکتہ ہی مری بخشش کے واسطے
الفت جو میرے دل کو ہی حضرت کے خال کی

پس جائے کبک ہوکے فدا زیر پائے پاک
دیکھے روش جو سرور عالم کی چال کی

شبنم نہین ہی عارض حضرت کو دیکھکر
ہر بوند گل پہ ہی عرق انفعال کی

آجاؤ مجھ حقیر کے بھی خواب مین کبھی
تدبیر ہی یہی مرے رفع ملال کی

منکر جو داغ شرک نہ دھوئے تو روسیاہ
جاری ہی نہر آپ کے بحر نوال کی

یہ رحم عاشقون پہ کہ رویا جو ہجر مین
آئی صدا در شہ دین سے منال کی

پھولا ہی گلستان سخن آب نعت سے
ہی بیخزان بہار ہمارے کمال کی

آیا فقیر جب در شہ پہ ہوا اسیر
نوبت نہ لب پر آئی زبان سے سوال کی

اک نام میں فیضِ عشق جناب رسول نے
ہی ساتھ میرے توشۂ وصف محمدی
مین ہو رہا ہون حسرت دیدار مین تمام

شاخِ شکستہ دل عاشق نہال کی
باقی اب اور فکر ہے کیا آل کی
لیجے خبر خدا کے لیے میرے حال کی

پاسخ تو جان عشق مین دے یاس تا کجا
تدبیر ہی تو یہ ہی نبی کے وصال کی

مرا دل تو شیدائے زار آپ کا ہی
وہی جانتا اقتدار آپ کا ہی
مصور نے تصویرین کیا کیا بنائین
ہو عکسِ کرم یا نبی کیون نہ سب پر
جسے چاہو داخل کرو یا نکالو
نہ نکلیگا دم نزع مین رخ دکھادو
نہین شک کہ حاجت روائے خلائق

مجھے دھیان لیل و نہار آپ کا ہی
کہ معراج پروردگار آپ کا ہی
یہ جتنا ہی نقش و نگار آپ کا ہی
کہ اخلاق خورشید وار آپ کا ہی
ہو مختار جنت دیار آپ کا ہی
کہ شاہا لسے انتظار آپ کا ہی
مدینے مین شاہا مزار آپ کا ہی

ہی ہر نگاہ پر یا نبی حسن دلکش | کہ یہ جلوۂ نور و نار آپ کا ہی
خدا کے لیے مارئیے تیر مژگان | مرا آہو دل شکار آپ کا ہی
ہوے آپ ایسے خدا کے مقرب | نبی جو ہی خدمتگزار آپ کا ہی
رہینگے گل داغ دل تازہ شاہا | کہ بخشا ہوا یہ تو ہار آپ کا ہی
مرا دل کرین آپ پامال مرکب | کہ یہ مال یا شہسوار آپ کا ہی
چٹکتے نہین ہین گلستان مین غنچے | یہ ذکر اے نبی بار بار آپ کا ہی
دعاؤ شفاعت ہو مقبول سبحان | یہان اور وہان اختیار آپ کا ہی

خبر لیجیے یا سخی بے خبر کی
کہ یہ عاشق غمگسار آپ کا ہی

احمد سا کوئی اور پیمبر تو نہین ہی | کونین مین اس رتبہ کا سرور تو نہین ہی
کچھ شک نہین اسمین کہ نبی سارے ہین برحق | لیکن کوئی حضرت کے برابر تو نہین ہی
دل کہتا ہو ہی تیر و کمان بینی و لب کو | یا شاہ یہ لب غرب کوثر تو نہین ہی

وصف رخ شہ سے ہی ورق مہر درخشان — سورج کی کرن ہی خط مسطر تو نہین ہی

ایمان ہی پر جو ہوئے جسم سے رخصت — یہ طائر جان کے لیے شہپر تو نہین ہی

ہر لحظہ ہی ایثار زمین رحمت سبحان — ہی عرش برین روضۂ انور تو نہین ہی

خوان کرم و بخشش سلطان رسل کا — سرپوش ہی یہ گنبد اخضر تو نہین ہی

ہین قند کے ریزے گل تر پر یہ پسینا — رخسارۂ رنگین نبی پر تو نہین ہی

پر فرط تمنا سے سراسر مین جبین ہون — گو پہونچا در شہ پہ ابھی سر تو نہین ہی

ہوتا ہو شرمندہ جو دندان نبی سے — ایسا کوئی جنت مین ابھی گوہر تو نہین ہی

کیا ہجر نبی مین طپش دل سے ہو ہمسر — یہ برق ہی لیکن دل مضطر تو نہین ہی

ای ہجر نبی سنگ الم اسپہ نہ برسا — ہی شیشۂ دل سد سکندر تو نہین ہی

دروازۂ حضرت سے ملی دولت عقبے — دنیا مین کوئی مجھسا تونگر تو نہین ہی

نذر الم شاہ کیا روح روان نے — دل میرا مرے سینے کے اندر تو نہین ہی

گو غم سے ہون تنکا سا مگر بردہ شہ ہون — ایذا دے مجھے طاقت صرصر تو نہین ہی

ہین قطرے پسینے کے جو ابروے نبی پر — ہی شاخ سمن دیکھ لو خنجر تو نہین ہی
عشاق چڑھائین گل دل ورگہ شہ پر — خوبان لئے کوئی پھولون کی چادر تو نہین ہی

در پرنہ دکھامین تو کہا شہ نے کرم سے
پاسخ ہی کہان دیکھو گیا مر تو نہین ہی

مرغ دل پھڑکے ہی سیر باغ یثرب کے لیے — جان مضطر ہی حبیب حضرت رب کے لیے
چرخ اطلس ہو گیا سر سبز ہو کر پایمال — نعل فیروزہ جو تھی حضرت کے مرکب کے لیے
دل نے پوچھا عرش سے درجے یہ کیون پائے کہا — مین نے یہ رتبے تھے پائے نبیٔ رب کے لیے
دوش پر شہ نے بٹھایا شبرؓ و شبیرؓ کو — حق ہی وہ دونون تھے لایق ایسے منصب کے لیے
ہی نہین حب نبی جسکو تو وہ مومن نہین — الفت شاہ رسل واجب ہی سب کے لیے
غوث اعظم سے ملا تب گنج عشق احمدی — تم نے سر پر جب قدم ایسے مقرب کے لیے
کیون نہ سر کے بھاگتے حکم خدا سے قدسیان — آتے تھے بہر درود حضرت کے موکب کے لیے
فضل حق سے آپ ہین کونین مین فریادرس — ورنہ ہی کون آشنا سب اپنے مطلب کے لیے

کہ

جب زبان پر آئے اوصاف شاہ رسل

خلق نے تعلیم پائی علم دین کی آپ سے

حق نے فرمایا پئے معراج حضرت کو طلب

ہر نبی کو درجہ قربت دیا اللہ نے

خدمت خدام حضرت کیون نہین ملتی مجھے

پیارے الفاظ نے بوسے مرے لب کے لیے

ین موؤب آپ ہی آداب مکتب کے لیے

سلیے تہ بہ فرمان ہر روز و شب کے لیے

بہ قوسین بخشا تھا جو اقرب کے لیے

لم اول سے سعد تھا قسمت کوکب کے لیے

دیکھکر مین کیون نہون پانچ پے تسلیم خم

کالبد میرا بنا تعظیم تیر بے کے لیے



تتمہ دیوان توشہ آخرت

ترجیع بند

ای زینت کون و فخر آدم ‏ ‏ ‏ ای اکرم و افخم و معظم
حامی انام مہر اسلام ‏ ‏ ‏ جان برکات نور عالم
حسن حسنات زیب رحمت ‏ ‏ ‏ جان برکات نور عالم
شاہنشہ کشور نبوت ‏ ‏ ‏ دارا در بان و عرش طارم
ای قلزم بخشش فراوان ‏ ‏ ‏ ای سرور دین رسول اعظم
محتاج ہین تیرے بعد خالق ‏ ‏ ‏ در پر تیرے سب کی گردنین خم
ہوتا ہی جو تیرا حکم صادر ‏ ‏ ‏ کرتی ہی وہی قضاے مبرم
خاک نعلین پاے رنگین ‏ ‏ ‏ عشاق کے زخم دل کا مرہم
ہر لحظہ یہی ہی شوق گویا ‏ ‏ ‏ جاری ہی لب جان سے یہ ہر دم

گر بر سر و چشم من نشینی ‏ ‏ ‏ نازت بکشم کہ نازنینی

پیش کف دست شہ مقابل — آئینہ ہو گیا ہی اُسکی صورت

وہ سرخ و سفید جسم اطہر — جسپر ہی فریفتہ نزاکت

کب نور فلق مین وہ سپیدی — سرخی مین شفق کی وہ نہ رنگت

وہ ساق کہ شمع بھی ہو گویا — پروانہ بنون یہی ہی حسرت

پیراہن پاک وہ معطر — جس سے خوشبو مشام الفت

عمامے نے قدر ماہ کھوئی — ہالے مین نہ چٹکے کی شباہت

غارتگرِ صبر و ہوش گفتار — رفتار ہی آفت قیامت

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

اک رات کہ دن سے بھی تھی انور — تھے خواب مین حضرت پیمبر

وہ شب نہ تھا جسمین نام ظلمت — وہ شب کہ نثار روز جسپر

وہ شب کہ عروس عیش کہیے — وہ شب کہ تھی نور ہی سراسر

وہ نور کہ جس سے ماہ روشن — وہ عیش کہ چرخ چرخ کھا کر
گشتی مین یہ تھا کہکشان کے — انجم سے برائے نذر گوہر
آکر کہا جبرئیلؑ نے یون — آنکھین کف پائے شہ سے ملکر
معراج کی شب ہے آج کی شب — بیدار ہو یا شفیع محشر
حکم طلب خدا سنا جب — عازم ہوئے وہ حبیبؐ داور
محبوب کا جلوہ جب کہ دیکھا — غل تھا یہ فرشتون کی زبان پر

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

راکب جو ہوا خدا کا پیارا — فرمایا براق کو اشارا
کیسا وہ براق برق رفتار — کیسا وہ براق حسن آرا
کیسا وہ براق حسرت حور — کیسا وہ براق ماہ پارا
کیسا وہ براق شوخ دیدہ — آہو بھی ہے سامنے چکارا

وہ اُسکا جمال عالم آرا — جسکا نہین دو جہان مین ہمتا

رخسار ہو مہر چرخ بخشش — ہو سامنے جسکے مہر تارا

پیش خال عذار رنگین — تارا ہو سیاہ نکتہ آسا

اُس گیسوِ عنبرین کے آگے — سنبل نے ہزار پیچ کھایا

کیا شوخ ہو دیدۂ خدا بین — جس سے رم آہو آشکارا

وہ معجزۂ لب مبارک — کیا تاب جو مارے دم مسیحا

شیرین سخنی کو اُسکی سنکر — کوثر کے بھی منہ مین آب آیا

وہ شعلۂ نور بینی پاک — ہو برق بھی جسکا اک شرارا

اُس جان جہان کو جسنے دیکھا — بے ساختہ یہ زبان پہ آیا

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

وہ حسن جبین ہو نور ایمان — ہو دیکھکے جسکو بدر حیران

یوسف سے ہزارون غرق حسین	کتنا ہو حسین چہ زنخدان
شمشیر پہ اُس سے حرف آیا	ابرو کے قتیل ہین حسینان
ہے آب حیا مین غرق گوہر	کیا تاب جو چھلکے پیش مژگان
ابرو نے اُتارا چلۂ قوس	پر تیر نے ڈالے پیش مژگان
گر دیکھ لے زور بازو دست	رستم بھی ہو مثل بید لرزان
قرآن ہے سینۂ مقدس	وہ گوش ہین کان راز یزدان
ہے اُسکی نگہ کہ برق رحمت	ہے ریش کہ ابر لطف رحمان
نعلین ہے وہ کہ آنکھین صدقے	وہ پانون کہ جسپہ جان قربان

اگر بر سر دچشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

وہ جوش صفاے روے حضرت	ہے مہر تو ذرہ اُس سے نسبت
پروانہ خط عُذار اور تل	مُہر پروانۂ شفاعت

کیسا وہ براق راحت دل — تعریف کا جسکی کس کو یارا
بھر نظر آسمان نے دیکھا — ہر تارے کو جس پہ سے اُتارا
وہ تیز کہ گرد تک نہ پہونچے — کہ دے فرس صبا کہ ہارا
کعبے گیا بادشاہ عالم — اس قصبے کی طرف کو پھر سدھارا
آیا جو نظر حبیب خالق — تھا شوق سے ہر نبی یہ گویا

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

وہ معرفت خدا کا معدن — راز خفی و جلی کا مخزن
واں سے گیا آسمان کی جانب — دم بھر میں مثال برق روشن
استادہ ملک تھے دست بستہ — تا دیکھیں اُس حسین کا جوبن
آیا جو نظر وہ رشک یوسف — وہ اُسکا جمال اور وہ چتون
بوسہ لیا پاے نازنین کا — ہر اک نے جھکا کے اپنی گردن

دوزخ ہوئی عکس پاے جنت — سیراب ہوا ارم کا گلشن

حوروں نے جو دیکھا رُے انور — کہتی تھی ہر اک پکڑ کے دامن

حسن دوسرا ہی تیری دولت — ہی دونون جہان مین توہی احسن

تو راحت جان عاشقان ہی — ای جان جہان حبیب ذوالمن

گر بر سر و چشم من نشینی

نازت بکشم کہ نازنینی

وہ شوخی حُسنِ جاودانی — جسکا نہین دوجہان مین ثانی

وہ فاتحِ باب گنج عرفان — وہ قاسم نعمت معانی

وہ رونق گلستان امکان — وہ زینت بزم زندگانی

وہ واقف اینما تُوَلُّوا — وہ شارح متن من رآنی

وہ بحر سیادت و شرافت — وہ گوہر کان لامکانی

وہ تابش رخ کہ شرم سے ہی — آئینے کی آب پانی پانی

وہ دافع شرک و کفر و الحاد — وہ کعبۂ دین کا مبانی
جب عرش پہ پہونچا عرش حق نے — کی عرض یہ بعد مدح خوانی
نعلین کے بوسے کی تھی امید — بر آئی مری مراد جانی

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

وہ برجِ شرف کا بدر کامل — جسکا نہیں مہر بھی مقابل
وہ غازہ عارضِ سخاوت — وہ گلشن احسن خصائل
وہ عالمِ مصحفِ لدنی — وہ جملہ فضیلتوں کا فاضل
حسن اسکا ہے نام بارک اللہ — جسپر ہے خدائے پاک مائل
قرآن ہے عارضِ منوّر — زلفوں نے کیا جسے حمائل
وہ بلبلِ باغِ کنت کنزاً — مطلوب خدا خلیق باذل
آگے ہوا عرش سے روانہ — جا کر ہوا خود خدا سے واصل

جتنے تھے حجاب اُٹھ گئے سب
پردہ ہی رہا نہ کوئی حائل

اللہ رے حسن مصطفائی
خود عشق بھی شوق سے ہو قائل

گر بر سر و چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

یا شاہ اگر تو راہبر ہی
کیا غم جو صراط کا سفر ہی

مجرم ہین اگرچہ ہم سراسر
امید کرم ہمین مگر ہی

تو جب کہ ہی دستگیر اپنا
پھر نار سقر سے کیا خطر ہی

کونین مین ہی پناہ تیری
تو بادشہ جن و بشر ہی

وہ تو ہی حسین کہ خلق ساری
اندوہ مین تیرے چشم تر ہی

شمشیر فراق سے ہی زخمی
یا شیخ جو ترا فقیر در ہی

ہر آہ کی وہ شرر فشانی
گھر میرا نہین ہی یہ سقر ہی

یا ختم رسل طبیب جانی
اِس زخم کا تو ہی چارہ گر ہی

ہر لحظہ ہے دل مین شوقِ دیدار
یہ وِردِ مری زبان پر ہے

گر بر سرِ چشم من نشینی
نازت بکشم کہ نازنینی

ای مجمعِ بخشش و سخاوت
ای منبعِ رحمت و کرامت

ای سرورِ ریاضِ حسن و خوبی
ای مخزنِ گوہرِ سیادت

ای نورِ درِ رحمتِ الٰہی
ای مصدرِ الفت و عنایت

ای مطلعِ آفتابِ احسان
ای خسروِ کشورِ شہامت

ای محرمِ رازِ حسنِ توحید
ای گوہرِ قلزمِ ولایت

ای بانیِ قصرِ فضل و دانش
ای سرورِ لشکرِ شجاعت

ای نزہتِ گلستانِ اعجاز
ای مردمِ دیدۂ شرافت

ای قلزمِ حلم و علمِ باطن
ای آبروی دُرِ بسالت

ذاتِ تو پناہِ بے پناہان
ہر کس بتو طالبِ حمایت

دریاب اگر تو درنیابی
برباد شوم درین خرابی

ای راحت قلب و جان رفاهی
وی مرجع هر فقیر و شاهی

مقصود توئی بهر دو عالم
محمود توئی بعز و جاهی

در کشور حسن عشق شاهی
ذات تو شهیست کج کلاهی

اندیشه کیست از خطاها
چون توبه ماست عذرخواهی

رویم نگر و بپرس حالم
چشم تو هم از غمت گواهی

بخرام به بزم عاشقانت
وز ناز کرم بکن نگاهی

هر چند غنی ز لطف حسنت
ای کاشش بود که گاه گاهی

دستم تهی و سفر درازست
رهبر نه و پر گزند راهی

چون سر ننهم بر آستانت
کین در دو جهان مرا پناهی

دریاب اگر تو درنیابی

برباد شوم درین خرابی

شیدا چه شوی بروی روشن	هم صبح نمود چاک دامن
آوازهٔ خویش بر فگندی	در کشش جهت ای حبیب ذوالمن
صد پاره جگر هم است گل را	تنها نه ز بلبلست شیون
و ز نیم نگه چه سحر کردی	دیوانه نمود چشم پرفن
از ناز چو آمدی بگلگشت	افتاد بپای سرو گلشن
خوش خنده زدیش چون ز سودا	گشتست سیاه رنگ سوسن
بزم رسل ای حبیب عالم	از باعث مقدمت مزین
تا کی کنم انضباط گریه	کس عشق نمیتوان نهفتن
در کنج مرا انیس کس نیست	در دغم فرقت تو و من

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم درین خرابی

ای مهر تو جان اولیا را	وی مُهر فخر تست انبیا را
مهر فلک ادب جبینیت	آبیست عرق در حیا را
لطف تو صفاست بهر ظلمت	ظلمت ز عتاب تو صفا را
غایت به رسل بدایت تو	غیرت نه رسید انتها را
هر شعر ز نعت تو نگاری	معنی است بشعر حسن آرا
در دستِ خود آر خاک یثرب	طماع مجوی کیمیا را
زآسیب عدو خطر نداریم	تا هست بدست حرز ما را
بر جوشش لطف خود نظر کن	ای شه منگر ز من خطا را
من سائلم از درت مرانم	محبوب خدای من خدا را

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم درین خرابی

در عشق تو بس نحیف و زارم	می گریم و نیست غمگسارم

طوفانی شدست کشتی جان — فریاد ز چشم سحر بارم
در پنجهٔ دست گرد دشمن — زنده بعقوبت فشارم
تاریکی گور و سختی و من — فریاد که من گناهگارم
چون گرز زند فرشته از طیش — از سر بدر آورد دمارم
هر عضو تنم که دوست امروز — فرداست عدوی من نه یارم
میزان و صراط و شاه عادل — وز فعل نکو نشان ندارم
هرچند مرا گناه بیحد — لیکن بکرم امید دارم
این چار ترا وزیر و شاهی — ارحم که غلام چار یارم

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم در این خرابی

در فقر عدو ببین حقیرم — از دولت عشق شه امیرم
این کهنه حصیر فرش دیبا — وین چوتره هست چون سریرم

این نان جوین است من و سلوی — وین خرقهٔ صوف چون حریرم

گر این طلبی بگنج عالم — اصلا ندهم گهی نه گیرم

حسان که ببرد گوی سبقت — از عرصهٔ نعت شاه گیرم

هم از کرمش نمک نعتش — او شاه گر است من وزیرم

چون آه نه برکشم نه گریم — کین آتش و آب در خمیرم

زین درد حیات من خراب است — ای کاش چه خوش بود چو میرم

ای ختم رسل حبیب یزدان — غیرت نکسیست دستگیرم

دریاب اگر تو درنیابی
برباد شوم درین خرابی

ای مظهر حق بهر دو عالم — کز دست خدا ترا کرم

ای جامع حلم و عقل کامل — ای فخر جهان رسول اکرم

ور طائفهٔ رسل چو شاهی — غیرت ز خدای نیست محرم

آن گنج سخا وتست ذاتت — پیش تو چو مفلس است حاتم
بود تو چو مبتدای آخر — در رتبه گمه همان مقدم
در کنج الم اسیر جانست — هر ماه مراست چون محرم
هر لحظه مراست حرص دنیا — هر وقت همین است رنج و ماتم
شربیست مرا ز خون حسرت — تا چند بنوشمش دمادم
حاصل نه از نیست غیر سودا — ای ارحم عاجزان ترحم

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم درین خرابی

از رخ بکش این نقاب تا کی — بر کوی زمن حجاب تا کی
سوز دل و آه و ناله تا چند — چشم ز غمت پر آب تا کی
تلخابهٔ اشک میدهندم — تا کی کشم این شراب تا کی
بیتابی من چو برق رخشان — بردارم این عذاب تا کی

از نالهٔ آتشین کنم سر — در شب تیر شهاب تا کی

گردم بجهان ز جوشش وحشت — حیران رسوا خراب تا کی

هجر تو و من اعوذ بالله — صبرم بر الم بیاب تا کی

نومید مهل مرا ز لطفت — بر من نظر عتاب تا کی

کن پاک ز رحم ظلمت دل — کین ابر بر آفتاب تا کی

دریاب اگر تو در نیابی

برباد شوم درین خرابی

تا چند ز چشم خون چکانم — بر چرخ فغان دل رسانم

تا کی ز غم رخ ملیحت — بر زخم جگر نمک فشانم

روشن بشود چو شعله شمع — حالم چو بیان کند زبانم

در خدمت تو عیان است ثناها — این آتش الفت نهانم

برخیز ز خواب چشم بگشا — ای بر قدمت فدای جانم

زان گونه فنای هستیم کن — مانند نه غنچه خنده افشانم
پژمرده شود دو روم چو در باغ — معکوس بصورت خزانم
این روی سیاه و بارگاهت — شرمم ز خود آید هم من آنم
اما چه توان نمود گاخر — ما من ز درت دگر نه انم

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم درین خرابی

ای مهر منیر چرخ امکان — وی بلبل باغ عشق سبحان
عمرم شده صرف در معاصی — از چشم نهانست نور ایمان
زین فکر شده ست زرد رویم — چون بید ز خوف جسم لرزان
از شعبدهای نفس سرکش — آئینه نمط نگاه حیران
دیویست قوی براو مسلط — تو به تو به پناه یزدان
طرفه بترش این که عصر آخر — هم صحبت جاهلان دوران

کافر باصول نام مسلم
نے درہ شرع و حاکم دین
این حالت و پاسخ سیہ رو

بر حکم خدا ز طعن خندان
گیرد چہ ظہور غیر عصیان
از بہر خدا جیب حمان

دریاب اگر تو در نیابی
برباد شوم درین خرابی

در مدح حضرت امیر المومنین مولانا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ

ترجیع بند اول

چو ذات اقدس او جلوہ گر شد
ز فضل حق امام خشک و تر شد

بہ گمراہان عالم راہبر شد
پس خیر الورا خیر البشر شد

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیق اکبر

انیس مصطفےٰ خورشید احسان
امیر مسلمین محبوب یزدان

حریص طاعت حق بدر عرفان
شفیق مشفقان مصباح ایمان

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیقؓ اکبر

حکیم و خسرو ابرار صدیقؓ
رحیم و معدن انوار صدیقؓ

حلیم و صاحب اسرار صدیق
نعیم و قاتل کفار صدیقؓ

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیقؓ اکبر

قسیم کوثر و جنت ابوؓ بکر
پے دین نبی عزت ابوؓ بکر

ضیائے دیدۂ عظمت ابوؓ بکر
امین و صاحب دولت ابوؓ بکر

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیقؓ اکبر

فعند الله له قدرا جلیلا
فیوصل منه انعاما جزیلا

نبی قال بابکر اخلیلا
بآن یهدیه سر اجبرئیلا

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیق اکبر

شفیع عاصیان مختار صدیقؓ
امام عارفان سردار صدیقؓ

کریم عاجزان دلدار صدیقؓ
امیر عاشقان دیدار صدیقؓ

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیقؓ اکبر

بعالم عروہ واثق ابوبکرؓ
پے دین آیۂ صادق ابوبکرؓ

کلام صدق را ناطق ابوبکرؓ
بر اصحاب نبی فایق ابوبکرؓ

اگر خواہی دلا قرب پیمبر
بگو ہر لحظہ یا صدیقؓ اکبر

ففی شان الجمیله قال غفار | بلطف ثانی اثنین اذهما فی الغار

وشاورهم فی الامر قول مختار | لمن خاف مقام ربه ستار

اگر خواهی دلا قرب پیمبر

بگو هر لحظه یا صدیق اکبر

جبین معنی صورت ابوبکر | نصیر عالم ملت ابوبکر

امیر کشور صولت ابوبکر | بشیر دولت خلت ابوبکر

اگر خواهی دلا قرب پیمبر

بگو هر لحظه یا صدیق اکبر

ولایش باد پاسخ حرز جانم | که حفظ خود را هر لحظه دانم

بود تا در دهان گویا زبانم | بماند مدح او ورد بیانم

اگر خواهی دلا قرب پیمبر

بگو هر لحظه یا صدیق اکبر

ثانی

در منقبت امیر المومنین حضرت مولانا عمرؓ فاروق عادل رضی اللہ تعالےٰ عنہ

حبیب مصطفےٰ ہو گنج راز حق ہو باذل ہو
سخی ہو رہنما ہو پیر ہو مرشد ہو کامل ہو

امیر خلق ہو دین نبیؐ کی جان ہو دل ہو
شہ ہر دوسرا ہو عالم اعلم ہو فاضل ہو

شفیع امت خیر الوریٰ حلّال مشکل ہو
کرو مشکل مری آساں کہ تم فاروقؓ عادل ہو

امیں ہو حکمراں ہو رحم فرمائے دو عالم ہو
وصی ہو شیخ ہو معروف ہو عارف ہو اکرم ہو

شفیع عاجزاں ہو بیکساں ہو ور ہو اعظم ہو
نعیم نعماں ہو معدن احسان ہو افخم ہو

شفیع امت خیر الوریٰ حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آساں کہ تم فاروق عادل ہو

ہو تم حازم ہو تم غالب ہو قاسم تم ہو تم یکتا
پے غزوہ تقبل مشرکین بہر نعم بوفا

ہو

ہو ناصر تم ہو تم مرہم ہو تم قاضی ہو تم اعلیٰ
ہے عالم زخم دل بجا جات جہان لسجنا

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آسان کہ تم فاروق عادل ہو

عمرؓ ہو اسم اقدس تم ہو عین اسم سے عادل
معین و جہان ہو میم سے ہو ماحی باطل
عقیل و عابد و غطریف و عارف عالم و عامل
رفیق امت حضرت ہو اے رہبر کامل

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آساں کہ تم فاروق عادل ہو

علی ما ورد فی صدرک بالفضل الوھاب
فقال لا احد فی شانک یا قاتل المرتاب
فینزل غسلہ من متاعا من وراء حجاب
حدیث ان کان بعدی مرسلا لعمر بن خطاب

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آساں کہ تم فاروق عادل ہو

بلا گم گشتگان وادی رنج و محن رہبر
برائے عاصیان امت حضرت کرم گستر

بزور باطن خود قاتل کفار و دین پرور | پئے اعدا ہی شمشیر و برائے دوستان یاور

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آسان کہ تم فاروق عادل ہو

کیا اسلام کو شائع شجاعت نام ہی اسکا | جہان کو کر لیا تسخیر نصرت نام ہی اسکا
جو درویشی مین شاہی کی ہی ہمت نام ہی اسکا | نہ راز حق کیا افشا طریقت نام ہی اسکا

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آسان کہ تم فاروق عادل ہو

رہے صدقِ شریعت پر اطاعت اِسکو کہتے ہین | نہ فرزند کو بھی دی عدالت اِسکو کہتے ہین
نہ آیا سامنے ابلیس ہیبت اسکو کہتے ہین | ہوئی تابع دو عالم بادشاہت اِسکو کہتے ہین

شفیع امت خیر الورا حلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آسان کہ تم فاروق عادل ہو

کرو اب دستگیری یا حبیب حضرت سبحان | کہ بردہ ہی تمہارا پا بسخ گشتہ و نالان

سر اسر ہو رہا ہے یہ اسی اندوہ میں حیران
کہ کہلائے تمہارا اور کرے اسپر ستم شیطان

شفیع امت خیر الوریٰ احلال مشکل ہو
کرو مشکل مری آسان کہ تم فاروق عادل ہو

ثالث

در شان امیر المومنین حضرت مولانا عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ

امین گنج احمد حضرت عثمان شہ شاہان
امیر المومنین برہان ملت جامع قرآن

کروں یا شاہ تم پر کیوں نہ اپنی جان میں قربان
کہ میں روز ازل سے ہوں تمہارا بندۂ احسان

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

تمہاری ذات ہے یار و معین و داور و ماہر
ادیب و حافظ و معطی شہید و جاہد و طاہر

محی شرع غرا و خبیر باطن و ظاہر
خلیق و مہربان و دستگیر و مشفق و باہر

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

شرافت میں وجاہت میں نجابت میں شجاعت میں
شریعت میں فضیلت میں حمایت میں طریقت میں
کرامت میں ریاضت میں ولایت میں بسالت میں
نہیں ثانی تمہارا دوسرا کوئی حقیقت میں

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

فقال المصطفی فی فضلک یا منہل الاحسان
بعین الجود تا للہ فانت صورت الانسان
لکل المرسل المحبوب لی فی الجنۃ العثمان
فما ربی جیبی حبک ان لنا الا ایمان

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

شہیر و اعبد و مطلوب و میں اسخی و امجد تم
ظہیر و جہان و ازہد و اتقی و اوحد تم
سعید و اسعد و مسعود و حسن و نور احمد تم
فقیر و خازنی و مستغنی و محبوب ایزد تم

ہوئی نعمت عطا سب کو مین خالی ہاتھ ہون حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمانؓ

گذاری عمر ساری حق تعالیٰ کی عبادت پر
رہے مصروف دل سے جان سے حضرت کی اطاعت پر
نہ جانی آپ کی عظمت شقی آئے شقاوت پر
ہین گریان جن و انسان آپ کی شاہانہ شہادت پر

ہوئی نعمت عطا سب کو مین خالی ہاتھ ہون حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمانؓ

رہیگا کوئی عاصی کیسے دوزخ کی عقوبت مین
کہ جب مصروف ہوین آپ سے سرور شفاعت مین
جہان کے آپ ہین فریاد رس ہر ایک ساعت مین
ہین غمخوار آپ اندوہ و غم و درد و مصیبت مین

ہوئی نعمت عطا سب کو مین خالی ہاتھ ہون حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمانؓ

تمہارا خلق تھا وہ دلربا سب تم پہ مرتے تھے
کرم ایسا کہ خاص و عام سر پاؤن پہ دھرتے تھے
وہ صولت تھی کہ شاہان زمین ہیبت سے ڈرتے تھے
ادب ایسا حیا وہ تھی ملائک شرم کرتے تھے

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

یہ فدوی آپ کا مہجور اور دلگیر پھرتا ہے
یہ بردہ آپ کا با نالہ شبگیر پھرتا ہے
یہ خادم آپ کا زار و حزین یا پیر پھرتا ہے
یہ پاسخ آپ کا در در پہ بے توقیر پھرتا ہے

ہوئی نعمت عطا سب کو میں خالی ہاتھ ہوں حیران
ادھر بھی کچھ خدا کے واسطے یا حضرت عثمان

رابع

در توصیف حضرات پنجتن پاک علیہ الف الف التحیۃ و السلام

فراغ گشتم وز آشوب ہر نیست حزن
کہ رخت این مہذب غیر اہل فتن
گذر فتادہ مرا از خرابہ چمن
کہ آورم گل رنگین در در دامن
ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من

محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

فقط نہ انپہ تھے شیدا ہی آدمؑ و حواؑ
کلیمؑ و یوشعؑ و یعقوبؑ و صالح اتقیٰ

مسیحؑ و نوحؑ و براہیمؑ و یونسؑ و یحییٰؑ
عزیرؑ و شیثؑ کی میثاق مین یہی تھی صدا

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

زہے جمال و زہے حسن و جلوۂ تابان
بچشم جان نگرستم زروے شوق نہان

چو ذرہ رو برو شمس یوسفؑ کنعان
شدست شمع تجلی بسینہ ام رخشان

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

جمال وہ ہی کہ خورشید کو ندامت ہی
نوال وہ ہی کہ ختم ان پہ ہی سخاوت ہی

جلال وہ ہی کہ جبرئیل کو بھی ہیبت ہی
کمال وہ ہی کہ اعجاز کو بھی حیرت ہی

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من

محمدؐ و علیؑ و فاطمہ حسینؑ و حسنؑ

جدا نمود ز معناے و درعنان آورد
قدم نمود ہرا از سر و دوان آورد

رہاند بے اثری وسو نشان آورد
کہ شوق ہین بکجا دا منم کشان آورد

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہ حسینؑ و حسنؑ

وہ صورتین ہین کہ صناع جن پہ ہے نازان
وہ حلم ہے کہ دو عالم ہے تابع فرمان

وہ سیرتین ہین کہ مداح جنکا ہے یزدان
ہے خلق ایسا کہ کرتے ہین جان سب قربان

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہ حسینؑ و حسنؑ

فحین یدفنني مخلصون فی المدفن
اقول خالق لی عالم الخفي و علن

وللجواب نکیرین یعجلان معن
وخص بي ملك قلت یسئلان ومن

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من

محمدؐ و علیؑ و فاطمہ حسینؑ و حسنؑ

تمام عشق مین انکے ہین و الہ و مضطر
بشیراً لجنۃ و حوران و جنت و کوثر

گئے جو از پئے معراج مرسل اکبر
ہر اک نبی یہی کہتا تھا وجد مین آکر

زحسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

چرا نگردد پروانہ سان بشمع زمن
کہ کائنات شد از نور پنجتن روشن

بوصف شان ہمگی تر زبان طیور چمن
بباغ می شنوم این ترانہ از سوسن

زحسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہ حسین و حسن

وہ عدل ہے کہ نہ تنکا ہو کوئی رنجور
ہے وہ کرم کہ مقابل مین جسکے قطرے بحور

وہ زور چاہین زمین کو اٹھالین صورت مور
شفاعت ایسی کہ مقہور کو کرین مغفور

زحسن جلوہ نمود و ربود دل از من

محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

نظر ز عشق چو بر جلوۂ خدا کردم
کشیدم آہے و جان حزین فدا کردم

نمودہ بودم ازل وعدۂ وفا کردم
کہ دل حوالت خاصان کبریا کردم

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

تمام عمر بسر ہو گی اُنکی الفت مین
کہ پانچ اُنکی محبت ہی میری طینت مین

انھین کا نام مرے لب پہ ہوگا تربت مین
اُٹھونگا قبر سے کہتا ہوا قیامت مین

ز حسن جلوہ نمود و ربود دل از من
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ حسینؑ و حسنؑ

خامس

در توصیف حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالے عنہ

تو ہی گنجینۂ راز حقیقت
حبیب حق ضوِ چشم رسالت

ہے تیری ذات خورشید ولایت
امام الاولیا کان سخاوت

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

تو ہی غوث صمد اور قطب ربی
ہے تجکو عارفون مین بادشاہی
نہین ہے اولیا مین تیرا ثانی
تو ہے لاریب معشوق الٰہی

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

جو رتبہ ہے رسولون مین نبیؐ کا
قدم ہے عارفون پر تیرا شاہا
وہی ہے اولیا مین رتبہ تیرا
کہ حضرت کو دیا ہے تونے کاندھا

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محیؒ الدین جیلان

تو بیشک رحمۃ للعالمین ہے
امام اصفیا مصباح دین ہے

توشاہ خلق وتاج عابدین ہی · محی الدین امیر المومنین ہی

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

ترے در کے مقابل عرش کیا ہی · ترا خود آستان وجد تسرا ہی
تو بیشک سب جہان کا رہنما ہی · مہ عرفان و فخر اولیا ہی

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

کیا ہی نفس امارہ نے حیران · نہین کچھ ہوتا مجھسے غیر عصیان
خبر لے ای پناہ بے پناہان · کرتا ہون دور یہ وسواس شیطان

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

مجھے تعلیم کر تو راہ شرعی · کہ ہی تو پیر پیران اور ہادی

بھری الفت ہی میرے دل مین تیری | کرم فرما ہی وقت دستگیری

نگاہم دار از آفات دوران
مددکن یا محی الدین جیلان

تو نور چشم محبوب خدا ہی | تو فرزند جناب مصطفٰے ہی
اگر تو خلق کا مشکل کشا ہی | تو میرے واسطے پھر دیر کیا ہی

نگاہم دار از آفات دوران
مددکن یا محی الدین جیلان

مراد دل تو ای مشکل کشا دے | ز لطف خویش کن بر من نگاہے
نہین عاشق کی چلتی اتنی بارے | تو ہی معشوق گر گذرے جو چاہے

نگاہم دار از آفات دوران
مددکن یا محی الدین جیلان

یہ میری عرض ہی ای دین کے رہبر | تو بہر مصطفٰے و حق دعا کر

فراخی رزق مین تا ہو میسر ‌‌ زیارت سے مشرف کربلا کر

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

برون او ہام سے ہی شان تیری ‌‌ مگس ہرگز نہ تیرے تن پہ بیٹھی
کیا ہی سایہ تجھپر ابر نے بھی ‌‌ ولایت فاسقون کو دم مین بخشی

نگاہم دار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

بحق احمدؐ و صدیق اکبرؓ ‌‌ بعثمانؓ و بفاروقؓ و حیدرؓ
سو محزون پا سنح اک نظر کر ‌‌ پڑا ہی تیرے دروازہ پہ آکر

نگاہم وار از آفات دوران
مدد کن یا محی الدین جیلان

سادس

در تعریف حضرت خواجہ علاؤ الدین علی احمد صابر چشتی کلیری قدس سرہٗ

ای شہ ملک بقا عرش آستان
محرم اسرار صوری و نہان

توہی شمشاد ریاض لامکان
رونق اسلام و شیخ عارفان

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاء الدین قطب الاولیا

گوہر اسلام کی تو کان ہی
شاہ عبادومہ عرفان ہی

عارفون مین تیری اعلیٰ شان ہی
تو ہمارا کعبۂ ایمان ہی

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاء الدین قطب الاولیا

شمس تیرے روبرو اک ذرہ ہی
بحر تیرے فیض کا اک قطرہ ہی

تیرا ہر اک چرخ پر جو شہرہ ہی — نغمہ سنج وصف مرغ سدرہ ہی

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

گردش گردون نے یہ صدمے دیے — غنچہ آسا تنگ ہی دل رنج سے
مجکو رحمت سے اگر تو دیکھ لے — ایک بھی سختی نہ مجھپر رہ سکے

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

جسپہ غصے سے پڑے تیری نگاہ — دم مین جلکر خاک ہو وہ مثل کاہ
پھر کرے جو لطف تو ای دین پناہ — زندگی پاکر ہو شیخ اہل جاہ

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

ہانسوی نے پھاڑا جو فرمان ترا — سلسلہ سب تو نے چاک اُسکا کیا

یعنی پھر اصلا زنوع اولیا — فیض سے آگکے نہین کوئی ہوا

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاء الدین قطب الاولیا

ای حبیب کبریا ای فخر دین — ای جناب شیر کے مسند نشین
تجھسے روشن ہند کی ہی سرزمین — تو ہی ہندستان مین شیخ العارفین

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاء الدین قطب الاولیا

وہ ترا مدفن ہی ای والا گہر — جسکا گنبد چرخ سے رفعت مین تر
عرش پر جسکا کلس ہی جلوہ گر — نور سے جسکے ہی شرمندہ سحر

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاء الدین قطب الاولیا

حسرت جنت ترا دربار ہی — گردش گردون سے بستہ کار ہی

یک نظر الطاف کی درکار ہے — آگے پھر تو مالک و مختار ہے

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

واسطے حضرت محی الدین کے — واسطے خواجہ معین الدین کے
واسطے سلطان قطب الدین کے — واسطے بابا فرید الدین کے

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

عرض کر مقبول یا سنخ کی شہا — یہ غلام ناخریدہ ہے ترا
دربدر تو اُسکو بس اب مت پھرا — یہ کہاں جائے ترے در کے سوا

مشکلے دارم مرا مشکل کشا
یا علاءالدین قطب الاولیا

سلسلبع در نعت شریف

محمدؐ حسن معنیٰ ہی محمدؐ صورت آرا ہی
محمدؐ راز مخفی ہی محمدؐ آشکارا ہی
محمدؐ کے قدم نے دونون عالم کو سنوارا ہی
دو عالم مین محمدؐ حامی و یاور ہمارا ہی

محمدؐ سرور عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمدؐ کا سہارا ہی

محمدؐ صادق و رہبر محمدؐ مشفق و دلبر
محمدؐ اشرف و اکبر محمدؐ مالک محشر
محمدؐ منعم و داور محمدؐ شاہد و سرور
محمدؐ اعلم و اشہر محمدؐ قاسم کوثر

محمدؐ سرور عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمدؐ کا سہارا ہی

محمدؐ نور سبحان ہی محمدؐ کان امکان ہی
محمدؐ نور ایمان ہی محمدؐ گنج پنہان ہی
محمدؐ مہر احسان ہی محمدؐ ماہ عرفان ہی
محمدؐ باعث جان ہی محمدؐ شاہ شاہان ہی

محمدؐ سرور عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی

ہر اک کو دین و دنیا میں محمدؐ کا سہارا ہی

محمدؐ قبلۂ عزت محمدؐ کعبۂ عظمت — محمدؐ مرکز دولت محمدؐ صاحب قدرت
محمدؐ معدن ہمت محمدؐ مخزن صولت — محمدؐ وارث نعمت محمدؐ مظہر رحمت

محمدؐ سرورِ عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا میں محمدؐ کا سہارا ہی

محمدؐ صوفی یکتا محمدؐ خسرو عقبیٰ — محمدؐ شاہد زیبا محمدؐ مالک دنیا
محمدؐ قلزم اسریٰ محمدؐ گوہر رضیٰ — محمدؐ مقصد طٰہٰ محمدؐ سر ما اوحیٰ

محمدؐ سرورِ عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا میں محمدؐ کا سہارا ہی

محمدؐ کامل اکمل محمدؐ فاضل افضل — محمدؐ عاقل اعقل محمدؐ قابل اقبل
محمدؐ شاغل اشغل محمدؐ باذل ابذل — محمدؐ واصل اوصل محمدؐ عادل اعدل

محمدؐ سرورِ عالم محمدؐ حق کا پیارا ہی

ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

محمد سر ربانی محمد کنز یزدانی — محمد حمد سبحانی محمد مقصد جانی
محمد شرح قرآنی محمد فیض رحمانی — محمد روح امکانی محمد فرد لاثانی

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

محمد ذکر دوران مین محمد عشق امکان مین — محمد رکن ارکان مین محمد نوح طوفان مین
محمد بیت فرقان مین محمد وصل ہجران مین — محمد نور ایقان مین محمد جان ایمان مین

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

محمد قاضی و اقضی محمد صافی و اصفی — محمد امی و اذکی محمد عالم و بینا
محمد ناصر و اتقی محمد ملجا و ماوی — محمد حافظ و دانا محمد والی و مولا

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی

ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

محمد زینت محفل محمد سرور منزل
محمد مرشد فاضل محمد ہادی کامل

محمد رہبر واصل محمد دافع باطل
محمد کاشف مشکل محمد واقف ہر دل

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

محمد خم ہی کاکل مین محمد تاب سنبل مین
محمد نالہ صلصل مین محمد خندہ ہر گل مین

محمد حکم حق قل مین محمد جزو مین کل مین
محمد نطق بلبل مین محمد رنگ ہر گل مین

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی
ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہی

ثنائے احمد زیبا ہی درد پاسخ شیدا
ہی اسم سید اعلیٰ وظیفہ جن و انسان کا

بہم حور و ملک ہر جا ہر اک پیغمبر والا
صفی آدم سے تا عیسیٰ یہی ہی شوق سے گویا

محمد سرور عالم محمد حق کا پیارا ہی

ہر اک کو دین و دنیا مین محمد کا سہارا ہے

ثامن

در شان خواجہ معین الدین چشتی رضی

ضیای چشم علی تم ہو قطب شرع مبین — معین دین نبی ہو شہ زمان و زمین
سخی شفیق حسن مہربان کریم امین — ہو دو جہان مین تم دستگیر ہر مسکین

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

ہو آپ طائفہ اولیا مین وہ اعظم — کہ سرمہ انکے لیے ہی تمہاری خاک قدم
بہار باغ جنان ہو سراج بزم کرم — مدد کرو مین سہون تا بکجا یہ جور و ستم

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

یقین ہی کہ نہین آپ کی نوال مین دیر — لگا رہا ہو فلک پر مرے کمال مین دیر

چھڑائیے مجھے کیجیے نہ اب جلال مین دیر ۔۔۔ پڑے جواب ہی کسو واسطے سوال مین دیر

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

سوائے پیر کوئی رہ بتا نہین سکتا ۔۔۔ جمال دلبر رعنا دکھا نہین سکتا
بٹھاؤ تم جسے کوئی اٹھا نہین سکتا ۔۔۔ جسے بڑھاؤ تو کوئی گھٹا نہین سکتا

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

تمھاری ذات ہی غواص قلزم عرفان ۔۔۔ قسیم نعمت دین کان بخشش و احسان
رحیم حال غریبان شریف کون و مکان ۔۔۔ مجھے بھی دیجیے اب کوئی گوہر تابان

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

سخی خدا نے کیا تمکو اور گدا مین ہون ۔۔۔ غنی خدا نے کیا تمکو بینوا مین ہون

تقی خدا نے کیا تمکو پر خطا مین ہون
صفی خدا نے کیا تمکو خاک پا مین ہون

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

ہجوم سستی و غفلت سے خواب مین مین ہون
ہی دام حرص بلا پیچ و تاب مین مین ہون
لہو ہی خشک خطر سے عتاب مین مین ہون
ستا رہا ہی یہ موذی عذاب مین مین ہون

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

ادائے ذکر سے مقبول کبریا ہو تم
عطائے عشق سے محبوب مصطفےٰ ہو تم
صفائے قلب سے سلطان اصفیا ہو تم
ولائے حق سے شہنشاہ اولیا ہو تم

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

امیدوار ہون انعام حق کے پانے کا
تمہارے در پہ یہی تو سبب ہی آنے کا

امید ہی کہ نہین نا امید جانے کا
کہ ہون فقیر تمہارے ہی آستانے کا

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

سیاہکار ہون مین اور یا سعید ہون مین
تمہارے سلسلہ پاک کا مرید ہون مین
غرض اسیر بلاے غم شدید ہون مین
کرم سے پاک کرو مجکو جو پلید ہون مین

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

نہین ہی شک کہ قوی تم ہو اور ضعیف تو مین
لطیف ازل سے ہو تم جرم سے کثیف تو مین
ہو دین پاک کے تم پہلوان نحیف تو مین
کرو گے لطف جو ہو جاونگا شریف تو مین

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

مہاجرت مرض جانگزا ہے یا شیخ ہی
جمال آپ کا شاہا دوا ہے یا شیخ ہی

عیان ہی آپ جو مدعاے پاسخ ہی — کہ ہر دم آپ سے یہ التجاے پاسخ ہی

فغان فغان ستم نفس سے ہون مین غمگین
کرم ادھر بھی ہو یا خواجہ معین الدین

رباعیات

رباعی

اللہ کی مہربانی مجھپر ہو گی — رسوائی نہ میری روز محشر ہو گی
عاصی تو ہون پر ہون بردہ شاہ رسل — بخشش مری شک نہین مقرر ہو گی

رباعی

یا ختم رسل ہو تم دو عالم کے امیر — محتاج تمہارے در کے ہین شاہ وزیر
تم ادھر بھی دیجیے صدقہ اپنا — ہی کب سے کھڑا یہ ہاتھ پھیلاے فقیر

رباعی

احمد سا کوئی خدا کا پیارا کب ہی — یہ اور مین حسن عالم آرا کب ہی

اللہ کے بعد غیر سلطان رسل — ہم عاصیون کو بھلا سہارا کب ہی

رباعی

محبوب خدا رسول اکرم برحق — بیشک ہوئی اُنسے دوجہان کو رونق
مہمان ہی خلقت خدائے عالم — نعمت کے یہ خوان مین نہین چودہ طبق

رباعی

ظاہر کو ہی خوب ظاہر اُسکی شوکت — معلوم علیم کو ہی اُسکی عظمت
مخلوق سے کیا ہو وصف سلطان رُسل — حمد محمود حق کرنے کیا طاقت

رباعی

معراج کو جب گئے ہمارے حضرت — بخشائے خدا سے عاصیان امت
زیبا ہی خطاب رحمت عالم کا — یہ اور پیمبرون مین کب تھی قدرت

رباعی

دل اپنا غم نبیؐ کو مین نے سونپا — غم نے مجھے تحفۂ معرفت کا بخشا

اس عشق نبی کے کیون نہ صدقے جاؤن ۔ درہم کے عوض خزانہ مین نے پایا

رباعی

ہون بیکس و عاجز و غریب و مضطر ۔ مظلوم و حزین و مفلس و بے یاور
یا مرشد مرسلان و شاہ دوسرا ۔ اللہ کے واسطے مری لیجے خبر

رباعی

دایم رہون عشق مصطفےٰ مین غمناک ۔ جوش وحشت سے جیب و دامان رہین چاک
ہر لحظہ ہو انتظار دیدار نبیؐ ۔ اللہ کرے مجکو اس تمنا مین ہلاک

رباعی

فرقت مین حضور کی ہون جیسا مغموم ۔ مخفی نہین سرکار کو سب ہی معلوم
حیرت ہی کہ کسلیے بلانے مین ہی دیر ۔ سرکار کا کہلاکے رہون یون محروم

رباعی

طیبہ کو کہین آہی جانا ہووے ۔ تا کوے نبیؐ مرا ٹھکانا ہووے

گر شومی بخت ہووے مانع یارب	دم جسم کو چھوڑ کر روانہ ہووے

رباعی

ہے توشۂ آخرت خزینا میرا	ہے کام شراب شوق پینا میرا
ڈوبونگا نہ بحر معصیت مین پانچ	ہے الفت مصطفے سفینا میرا

رباعی

تن فیض ہوا سے آبگینا ہوتا	اور دیدۂ کور قلب بینا ہوتا
ہوتا غم و رنج میرا شادی سے بدل	جانا جو مرا سوے مدینا ہوتا

تاریخ ریختہ قلم بلاغت رقم شاعر شیوا زبان مولوی علاء الدین صاحب بسمل بہار پوری ملازم سرکار بھوپال

گفتن شعر دستان نعت	ہست معراج آسمان نعت
یافت دیوان حضرت پانچ	حسن ترتیب در بیان نعت
بہ بیاض صفائحش روشن	شب قدر است در جہان نعت

از انواع سیر تازی و پارس
همه دیوان جلوۂ طور است
بارک اللہ بر این کلام جمیل

خوش شگفتست بوستان نعت
زانکہ باشد رفیع شان نعت
حبذا لطف دلستان نعت

گفت بسمل زسال ہجری او
چمن طیب بیخزان نعت
۱۳۰۴ ہجری

ایضاً

چو رفتم بر سر چرخ چہارم
مرا روح القدس تمکین نمودہ

کہ سال عیسوی ہم با یدم جست
عیون نعت خیر المرسلین گفت
۱۸۸۷ء

چکیدۂ کلک منشی کامل سخنور شیرین بیان عبد الغفور صاحب صوفی جلال آبادی

حضرت بانیخ نے لکھا وہ کلام
جسکا ہر ہر حرف مصری کی ڈلی

نعت احمد مین ہی جسکا انصرام
بزم مین ہو جاوے خرما انقسام

گر زلیخائی کرے حسن قبول
یوسف مصری بھی ہو اُسکا غلام

سدرہ جبرئیل ہو منبر کی جا
اُسکے پڑھنے کے لیے ادنیٰ مقام

فکر کی مین نے جو صوفی دل مین یون
اسکی ہو تاریخ کا کچھ انصرام

خود بخود آئی ندا یون غیب سے
ہو گیا قدرت سے اُسکا انتظام

از سر حب محمدؐ لکھ بھی دے
دفتر نعت محمد اسکا نام
۱۳۰۴ ہجری

نبشتۂ شاعر شیرین مقال منشی الفت خان صاحب
الفت دکنی دفعدار مدرس مدرسۂ سرکاری

نگاشت پانخ عالی گھر جو دیوانے
پر از قصائدِ توصیف سیدِ والا

بگفت الفت بیدل خوشا سن تصنیف
ہوائے گلشن بغت نبی طرب افزا

نتیجۂ فکر آسمان پیما مورخ کامل ماہر علوم معقول و منقول
مولوی سید امجد حسینؒ صاحب امجد ایلچپوری دکنی

ست مین حضرت پانخ نے لکھا وہ دیوان
جسکا ہر شعر ہی اک سرو ریاض کونین

کیون نہ حضرت ہون فصیحان جہان مین افصح
لب پہ ہی صبح و مسا ذکر رسول حرمین

ایک جا شام و سحر وصف رخ و زلف سی ہے
ہی یہ اعجاز کہ ممکن نہین جمع ضدین

کیون نہ ہر شخص رکھے ورد زبان یہ اشعار
جنکے پڑھنے سے ملے میوۂ اجر دارین

امجد اب تم بھی سر الفت شاہ دین سے
اسکی تاریخ لکھو نعت نبی الثقلین
۱۳۰۴ ہجری

چکیدۂ کلکِ شاعر کامل مشہور زمن مفتی مولوی امیر احمد صاحب امیر لکھنوی مینائی بطور دعائیہ

جزائے خیر دے اللہ دونون کو دو عالم مین
کہی جس نے یہ نعت اور جس نے نعت شاہ دین چھاپی

امیر خستہ جان کو فکر تھی تاریخ کہنے کی
ندا ہاتف سے آئی مدح خیر المرسلین چھاپی
۱۳۰۴ھ

خاتمۃ الطبع

عاشقان ذکر محامد احمدی اور سامعان مناقب محمدی کو نوید مسرت افزا کہ

ان زمان فرحت اقتران مین شمع شبستان ایمان رونق بزم ایقان ۔ گل گلشن خلد برین

مجموعۂ صفات باعث ایجاد آسمان و زمین ۔ گلدستۂ ازہار جنت موسوم بہ توشۂ آخرت

مصنفہ شہسوار عرصۂ فصاحت فارس مضمار بلاغت سرشار بادۂ سرجوش سرمدی

پیر مصطبۂ عشق محمدی ۔ کلیم طور سخندانی عندلیب چمن خوش بیانی سخنور باکمال شاعر

سحبان مثال ۔ مطرح فیوض لم یزلی حضرت مولوی سید مظفر علی صاحب

المتخلص بہ پاسخ سہارنپوری رسالہ دار رسالۂ چہارم حیدرآباد کنٹنجنٹ مقام

چھاونی ریوان حسب فرمائش مصنف ممدوح مطبع منشی نولکشور

واقع لکھنو بماہ مارچ سنہ ۱۸۸۸ء مطابق ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۵ ہجری

حلیہ طبع سے آراستہ و پیراستہ ہوکر حمائل گلوے اہل اسلام ہوا